سرائیکی تحریک کیوں؟

فکرکار : مرید حسین راز جتوئی

سرائیکی تحریک
کیوں
چند اوراق
فکر کار
مرید حسین راز جتوئی خان پور کٹورہ

CamScanner

ساڈی جا

سرائیکستان۔ سندھ۔ بلوچستان

مُرید حسین خاں راز جتوئی

۵ مارچ ۹۳ء

سرائیکی تحریک

کیوں

چند اوراق

فکر کار | مُرید حسین راز جتوئی خان پور کٹورہ

کوائف کتاب

نام کتاب ——— سرائیکی تحریک کیوں؟

فکرکار ——— مُرید حُسین رازؔ جتوئی

صفحات ——— دو سو چالیس

تاریخ طباعت ——— ۱۵ جولائی سنہ ۱۹۹۳ء

تعداد پہلی بار ——— تین سو صرف

ناشر ——— جتوئی پبلشرز چوک سرائیکی خانپور کٹورہ

ترتیب ——— طارق دھریجہ

طباعت ——— دھریجہ پرنٹرز خانپور

ملنے کا پتہ ——— مُرید حسین راز جتوئی، چوک سرائیکی خانپور کٹورہ

قیمت رعایتی ——— Rs. 100. دو سو پچاس روپے ڈاک خرچہ علاوہ

اصل لاگت (فی کتاب) چار سو روپے

قارئینِ کرام!

اس تاریخی دستاویز پر آپکا تبصرہ آپکی آئندہ نسلوں کیلئے بھی باعث فخر ہوگا۔

منتظر: رازؔ جتوئی

فہرست

اِنتساب

اس کتاب کو ان محروم و مقہور نوجوانوں کے نام کرتا ہوں جو اپنے چھینے ہوئے حقوق کی بازیابی کیلئے جد و جہد کر رہے ہیں۔

اور میں ان کے شعور، احساس اور خلوص کو سلام بھی پیش کرتا ہوں۔

راز جنتوئی

دیباچہ

پاکستان کو قائداعظمؒ اور علامہ اقبالؒ کے خیالات کے خلاف چلایا جارہا ہے وہی طبقہ ملک اور عوام پر مسلط آرہا ہے جو ماضی میں اپنے ہم وطنوں سے غداری اور انگریزوں کی وفاداری کے صلے میں نمایاں تھا اس کے علاوہ انگریزوں کی پالتو بیوروکریسی نے علاقہ و طبقہ نوازی کر کے اپنے لوگوں کو خوب سرفراز کیا اور اکثریت کو محروم اور پسماندہ رکھ کر اپنے طبقے کا غلام بنایا، طریق انتخاب ایسا رواج دیا گیا جس سے عوام کی حکومت اور ملکی سیاست میں شرکت ناممکن ہے، وَن یونٹ اِس بدنیتی پر بنایا گیا کہ اس کے بہانے سارے پاکستان پر یلغار کر کے ہر علاقے کے وسائل، ملازمتوں، صنعت، تجارت اور اراضی ہتھیالی گئی گو عوام کے واویلے پر ون یونٹ کو توڑ دیا گیا لیکن خاموشی سے انتقال آبادی کی یلغار جاری ہے، انہی سازشوں سے اکثریت میں اضطراب مایوسی اور بے یقینی عام ہو چکی ہے، پاکستانی قوم میں یکجہتی کیسے پیدا ہو سکتی ہے جبکہ ایک طبقہ سب پر بالادست بنا دیا گیا ہو ملک کے تمام وسائل کو صرف اسی کے لئے مخصوص کر لیا گیا ہو، ہر دفتر پر اسی طبقہ کا غلبہ ہو، صنعت و تجارت اور دوسروں کی اراضی کو اسی طبقے کی میراث بنایا گیا ہو۔

ہر دفتر میں تعصب اور جنبداری ہو، ہر ملازمت علاقہ و طبقہ پرستی پر دی جارہی ہو اپنی زبان اور ننگے فیشن کو فلموں، تھیٹروں، کیسٹوں، ریڈیو اور ٹی وی

اخبارات اور رسالوں کے ذریعے سارے پاکستانیوں پر ٹھونسا جا رہا ہو لیکن پاکستان
بھر کے چار کروڑ سرائیکیوں کی پہچان (زبان) کو موت کے گھاٹ اُتارا جا رہا ہو!
سرائیکیوں کو بے روزگار کر کے ان سے اراضی چھینی جا رہی ہو، ان کی کپاس گنا
گندم، روغن، بیج، باغات اور معدنیات سستے داموں لے کر ان کے کارخانے اپنے علاقے
میں لگائے گئے ہوں، علم اور ہنر کے اداروں سے ان کو محروم رکھا جا رہا ہو، سڑکوں اور پلوں
کی دانستہ کمی یہاں رکھی گئی ہو۔ ان پسماندہ رکھے گئے لوگوں پر اپنے ترقی اور
مراعات یافتہ طبقے کو مسلط کیا جا رہا ہو، جاگیرداروں کو خرید کر ان کے ذریعے عوام کو کچلا
جا رہا ہو، اپنی انتظامیہ کے تشدد سے عوام کی فریادوں کو دبایا جا رہا ہو! اپنے پالتو
اخبارات کے ذریعے احتجاج کرنے والوں کو اسلام اور پاکستان کا دشمن کہا جا رہا ہو!
عوام کو کمزور اور منتشر کرنے کے لیے مذہبی رہنماؤں کو مسلکی تنازعات میں اُلجھا
دیا گیا ہو! ایک صوبے کو سات کروڑ آبادی کا اور بقیہ تین صوبوں کو صرف پانچ کروڑ
افراد کا غیر منطقی ملکی ڈھانچہ بنالیا گیا ہو! میرے پمفلٹ انہی مضامین پر مشتمل ہیں ان
میں سے چند کو اکٹھا کر کے کتاب "سرائیکی تحریک کیوں" میں قوم کی خدمت میں
پیش کیا جا رہا ہے، میرے ان دلائل اور مواد سے کافی لوگ استفادہ کرتے رہے ہیں
اور آئندہ بھی کرتے رہیں گے، میں آج بھی یہی کہتا اور لکھتا ہوں کہ اگر بقیہ پاکستان
کو مزید ٹوٹ پھوٹ سے بچانا ہے، تو ان اصل مسائل کو حل کرنا ہوگا۔

"راز جتوئی"

توجہ طلب عرضیہ

بنام علماء کرام

صاحبانِ عزت، بزرگانِ ملت

السّلامُ علیکم۔ جناب آپ آج کے دور میں بھی بڑی بااثر شخصیات ہیں، جہاں آپ حضرات لوگوں کو دینِ اسلام کی پیروی کی تلقین فرماتے رہتے ہیں۔ وہاں اِس معاشرے میں ایک دوسرے سے جو ناانصافیاں ہوتی ہیں آپ کو ان کا احتساب کرتے رہنا چاہیئے، آپ کا یہ ارشاد کہ یہ سب بگاڑ مسلمانوں کا صرف اسلام سے دوری کی وجہ سے ہے۔ بالکل درست ہے، لیکن جب دینی رہنما خود کو درگاہوں، خانقاہوں اور مساجد تک محدود کرلیں تو پھر دنیا اسلام کے نور سے کیسے روشن ہوگی؟ کہ جدا ہو دیں سے سیاست تو رہ جاتی ہے چنگیزی!

آپ کو دُنیاداری میں شریک ہونا ہوگا۔

ہم کروڑوں سرائیکی آپ کے حلقۂ اثر میں ہوتے ہوئے بھی آپ کی جائز حمایت سے بھی خود کو محروم پاتے ہیں، آپ کی اس لاتعلقی کی وجہ سے ہم بیکسوں پر جابر اور خائن عناصر اور بھیڑیئے ہیں، جو زبردستی ہمیں اپنا غلام بنا رہے ہیں، اس پر ہماری آہ و فغاں کا احساس تک آپ کو نہیں ہو رہا، آپ کی توجہ کے حصول کی خاطر ہم اپنی محرومیوں کا مقدمہ آپ کے حضور پیش کرتے ہیں۔ یہ ضرور پیشِ نظر رہے کہ دُوسرے صوبوں اور زبانوں کے اجراء پر تو کسی بھی مذہبی پیشوا نے آواز تک نہ اُٹھائی تھی، لیکن جب چار کروڑ محروم سرائیکیوں نے دوسروں کی طرح زندہ رہنے کا حق طلب کیا تو ان کی اس جائز خواہش کو خلافِ اسلام کہا جا رہا ہے، کیا واقعی اب اسلام نے ہم کمزور مستضعفین کی جان اور مال کو ان حریص مسلمانوں پر حلال کر دیا ہے؟

- سرائیکیوں کو زبردستی پنجابی بنانے کی خاطر مردم شماری فارم میں سرائیکی زبان کا خانہ ہی نہیں۔ جب کہ ہر زبان کا خانہ موجود ہے۔
- سرگودھا، ملتان، ڈیرہ جات اور بہاولپور ایک اکثریتی ڈویژنوں کی زبان سرائیکی کی بجائے درسی کتابوں میں پنجابی درج ہے۔
- پنجاب بیوروکریسی نے سرائیکی وڈیروں کو ذاتی مراعات اور تسلط کا عادی بنا کر ان کو عوام کی محرومیوں سے لاتعلق کر دیا ہے۔
- بہاولپور کو پنجاب نے ہڑپ کر لیا، اور یہاں اپنے بیس لاکھ افراد کو بسا کر ہماری زمین اور وسائل ہم سے چھین لیے گئے۔
- سرائیکی علاقوں میں جب تک اپنے لوگوں کو بسا نہیں لیا جاتا، یہاں نہریں دریائی پل، سڑکیں اور ٹرانسپورٹ فراہم نہیں کیے جاتے۔
- سرائیکی علاقوں کے لوگوں کو پنجاب کے زیر رکھنے کی خاطر انہیں اعلیٰ علمی فنی، زرعی اداروں لائبریریوں اور سائنسی لیبارٹریوں سے دانستہ محروم رکھا گیا ہے۔
- سرائیکی علاقوں میں ملک کی ۷۰ فیصد کپاس، گندم، گنا، پھل، روغنی بیج اُگایا جاتا ہے، لیکن ان کے کارخانے وسطی پنجاب میں لگائے گئے ہیں۔
- وسطی پنجاب سے آئے افسر اپنے لوگوں کو یہاں کی زمین، نوکریاں، صنعت، تجارت، ٹرانسپورٹ کے قرضے اور پانی بے دریغ دے رہے ہیں۔
- وسطی پنجاب کے افسر اور لوگ مل کر یہاں کے مہاجروں اور مقامیوں میں نفاق پیدا کرتے ہیں، جو آپس میں شیر و شکر رہنا چاہتے ہیں۔
- ٹیلی ویژن، ریڈیو، تھیٹروں ہزاروں فلموں اور کیسٹوں کے ذریعے پنجابی بولی اور ننگے فیشن کو تمام پاکستانیوں پر ٹھونسا جا رہا ہے۔
- پاکستان کی سب سے بڑی اکثریت سرائیکی سالانہ اربوں روپیہ کا مالیہ مختلف محصولات اور متعدد ٹیکسز حکومت کو فراہم کرتے ہیں، اس کے بدلے میں ان کو محرومیاں ملی ہیں۔
- پنجاب نے ہم سرائیکیوں کو زبردستی اپنے زیر رکھ کر اپنی بناوٹی اکثریت بنا کر سب صوبوں سے زیادہ سیاسی اور مالی مفادات اینٹھے لیکن ہمیں کلیدی عہدوں اور صنعتی ترقیوں میں شریک نہ رکھا۔ بلکہ ہمارے بجٹ کا بیشتر حصہ بھی پنجاب خود کھا جاتا ہے
- ہم سرائیکیوں کا قدیم ترین مرکزی صوبہ ملتان دریائے راوی تک تھا، سرائیکی لوگوں اور علاقوں کو پے در پے فتح کیا جا رہا ہے۔

عالی جاہ! اس طرح ہی پاکستان بھر کے چار کروڑ سرائیکیوں کی اپنی زبان، زمین روزگار اور وجود کو بھی پنجاب متواتر نگل رہا ہے، جب تک ہم پنجاب کی زبردستی کی غلامی سے نجات نہیں پا لیتے، اس کی دراز دستیاں ہم کو غلام بنا دیں گی، دُوسرے صوبے بھی پنجاب کی بناوٹی عددی برتری اس کے سیاسی اور معاشی استحصال سے سخت پریشان ہیں، بقیہ پاکستان کی رہی سہی، سالمیت اور بقاء کی خاطر پنجاب کو اپنے اصل حجم میں لانا اب لازم ہو گیا ہے ورنہ ہلاکت سے نہ بچا جا سکے گا۔

۲۵ — ۱۰ — ۹۲ء

ایہہ محرومی اساکوں کپ ڈیسی ۔ ایہہ جرم اساکوں چپ ڈیسی
ہتوں ہجیں نہ مین بچساں ۔ جڈاں پانی سروں ٹپ ڈیسی

فکرکار

راز جتوئی، خانپور کٹورہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دعا

اے ربّ العالمین! ہم تیری وحدانیت اور تیرے آخری رسول محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت پر ایمان رکھتے ہیں اور مملکتِ پاکستان کو تیری عنایت سمجھ کر اسکی سلامتی چاہتے ہیں۔

اے ربِّ غفار! ہم اُنہی حقوق کے حصول کی جدوجہد کر رہے ہیں جو ہمارے دوسرے پاکستانی بھائیوں کو ملتے ہیں

ھمیں ھمت عطا فرما اور ھم تجھی سے مدد کے طلبگار ھیں

پاکستان پائندہ باد

سرائیکی عوام

خان پور کٹورہ کی اہمیت

- خان پور کے کانسی کے برتن خصوصاً کٹورہ نہایت نفیس نقش و نگار کا بہت مشہور تھا اور یہ بطور ایک تحفہ یا سوغات بہت دور دور تک لے جایا جاتا تھا۔
- خان پور کا خالص اور لذیذ کھویا و ملحقہ چک عباسیاں کی عمدہ کھجوریں آج بھی سوغات ہیں۔
- سرائیکی زبان کے بے مثال شاعر اور روحانی بزرگ حضرت خواجہ غلام فرید کا مسکن چاچڑاں شریف خان پور تحصیل میں ہے۔
- اسی کوریجہ خاندان کے حضرت خواجہ دُر محمدؒ صاحب کا مسکن خان پور کا قریبی گاؤں گڑھی اختیار خان ہے
- فریدی صوفی مولانا محمد یار صاحب کا مسکن اور مرقد بھی گڑھی اختیار میں ہے۔
- بھرچونڈی شریف کے مرید خاص حضرت سیّد محمد مغفور شاہؒ صاحب کا مسکن اور مزار بھی گڑھی کے قریب شاہ آباد میں ہے
- معروف روحانی گدی دین پور شریف خانپور میں ہے جس نے مشہور ریشمی رومال تحریک آزادی میں ایک اہم کردار ادا کیا تھا۔
- انگریزوں سے آزادی کی جدوجہد کرنے والے انقلابی ہیرو جناب مولانا عبیداللہ سندھی صاحب کا آخری ٹھکانہ اور مرقد دین پور شریف میں ہے۔
- جمعیت علمائے اسلام کے مستقل امیر جناب مولانا محمد عبداللہ درخواستی صاحب کی عظیم دینی درسگاہ مخزن العلوم اور مسکن خانپور میں ہے
- جمعیت علمائے پاکستان کے صوفی بزرگ اور عاشقِ رسولؐ حافظ سراج احمدؒ صاحب کا مدرسہ سراج العلوم اور مرقد خانپور میں ہے
- مشہور مفتی مولانا سراج احمدؒ صاحب مکھن بیلوی کا مسکن اور مرقد خان پور میں ہے۔ ان کا خطاب سراج الفقہا ہے
- جمعیت اہلِ حدیث اور جماعت اسلامی بھی خانپور میں خاصی سرگرم ہیں!
- خان پور ہی میں اہلِ تشیع کی درسگاہ دربارِ حسینؓ بھی ایک فعال ادارہ ہے
- خان پور کی سرزمین اور اس کے باسیوں میں ایک خاص کشش اُنس رواداری اور امن پسندی ہے کہ بیرونی لوگ یہاں بسنے کو ترجیح دیتے ہیں!
- خان پور کا تمام علاقہ نہایت زرخیز ہے کپاس گنا ہر قسم کے اجناس باغات اور مرچ بہت بکثرت ہیں یہ ایک بہت بڑا غلہ منڈی اور تجارتی منڈی ہے
- ریاست کے دور میں جماعت حزب اللہ کے قائد قاضی شیر محمد صاحب خانپوری علاقے اور عوام کے حقوق حاصل کرنے میں خاصے سرگرم رہتے تھے یہی وجہ ہے کہ خان پور کے عوام کے خمیر میں علاقے اور عوام کے حقوق حاصل کرنے کی لگن آج بھی موجود ہے!
- خان پور ہی سے سرائیکی تحریک کی لہر چلی اور آج ملک گیر ہے۔
- سرائیکی زبان کا اکلوتا روزنامہ "جھوک" خان پور ہی کے منیر اور ظہور دھریجہ اسے اکثر پاکستانیوں کو بھیجتے ہیں۔

ردِعمل!

مقامی اہلِ پنجاب کی سرائیکی علاقوں پر مُسلسل یلغار جارحیت اور سرائیکی لوگوں کے لگاتار استحصال نے سرائیکی لوگوں کو مجبور کر دیا کہ وہ بھی دوسرے پاکستانیوں کی طرح اپنا وجود زبان اور صوبہ تسلیم کرائیں۔

۰۔ جہاں پنجابیوں کو بسایا جاتا ہے وہاں نہریں سڑکیں پل مواصلات تربیت گاہیں کارخانے اور ان کے لئے قرضہ جات عام کر دیئے جاتے ہیں۔۔ لیکن ہمیں صرف اپنا محتاج رکھنے کی خاطر ان تمام سہولتوں سے دانستہ محروم رکھا گیا۔ راز جتوئی

"اوّل خویش بعدہٗ درویش کا فرمان محض خیرات سے متعلق ہے قومی وسائل کیلئے ہرگز نہیں"

کچھ اپنے بارے

قارئین! آپ ضرور سوچتے ہوں گے کہ راز جتوئی نے جس انہماک و تواتر سے سرائیکیوں میں بیداری کی
لہر چلائی ایسا جنون کسی نے اختیار نہیں کیا۔ اس کی کیا خاص وجوہ ہوں گی؟ جناب! نہ میں شاعر
درد تو نی تھئے نصیب میں صرف اپنی ذات میں گم نہیں رہا۔ دیہاتیوں کی محتاجیوں مجبو
اور بیکسی کو میں نے خود جا کر بہت قریب سے دیکھا۔ اور معاشرے میں بیرونی عناصر کی لوٹ کھسو
حرص ہوس اور غاصبانہ کرتوت کو دیکھ کر دوسروں کی طرح میں آنکھیں بند کر کے گزرتا نہیں ر
بلکہ اس ظلم کو دیکھ کر اس پر کڑھتا رہا ہوں۔ اس درد کی شدت نے میرے احساس کو ایک
لازوال جنون عطا کیا۔ تو میں نے اپنی ذات اور اپنے کنبے سے بھی بے نیاز ہو کر سرائی
لوگوں کو بیدار کرنے کی ٹھان لی۔ ان کے ساتھ جو جو مظالم ہو رہے ہیں ان کا میں نے نہ
احساس دلایا۔ اور میں نے غاصبوں اور ظالموں کو للکارنے کے لئے نوجوانوں کے ذ
تیار کئے۔ الحمدللہ وہ اب ہر جگہ خوب فعال ہیں۔

کیونکہ میں آزاد پیشہ تجارت سے شروع ہی سے منسلک ہوں اس لئے بغیر مصلحت کیشی
خوف کے غاصبوں اور ظالموں کی نشاندہی صاف صاف کرتا رہا ہوں۔ اس حقیقت ۔
اظہار کو اگر کوئی خودستائی شمار کرے۔ تو وہ اس تہمت جیسے ناقابل معافی گناہ کا مرتک
ہوگا!

جس حقیقت کو چھپایا تھا میں نے
ساری دنیا پہ وہی راز عیاں ٹھہرا ہے

راز جتوئی

خراجِ تحسین

قارئین کرام!

قوم پر میرا اپنی دیرینہ خدمات اور کارکردگی پیش کرنے سے ہرگز یہ اخذ نہ کرلیا جائے کہ میرے مقابل کسی دوسرے نے کچھ کام کیا ہی نہیں۔ اگر بزرگ ادیبوں اور شعراء نے ہمیں بنیاد فراہم نہ کی ہوتی۔ تو ہم اور آپ کیسے سرائیکی سرائیکی کر سکتے ؟ میں صمیم قلب سے ان کا احترام کرنے کی درخواست کرتا ہوں۔

وہ شعراء جنھوں نے بستی بستی اور گلی گلی سرائیکی زبان کو اجاگر کر کے ساری دنیا سے اس کو تسلیم کرایا اور بن گلوکاروں نے سرائیکی زبان کی مٹھاس اور منفرد گائیکی کا لوہا منوایا وہ بھی لائق ستائش ہیں۔ اور جو احباب سرائیکی رسالوں کتابوں اور اخبارات کے ذریعے سرائیکی زبان کی ترویج میں اپنا تن من اور دھن نچھاور کر رہے ہیں ان کے خلوص کو میں کیوں کر بھلا سکتا ہوں عزیزان! مجھے وہ نوجوان خاص کر زیادہ پیارے لگتے ہیں جو سرائیکی کے معاشی سماجی ثقافتی اور وجودی حقوق کی جدوجہد میں ہمہ تن مصروف ہیں۔ اگر یہ نئی نسل بیدار نہ ہوتی تو اب تک ہماری جداگانہ شناخت (زبان) ختم کر دی گئی ہوتی۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ منزل انہی کی قربانیوں سے حاصل ہوگی اور یہ ضرور سرخرو ہوں گے۔ انشاء اللہ

دعا گو

سرائیکی چوکیدار۔ راز جتوئی

سرائیکی تحریک کے اسباب

ایک نظر میں!

"چار کروڑ سرائیکیوں کی اپنی زمین، زبان، روزگار اور وجود کو ہضم کیا جا رہا ہے"۔

المیہ یہ ہے کہ پاکستان میں ایک طبقے کی توسیع پسندی اور جنونی حرص کو بیورو کریسی کی بھرپور حمایت حاصل ہے حالانکہ حکومتی کارندے سب پاکستانیوں کی تنخواہ خوار ہیں، ان کو سب کے ساتھ انصاف کرنا چاہیے تھا، لیکن انہوں نے اپنی لسانیت پرستی سے سارے ملک کے تمام وسائل اور ترقی کے نئے مواقع صرف اپنے لوگوں کے لئے مخصوص کر کے باقی تمام پاکستانیوں کو دانستہ محروم کر رکھا ہے، بیورو کریسی میں اس ناجائز جانبداری یا تعصب پیدا کرنے میں لاہور کے ایک سازشی اخبار کا ایک خاص ہاتھ ہے، اب ہم آپ کی خدمت میں ان سازشوں کو پیش کرتے ہیں جن کی مزاحمت کی خاطر سرائیکیوں کو متحرک ہونا پڑا۔

ع۔ شاید کہ اُتر جائے تیرے دل میں مری بات۔

و پاکستان بنتے ہی ایک سازشی لابی نے قدیم سرائیکی زبان کو پنجابی بولی کا ایک لہجہ اور سرائیکی لوگوں کو زبردستی پنجابی منوانا شروع کر دیا کیونکہ ذرائع ابلاغ پر بھی اسی حریص گروہ کے حواریوں کا قبضہ ہو گیا تھا انہوں نے سرائیکی زبان کو یکسر محروم رکھا، خصوصاً ٹیلی ویژن پر تو سرائیکی کا نام لینا بھی حرام تھا، ہماری مسلسل فریادوں پر ۲۶ سال کی پابندی کے بعد سابقہ حکومت نے سرائیکی زبان کو ٹیلی ویژن پر صرف ۲۰/۲۵ منٹ فی ہفتہ دیئے لیکن اس پروگرام کو بے اثر کرنے کیلئے کبھی دن اور کبھی وقت تبدیل کر دیا جاتا ہے، اور اس کا فنڈ بھی بہت قلیل کر دیا گیا ہے۔

و ہمارے مسلسل ۲۰ سالہ واویلے کے بعد ملتان ریڈیو سٹیشن ہمیں دیا گیا تو یہاں سے بھی سرائیکی سے زیادہ پنجابی کو عام کیا گیا، جبکہ ملتان سے پیشتر راولپنڈی اور لاہور ریڈیو پر سرائیکی کو موقع نہیں دیا جاتا تھا۔ اب تو ملتان بہاولپور اور ڈیرہ اسماعیل خان کے ریڈیو پر سرائیکی کو اور کم کر کے پنجابی کو مزید بڑھا دیا گیا ہے

و لاہور ٹیلیویژن پر صبح سے رات گئے تک روزانہ آٹھ پروگرام پنجابی ہیں، جن کے لئے ۲۰ گھنٹے فی ہفتہ وقف ہیں، اس کے علاوہ ہر اردو ڈرامے یا سٹیج شو میں پنجابی فقرے سمو کر پنجابی کو عام کرنا لازم ہو گیا ہے، اور اب تک ہزاروں پنجابی فلموں کیسٹوں اور تھیٹروں کو سارے ملک میں پھیلا کر سب پاکستانیوں پر پنجابی بولی اور فیشن کو زبردستی ٹھونسا جا رہا ہے، گویا کہ سارے پاکستان کو **پنجابستان** بنانے کی سازش کی جا رہی ہے، کیونکہ پنجابی جتنی شہرت اور توسیع کسی اور زبان کو نہیں دی گئی۔

و گلوکار عنایت حسین بھٹی نے ایک سرائیکی فلم بنائی، فلمی دنیا میں سرائیکی کا نام آتے ہی مخالفین چونک اٹھے۔ انہوں نے بھٹی صاحب کو بڑی ملامت کی، جس پر وہ سرائیکی فلم بنانے سے تائب ہو گئے

سرائیکی سے دولت تاج اور نام کمانے والا یہ گلوکار اب سرائیکی دشمنی میں سب سے آگے نظر آتا ہے، لگتا ہے کہ وہ بھی سکھوں کی تنظیم **گریٹر پنجاب** کا سرگرم رکن بن گیا ہے۔

و مردم شماری فارم میں سرائیکی کا خانہ نہ رکھنا چار کروڑ سرائیکیوں کے وجود کو قتل کرنا ہے، یہ کیونکر برداشت ہو؟

و غور فرمائیے کہ صوبہ سندھ میں سندھی اور سرائیکی، سرحد میں پشتو اور سرائیکی، بلوچستان میں بلوچی براھوی پشتو اور سرائیکی قدیم سے سلامت موجود ہیں وہاں تو کسی زبان کو ھضم کرنے کی بات تک نہیں ہوئی، یہ جنونی حرص صرف پنجابیوں کو لاحق ہوگیا ہے!

و جب ہم سرائیکی لوگ پنجاب جاتے تو ہمیں سندھی یا جانگلی کہہ کر ہم سے حقارت کی جاتی، اور جب ہم سندھ جاتے تو ہمیں پنجابی سمجھ کر ہم سے مُنہ پھیر لیا جاتا، اس سے ہمیں یہ احساس ہوا کہ ہم نے تو اپنی شناخت ہی کھو دی ہے، جبکہ دُوسرے تمام اپنی اپنی شناخت پر بڑا فخر کرتے ہیں، تو ہم سرائیکی کہلوانے پر کیوں شرمائیں!

و بہاولپور جو اکثریتی سرائیکی علاقہ تھا اور ون یونٹ سے قبل ایک صُوبائی یونٹ بھی تھا، اس کو **پنجاب** نے ھڑپ کر کے اپنی توسیع پسندی اور حرص کا ثبوت دیا، اور یہاں وسطی **پنجاب** کے ۲۰ لاکھ لوگوں کو منتقل کر کے ہمارے تمام وسائل اور اراضی پر غاصبانہ قبضہ کرلیا گیا

و سنہ ۱۹۶۲ء میں مرکز کے استحکام کے موضوع پر لاہور میں پاکستان کی سب زبانوں کے مشاعروں کا اہتمام کیا گیا تو اس اھم موقع پر مخالفوں نے سرائیکی زبان کو ہضم کرنا چاہا، اس پر سرائیکی شاعروں کو احساس ہُوا تو انہوں نے اپنا علیحدہ مشاعرہ پڑھا، اسی دوران ہی ہمارے بزرگ دانشوروں نے سرائیکیوں کے انفرادی وجود کو منوانے کی خاطر مشترکہ جدوجہد کے لیے سرائیکی کے مختلف ناموں کی بجائے فقط سرائیکی پر اتفاق کرلیا، جو ایک تاریخ ساز کارنامہ ہے۔

و تاریخ کو کھنگالنے پر معلوم ہُوا کہ ماضی میں دریائے راوی تک کے تمام علاقے قدیم ترین صُوبہ ملتان کے ماتحت تھے وہاں کے سازشیوں نے مرکز دھلی کے مغل حکمرانوں کے ساتھ ساز باز کر کے ملتان سے علیحدگی اختیار کرلی، اکبر مُغل کے دور میں راوی کے دونوں اطراف کے علاقوں کو فارسی نام **پنجاب** دیا گیا، اس طرح پنجاب یا پنجابی کی عمر عزیز اب تک صرف ساڑھے تین سو برس ہے، جبکہ سرائیکی تو مُلتان جتنی قدیم ہے، سکھوں نے یلغار کر کے مُلتان اور اس کے ساتھ کے علاقوں کو زبردستی **پنجاب** کے ساتھ منسلک کرلیا۔ اس کے بعد انگریزوں نے پنجابیوں کو وفاداری کے صلے میں سرائیکی علاقوں میں کافی اراضی بڑی نہروں نئے شہروں (لائل پور، منٹگمری) مُلازمتوں اور علمی و فنی تربیت و درسگاہوں سے خوب نوازا اس کے بعد پاکستان کے مہاجرین جہاں پہنچے وہاں کے ہو گئے۔

و حضرت داتا صاحب کی کتابی تحریر ”در لہور کے از قصبہ جات ملتان بود“ اور شاہ حسینؒ لاہوری

کی سرائیکی کافیوں سے بھی ثابت ہے کہ راوی تک کے تمام علاقوں کی ثقافت اور زبان ملتانی (سرائیکی) ہی تھی، بابا فریدؒ بلھے شاہؒ، سلطان باہوؒ اور خواجہ فریدؒ کا کلام سرائیکی ہی ہے، جنہیں بددیانتی سے پنجابی کے شاعر کہا جاتا ہے۔

• چونکہ پالیسی سازی پر آج بھی لسانیت نواز عہدیدار قابض ہیں، انہیں جب کسی غیر آباد علاقے میں نہر جاری کرانا ہوتی ہے تو اس عمل سے کچھ عرصہ پہلے اپنے لوگوں کو ادھر بھیج کر سستی زمین۔ یا سرکاری قطعات مفت الاٹ کرا دیتے ہیں، اس کے بعد پانی قرضے اور سہولتیں فراہم کرکے ان سے علاقہ آباد کراکے دعویٰ کیا جاتا ہے کہ بیرونی لوگوں نے خوب محنت کرکے یہ علاقہ گلزار بنا دیا ہے جس کو نااہل اور کاہل مقامیوں نے بنجر بنا رکھا تھا، حالانکہ پہلے یہاں ایسے وسائل پانی، قرضے سہولتیں مہیا ہی نہ کی گئی تھیں، آج بھی اپنے لوگوں کی منتقلی سے پیشتر کوئی سہولتیں نہیں دی جاتیں روہی تھل دھندی اور دامان پر ایسے ہی یلغار کرکے وہاں کے اصل حقداروں کو محروم اور مایوس کیا گیا اسی لیئے وہ بیچارے ابھی تک بے روزگار اور پسماندہ ہیں، ان کے اضطراب کی کسی کو پرواہ نہیں ہے۔

• وسطی پنجاب کے لوگوں کو سرائیکی علاقوں کے ہر دفتر پر مسلّط کردیا گیا ہے، جو سرائیکی بولنے والوں سے نفرت کرتے ہیں، اور ان کا جائز کام بھی بغیر رشوت نہیں کرتے، بالائی حاکم ان کے اپنے ہیں، اس لیئے عوام کی شنوائی نہیں ہوتی۔

• وسطی پنجاب سے آئے افسروں نے سرائیکی علاقوں کی زمین ملازمتیں صنعت و تجارت ٹرانسپورٹ کے لائسنس اور قرضے اپنے لوگوں کو بُلا بُلا کر دیئے، ہماری فریاد کسی نے نہ سُنی۔ کیونکہ کلیدی عہدوں پر اسی استحصالی طبقے کا غلبہ ہے۔

• جب سے ہم نے واویلا کیا ہے، وسطی پنجاب کے لوگوں کی یلغار کو اور تیز کردیا گیا ہے بقیہ سرائیکی اکثریت کے علاقوں سرگودھا سے بہاولپور ڈویژنوں کا جغرافیہ اور ثقافت کو بدلنے کی سازش کی جارہی ہے، چنانچہ درسی کتابوں میں یہاں کی زبان سرائیکی کی بجائے پنجابی لکھی گئی ہے

• یہاں کے سب لوگ آپس میں شیروشکر رہنا چاہتے ہیں، لیکن بیرونی حاکم ان میں نفاق ڈالتے ہیں اور یہاں مذہبی اختلاف کو ہوا دیکر پھوٹ ڈال کر بھی حکومت کی جارہی ہے، گویا حاکم غیرملکی ہیں، یا ہمیں پاکستانی نہیں سمجھا جاتا!

• وسطی پنجاب تو مغلوں اور انگریزوں سے وفاداری کے صلے میں پہلے ہی ترقی اور مراعات یافتہ تھا، اُسے مزید ترقی دی گئی۔ لیکن سرائیکی علاقوں کو بجلی گیس پینے کا پانی سڑکوں ٹرانسپورٹ ٹیلیفون، سٹیٹ بنکوں، نہری و دریائی پُلوں طبی زرعی انجینئرنگ علمی و فنی تربیت و درسگاہوں انکی

عمارات اور عملے کی ابھی تک شدید قلت رکھی گئی ہے۔ تاکہ ہم پنجاب کے محتاج رہیں۔

• ہمارے نوجوان دُور دراز وسطی پنجاب کی اعلیٰ یونیورسٹیوں سے جا کر ڈگریاں حاصل کرتے ہیں لیکن ان کو مُلازمت نہیں دی جاتی۔ قدم قدم پر ان سے تعصب اور بخل کیا جاتا ہے

• سرائیکی علاقوں میں سیّد، بلوچ، اعوان اور راجپوت جیسے غیرت مند اور بہادر لوگ موجود ہیں، لیکن ان کو پاکستانی فوج میں نہیں لیا جاتا، اور یہاں جو چند فیکٹریاں ہیں، ان میں بھی یہاں کے لوگوں کی شرکت تربیت اور نوکری نہیں ہے۔

• سرائیکی عِلاقوں کے نوجوانوں کے میرٹ کو ختم کرنے کے لیئے یہاں لائبریریاں۔ اور سائنسی لیبارٹریاں بھی مُہیا نہیں کی گئیں۔

• پاکِستان کی کُل پیداوار کا ۳/۴ حصّہ کپاس، گنا، گندم روغنی اجناس، باغات جانور، اُون چمڑا وغیرہ تو سرائیکی عِلاقوں میں ہیں، لیکن ان کے کارخانے وسطی پنجاب میں جہاں کوئی غیر پنجابی خاکروب بھی بھرتی نہیں ہوسکتا۔

• پاکستان بھر کے چار کروڑ سرائیکی لوگ مالیہ محصولات متعدد لائسنس انکم ٹیکس، عُشر و زکواۃ کی صُورت میں اربوں روپیہ سالانہ حکومت کو فراہم کرتے ہیں لیکن ان کو ہضم کر کے غلام بنانے کی سازشیں جاری ہیں۔ سرائیکی علاقوں کو پےدرپے فتح کیا جا رہا ہے۔

• پنجاب کے سیکرٹریوں کا تیار کردہ بجٹ دانستہ سرائیکی وزیر کی زبانی نشر کرایا جاتا ہے، لیکن سرائیکی علاقوں کا بیشتر حصّہ وسطی پنجاب پر خرچ ہوتا ہے اور بیرونی امداد اور قرضے بھی وسطی پنجاب کی علمی صنعتی ترقیوں اور آرائش پر خرچ ہوئے ہیں لیکن مقروض محروم اور پسماندہ ہم ہیں۔

• سرائیکی عِلاقوں کے عوام کو زبردستی اپنے زیر رکھ کر ۶۳ فیصد آبادی کا ایک صوبہ پنجاب اور ۳۷ فیصد آبادی کے زیر دست تین صُوبے؟ یہ صوبائی تقسیم بالکل حریصانہ ہے۔

معزز قارئین! یہ جبریہ توسیع پسندی سیاسی و معاشی بالاتری اور عددی برتری، چھوٹے صُوبے کب تک برداشت کریں گے؟ اور چار کروڑ زندہ سرائیکی انسان پنجاب کی غلامی کا طوق کیوں پہنیں! ان سُلگتے بھڑکتے مسائل اور اِن بے نام و نشان آدم زادوں کے اُبلتے ہوئے اضطراب کو محسوس کرانا ہی ہمارا اصل مقصد ہے۔

ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام
وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

عرضِ مُدعا! مذکورہ سازشی مظالم انتہا پر ہیں، لیکن خدا کی ڈھیل ضرور ختم ہوگی، مایوس نہ ہوں، مدافعت جاری رکھیئے!

(۲۵ جُون ۱۹۹۲ء)

فکر کار

(مُرید حُسین خان راز جتوئی خان پور کٹورہ)

تعاون فرمائیے

معزز مہاجرین اور قدیمہ آباد کار بھائیو!

ہم کھلے دل سے اعتراف کرتے ہیں کہ

- آپ صاحبان نے تجارت زراعت علم اور فن میں خوب محنت کر کے اس دھرتی کو بڑا سنبھالا دیا کیونکہ آپ کا خون پسینہ اس سرزمین میں شامل ہے اس لئے اس سے آپ کی محبت عین فطری ہے۔

- آپ اور ہم ایک دوسرے کی خوشیوں اور غم میں بڑے اُنس سے شریک ہوتے ہیں۔ ہماری قبریں اور قبرستان بھی اکٹھے ہیں، اسطرح آپ اور ہم ایک دوسرے کا احساس اور احترام کرتے ہیں۔ اس بھائی چارے کو آپ ہی مربوط کر سکتے ہیں

- جہاں جہاں آپ مستقل آباد ہیں وہاں ہی اپنی کمائی خرچ کرتے ہیں۔ اس لئے ان علاقوں کے نفع و نقصان میں آپ جائز حصہ دار ہیں

صاحبان! اگر آپ کے دلی تعاون سے اپنے علاقوں کے چھینے ہوئے حقوق واپس لے لیئے جائیں تو کیونکہ آپ صاحبان تجارت زراعت علم و فن اور محنت میں ہم سے کافی آگے ہیں اس لئے ان علاقوں کی ترقی میں آپ حضرات کو ہم سے زیادہ مواقع اور مفاد ہوگا اس سے ہمیں بڑی خوشی ہوگی کیونکہ بیرونی متعصب لوگوں جیسا سلوک آپ ہم ہمسایوں سے ہرگز نہ کریں گے۔

غور فرمایئے کہ آپ اور ہم کو اپنے حصے کے حقوق سے کیسے محروم کیا جاتا ہے؟

- یہاں تعینات بالائی پنجاب کے علاقہ وطبقہ نواز جانبدار افسروں نے اپنے لوگوں کو لاکر جعلی ڈومیسائلز اراضی صنعتی تجارتی قرضے و لائسنس اور ملازمتیں ان کو دے کر آپ کو اور ہم کو محروم کیا۔
- بالائی پنجاب کے اکثر حریص یہاں کی زمین حاصل کرکے چند سال بعد اسے بھاری قیمت پر بیچ کر آگے اپنے اس تجارتی سفر پہ روانہ ہو جاتے ہیں۔ یہ شتر بے مہار اس استحصال سے سب پاکستانیوں کے حقوق غصب کرتے ہیں۔
- مرکزی پنجاب والے دوسرے علاقوں پر اپنی یلغار اور ان کے وسائل پر غاصبانہ قبضے کو اپنا اسلامی حق کہتے ہیں۔
- بالائی پنجاب کے افسر اور ان کے لائے ہوئے لوگ آپ اور ہمارے درمیان نفرت اور نفاق پیدا کرتے ہیں ان سے اور ان کے ایجنٹوں سے ہوشیار رہیئے
- مرکزی پنجاب والے چھ کروڑ آبادی کے حساب سے سیاسی اور مالی مفادات لے کر اپنے حصہ دار سرائیکی علاقوں کے باسیوں کو اپنی صنعتی ترقیوں اور کلیدی عہدوں سے دانستہ محروم کرتے ہیں۔
- ملک کی ستر فیصد کپاس گنا گندم اون چمڑہ اور زیر زمین قیمتی اشیا بکثرت سرائیکی علاقوں میں ہیں لیکن ان کے کارخانے دانستہ بالائی پنجاب میں لگائے گئے اور ان میں یہاں کے افراد کو مزدوری پر بھی نہ لگایا گیا حالانکہ وہ کراچی تک دھکے کھ

رہے ہیں۔

- سرائیکی علاقوں کے دفاتر اور چند فیکٹریوں میں بھی مرکزی پنجاب کے متعصب افسروں نے بڑی ڈھٹائی سے اپنے ہی لوگوں کو غالب کر رکھا ہے۔

نوٹ: ماں کے پیٹ سے تو کوئی بھی ماہر نہیں پیدا نہیں ہوتا۔ کام کے مواقع ملنے پر ہی مہارت آتی ہے ایسے تمام مواقع یہ افسر صرف اپنے لوگوں کے لئے رکھتے ہیں یہاں کے نوجوانوں کو نااہل کہنا فقط ان کو محروم رکھنے کا بہانہ ہے۔

- بالائی پنجاب کے افسران ہر دفتر میں علاقہ و طبقہ نوازی کرتے ہیں جہاں جاتے ہیں وہاں کے عوام کو مفتوحہ جان کر ان سے نفرت کرتے ہیں۔

- مرکزی پنجاب کے مغرور افسر ہر جگہ ملازمین اور عوام کے جائز کام میں بھی روڑے اٹکاتے ہیں اور بغیر رشوت کام نہیں کرتے ہیں۔ انہوں نے بڑی بے باکی سے رشوت کو عام کیا ہے۔

- بالائی پنجاب والوں کو حاکم قوم کے افراد ثابت کرنے کے لئے ہر جگہ مسلح اور مشتعل رکھا جاتا ہے تاکہ ہر پاکستانی ان سے ڈر کر زیر ہو کر رہے۔

- سرائیکی علاقوں سندھ اور بلوچستان کے باغیرت محب وطن اور اسلام کے فدائی نوجوانوں کو فوج میں دانستہ نہیں لیا گیا اور ان کے باصلاحیت ملازمین کو کلیدی عہدوں تک نہیں پہنچنے دیا جاتا۔

- بالائی پنجاب والوں کو انگریزوں سے وفاداری کے صلے میں علمی و فنی اعلیٰ تربیت گاہیں وافر سٹاف لیبارٹریاں، لائبریریاں، نہری نظام، کشادہ سڑکیں اور نئے شہر وغیرہ پہلے ہی میسر تھے ان میں اد

بھی اضافہ کیا گیا۔ اور اپنے اکثر شہروں کی مزید آرائش پر پورے ملک کے بیرونی قرضوں کو بے دریغ خرچ کیا گیا۔ لیکن سرائیکی علاقوں اور چھوٹے صوبوں کو تو سکول عملہ اور فرنیچر بھی پورا نہیں دیا جاتا۔

اس طرح پاکستان کے تمام ثمرات صرف مرکزی پنجاب والے آج بھی اکیلے کھا رہے ہیں۔

غور فرمایئے کہ آپ اور ہم کو اپنے حصے کے حقوق سے کیسے محروم کیا جاتا ہے؟

- یہاں تعینات بالائی پنجاب کے علاقہ و طبقہ نواز جانبدار افسروں نے اپنے لوگوں کو لا کر جعلی ڈومیسائلز اراضی صنعتی تجارتی قرضے و لائسنس اور ملازمتیں ان کو دے کر آپ کو اور ہم کو محروم کیا۔
- بالائی پنجاب کے اکثر حریص یہاں کی زمین حاصل کر کے چند سال بعد اسے بھاری قیمت پر بیچ کر آگے اپنے اس تجارتی سفر پر روانہ ہو جاتے ہیں۔ یہ شتر بے مہار اس استحصال سے سب پاکستانیوں کے حقوق غصب کرتے ہیں۔
- مرکزی پنجاب والے دوسرے علاقوں پر اپنی یلغار اور ان کے وسائل پر غاصبانہ قبضے کو اپنا اسلامی حق کہتے ہیں۔
- بالائی پنجاب کے افسر اور ان کے لائے ہوئے لوگ آپ اور ہمارے درمیان نفرت اور نفاق پیدا کرتے ہیں ان سے اور ان کے ایجنٹوں سے ہوشیار رہیے
- مرکزی پنجاب والے چھ کروڑ آبادی کے حساب سے سیاسی اور مالی مفادات لے کر اپنے حصہ دار سرائیکی علاقوں کے باسیوں کو اپنی صنعتی ترقیوں اور

کلیدی عہدوں سے دانستہ محروم کرتے ہیں۔

- ملک کی ستر فیصد کپاس گنا گندم اون چمڑہ اور زیرِ زمین قیمتی اشیاء بکثرت سرائیکی علاقوں میں ہیں لیکن اُن کے کارخانے دانستہ بالائی پنجاب میں لگائے گئے اور ان میں یہاں کے افراد کو مزدوری پر بھی نہ لگایا گیا۔ حالانکہ وہ کراچی تک دھکے کھا رہے ہیں۔

- سرائیکی علاقوں کے دفاتر اور چند فیکٹریوں میں بھی مرکزی پنجاب کے متعصب افسروں نے بڑی ڈھٹائی سے اپنے ہی لوگوں کو غالب کر رکھا ہے۔

- مرکزی پنجاب نے گیس بجلی، پانی ایندھن اور خام مال پسماندہ علاقوں سے لیکر خود تو فائدہ اٹھاتے ہیں لیکن ان کو جائز حقوق دینے سے دانستہ گریز کرتے ہیں۔

ترقی کی بنیادی ضروریات :۔ سڑکیں ریلوے، بجلی گیس ذرائع رسل و رسائل ڈاک و تار ٹیلیفون، ریڈیو، ٹیلیویژن نہری اور دریائی پُلوں [illegible] علاقوں اور چھوٹے صوبوں میں کمی ابھی تک دانستہ رکھ کر ان کو [illegible] کر کے مرکزی پنجاب والوں کی لوٹ کھسوٹ کی منڈیاں بنالیا گیا ہے بالائی پنجاب کے اجارہ دار پالیسی ساز تب ہی ان علاقوں میں کچھ ترقیاتی کام کراتے ہیں جب اپنے لوگوں کو جبراً یہاں بسا لیا گیا اور پھر دعویٰ کیا گیا کہ لوٹ اردوں ہی نے اپنی محنت سے ان علاقوں کو آباد کیا ہے حالانکہ یہی سہولتیں اور حقوق اگر ان علاقوں کو پہلے مہیا کر دیئے جاتے

تو یہاں کے لوگ بھی ترقی اور آبادیاں ضرور کرتے!

- محض پنجاب کی مزید توسیع کی خاطر سرائیکی علاقوں اور چھوٹے صوبوں میں اپنے لوگوں کو بے دریغ منتقل کیا گیا اور ان کی زبان و ثقافت کو فلموں درسگاہوں اور ذرائع ابلاغ کے توسط تمام پاکستانیوں پر مسلط کیا جا رہا ہے
- قدیم "سرائیکی زبان" جو پاکستان بھر میں سب سے زیادہ بولی جاتی ہے اور اس کے کروڑوں افراد اربوں روپیہ سالانہ ٹیکس لائسنس اور مالیہ وغیرہ بھی ادا کرتے ہیں۔ ان کی زبان اور آپ کے ادیبوں شاعروں کو بھی ملکی ٹیلیویژن پر قبول نہیں کیا جاتا۔
- بالائی پنجاب کے چالاک افسر پسماندہ علاقوں کے ایسے خود غرض خاندانوں کو سیاست میں کامیاب کراتے آ رہے ہیں جو پشتوں سے غیروں کے آلہ کار

کو ختم کرانے اور بقیہ ملک کو بچانے کی خاطر اب تو تمام پاکستانیوں کو حقوق برابر دینا ہوں گے یہ تب ہی ممکن ہے کہ پنجاب کے تین یونٹ بنا کر سب صوبوں کو متوازن کر لیا جائے اس ناگزیر عمل ہی سے پنجاب کی بالادستی ختم ہو گی جس کے بغیر شکوؤں اور نفرتوں کا خاتمہ ممکن نہیں رہا۔ کچھ لوگ بے قصور چھوٹے صوبوں کے مزید صوبے بنانے کا شوشہ چھوڑ رہے ہیں اس سے وہ عیار اس اصل جان لیوا ناسور کو اپریشن سے بچا کر بقیہ پاکستان کو ہلاک کرانا چاہتے ہیں۔ آگے بڑھیئے ..... اور ان کے مذموم عزائم کو بے نقاب کیجئے۔ ہم کسی سے کچھ چھین نہیں رہے۔ فقط اپنے چھینے ہوئے حقوق کی ہر حال واپسی

چاہتے ہیں جو ہرگز زیادتی نہیں ہے۔

اپیل

ہمیں آپ کی دور اندیشی، معاملہ فہمی اور وطن دوستی پر پورا بھروسہ ہے اس لئے آپ سے گزارش کرتے ہیں کہ اس جائز جدوجہد میں آپ حضرات بھی شامل ہو کر ہماری مدد فرمائیں۔ اسی میں ہم سب کی عافیت ہے!

(وَمَا عَلَيْنَا اِلَّا الْبَلَاغ)

(پاکستان پائندہ باد)

آبھراوا نال تھی

جہد دا بھائیوال تھی

قلمی کاوش راز جتوئی

خان پور کٹورہ

(المنتظر)

کارکنان سرائیکی صوبہ تحریک

اس کے فوٹوسٹیٹ عام کیجئے "شکریہ"

۸/۳/۸۹ء

وطن دوستوں کے نام

راز جتوئی
خانپوری

ہمیں یہ تو خوشی ہے کہ پنجابی، سندھی، بلوچی اور پشتو بولنے والے ہمارے پاکستانی بھائیوں کی اپنی اپنی زبانوں، قومیتوں اور صوبوں جیسی قابلِ فخر امتیازی حیثیات کو پہلے ہی تسلیم کر لیا گیا ہے ــــــ لیکن سرائیکی جو سارے پاکستان کی قدیم رابطی اور ان سب سے بڑی زبان ہے۔ اسکے بولنے والے جو ملک کی نصف آبادی ہیں ان کی دوسروں کی طرح زبان، قومیت اور صوبہ کو تسلیم نہ کرنا یا ایسی بڑی اکثریت کو محروم کرنے کی سازشیں جاری رکھنا کیا یہ دانستہ اشتعال انگیزی نہیں ہے؟ اسی چیرہ دستی کے تحت سرائیکی کے باصلاحیت نوجوانوں کو آبادی کے تناسب سے کلیدی عہدے نہیں دیئے جاتے۔ ذرا غور تو کیجیے کہ سرائیکی کے تمام اعلیٰ تعلیم و تربیت یافتہ نوجوانوں میں سے چند بھی باصلاحیت نہیں ہیں؟ یا یہ سوچی سمجھی ایک سازش ہے؟ شاید اسلئے کہ ہم پاکستان سے پیار کی وجہ سے اپنی ان جائز خواہشات کو بھی کافی عرصہ تک قربان کرتے رہے ہیں ؎ دیوار کیا گری مرے خستہ مکان کی لوگوں نے میرے صحن میں رستے بنا لئے سرائیکی قوم کے غیوّر فرزندو! یہ تمام استحصال ایک خفیہ منصوبہ ہی کے تحت ہو رہا ہے آپکو قسم ہے سرائیکی میں لوری دینے والی اپنی پیاری ماؤں کے دودھ۔ اور اپنی من موہنی دھرتی کی زرخیز اور خوشبودار مٹی کی۔ آپ کسی ایسی پارٹی یا شخصیت کی حمایت ہرگز نہ کریں جو آپ کے ان جائز حقوق کو اپنے منشور میں نہیں رکھتی ایسی خودغرض پارٹی یا شخصیّت آئندہ کسی کو کیا حقوق دلائے گی؟ آپ صرف اسی سے تعاون کریں جو آپکی بھی ملنے! قدیم آبادکار اور مہاجرین جو ہمارے جائز حصّہ دار بھائی ہیں اگر انہوں نے ہماری ان محرومیوں کی تائید فرمائی تو ان کیلئے یقیناً ہمارے دلوں میں بھی بے پناہ محبت کا اضافہ ہو گا۔

۱-۱۱-۸۶

دعوتِ فکر

درحقیقت سرگودھا، ملتان، ڈیرہ غازیخان بہاولپور اور پوٹھوہار کے باسیوں کو وسطی پنجاب کے مقتدر طبقے نے ہمیشہ سرائیکی اور پوٹھوہاری سمجھ کر اپنی ہر قسم کی ترقیوں میں شریک نہیں رکھا، بلکہ چھوٹے صُوبوں کی طرح ان کو بھی اپنا زیرِ دست یا کالونی بنائے رکھا، البتہ ان کی عددی شمولیت سے بڑا ہو کر مالی اور سیاسی مفادات سب سے زیادہ خود ہی اکیلے سمیٹتا رہا، بیرونی بوجھل قرضوں امداد اور چھوٹے صُوبوں سرائیکی و پوٹھوہاری علاقوں کی معدنیات اور خام مال گیس سے بیش بہا مفادات حاصل کر کے بھی فقط کراچی کے شہزادوں اور وسطی پنجاب والوں کی ترقیوں اور معیار زندگی کا فاصلہ اب تو سَو گنا بڑھا لیا گیا ہے، محروم اکثریت کا اب تو وہاں تک پہنچنا دانستہ دشوار بنا دیا گیا ہے، بلکہ ناممکن!

مُلک کی اَسّی فیصد آبادی جو دیہاتوں میں رہتی ہے جس کے خُون پسینے کی کمائی سے حکومت کے کاروبار چلتے اور یہ لُٹیرے کارخانیدار پلتے ہیں، وہ تو آج بھی بھوکی ننگی اور پینے کے صاف پانی تک کو ترستی ہے ستم تو یہ ہے کہ جو لوگ رشوت، سمگلنگ، بلیک، ہیرا پھیری بناوٹی مال بیچ کر اس طرح ملک اور قوم کا خون چُوس چُوس کر مالدار ہو گئے ہیں، نادار اکثریت کی خواتین ان کے جھوٹے برتن مانجنے اور مرد ان کی چلم بھرنے، یا بھکاری بننے پر مجبُور کر دیئے گئے ہیں

سب کو مساوی حقوق اور مواقع دینے کے جو سُنہری وعدے کیئے گئے تھے انکو دانستہ بھلا کر حکومت کے طبقہ و علاقہ نواز با اختیار پالیسی ساز سیکرٹریوں نے سب کچھ فقط اپنے تعلقداروں کے لیئے مخصوص کر لیا

اسلام کے دعویدارو!

ان بدترین حالات میں اگر کوئی دھوکہ باز بھی ان محروم اور مایوس لوگوں کو ورغلا گیا تو یہ سب اسی کے ہو جائیں گے، ملک کی سلامتی اور قومی یکجہتی ہی کی خاطر ان مسائل کو حل کرنے پر توجہ دیجیئے! صوبائی توازن اب بہت ضروری ہو گیا ہے۔

بناوٹی اکثریت طاقت جبر اور عیاریوں کے بل پر فقط وسطی پنجاب کی چودھراہٹ کو سارے ملک پر مسلط کرنے والے خود غرضوں کو یہ نوٹ کر لینا چاہیئے کہ جہاں وہ ساری قوم کے ساتھ زیادتی کر رہے ہیں وہاں وہ خود ہی پنجاب کی بدنامیوں اور اس سے نفرتوں میں بھی اضافہ کر رہے ہیں اور وہ بھی فقط وسطی پنجاب کے چند متعصب خاندانوں کی لوٹ کھسوٹ کو جاری رکھ کر، کیونکہ سرکاری و غیر سرکاری کلیدی عہدے اراضی صنعتی و تجارتی لائسنس سہولتیں اور قرضے صرف انہی کے لیئے مخصوص کیئے گئے۔ اگر واقعی ملک کو مزید ٹوٹ پھوٹ سے بچانا ہے تو ان دراز دستوں کو روکنا ہو گا۔ جبر سے تو کوئی ہمیشہ زیر نہیں رہتا، جبکہ اس کے وجود کو تسلیم کرتے ہوئے اس کے اپنے حقوق اسے نہ دیئے جائیں تو ایک دن اپنا حقیقی بیٹا بھی باغی ہو جاتا ہے...... پیشتر اس کے کہ مسلسل محرومیوں کی وجہ سے نفرتوں کی آگ بھڑک اٹھے ملک اور قوم کے اجتماعی مفادات کو اوّلیت دیتے ہوئے، فقط پنجاب کے تین یونٹ بنانے میں اب مزید دیر ہرگز نہیں کی جانی چاہیئے، ورنہ حالات قابو سے باہر ہو جائیں گے۔

رکاوٹ اور سازشیں۔ وہ عناصر جو ماضی میں بہاولپور کو صوبائی حیثیت دلانے میں رکاوٹ بنے تھے اب وہی پھر سرائیکی صوبہ کی مخالفت کے لیئے بہاولپور کے بھولے لوگوں کو اپنا آلۂ کار بنانے کی

سازش کر رہے ہیں، کیونکہ سرائیکستان کے قیام سے پاکستان کی نصف آبادی جو سالہا سال سے ملک میں قدیم سے سرائیکی بولتی ہے، اس کا وجود تسلیم ہو جائے گا، یہی وہ اصل تکلیف ہے، جس کو مخالف گوارا نہیں کر رہے سرائیکیوں نے تو کسی کے وجود سے انکار نہیں کیا، ہم بھی تو وہی حقوق طلب کر رہے ہیں، جو باقی تمام کو حاصل ہیں ہم پنجاب کے غلام نہیں رہیں گے۔

سرائیکستان اور پوٹھوہار کے صوبوں ہی سے چھوٹے صوبوں کو عافیت نصیب ہو گی ورنہ وہ باغی ہو جائیں گے لیکن حریص ملک دشمن تو اپنی بالاتری اور استحصال برقرار رکھ کر ملک کا خاتمہ چاہتے ہیں، پنجاب کی جائز تقسیم کو رکوانے ہی کی خاطر وہ دوسرے چھوٹے صوبوں کو تقسیم کرنے کا شوشہ چھوڑتے ہیں اور کبھی کراچی والوں کو اکساتے ہیں تاکہ اصل مسئلہ دب جائے، ذرائع ابلاغ پر قابض ہونے کی وجہ سے حقوق طلب کرنے والوں کو اکثر اسلام اور پاکستان کا دشمن کہہ کر خاموش کرانے کی سازش کی جاتی ہے، تو کیا ان سازشوں کے خوف سے خاموشی اختیار کی جا سکتی ہے۔

پسماندہ اور محروم رکھے گئے علاقوں کے نوجوان سیدھے استحصال کی زد میں ہیں وہ کب تک صبر کر سکتے ہیں؟ بے روزگاری نے ان کی زندگی کو تباہ کر رکھا ہے، شنوائی نہیں ہوتی، غاصب طبقہ ملک کو تباہ کرنے پر تلا ہوا ہے۔ اسی خود غرضی اور حریص طبقہ نے آدھا ملک تو کھو دیا ہے، اب وہی سنگین حالات ہیں!

یادداشت

راز جتوئی

معزز قارئین

میں اپنی تحریریں اکثر آپ کو بھیجتا رہا ہوں اب جو دستیاب ہیں انکو یکجا کر کے اس کتاب میں اس لیئے پیش کر رہا ہوں تاکہ تاریخ کے صفحات میں ریکارڈ رہے! آپ نے پڑھا ہوگا کہ میں نے ان زیادتیوں کی نشاندہی کی جو واقعی ناانصافیاں ہیں اگر کہیں آپکو میرا لہجہ سخت لگے تو یہ میرے درد کی تڑپ اور احوال کی اصلاح کا جذبہ ہی سمجھیئے نہ کہ کسی سے نفرت دلانا مقصود ہے۔۔۔ میں نے بار بار ایک سی باتوں کو دُہرایا ہے آپ کا یہ خیال بالکل بجا ہے کیونکہ بنیادی طور پر ناانصافیاں اور محرومیاں تو وہی ہیں ۱۹۷۰ء سے وقفہ وقفہ سے میں نے ان میں کچھ اضافہ یا انداز بدل بدل کر انہی کا احساس اسلیئے دلایا ہے کہ کبھی تو قاری کے دِل پر اثر ہوگا، اور اس کا احساس انگڑائی لے گا، چنانچہ میری لگاتار محنت اور خدمت نے اپنا اثر دکھا ہی دیا کہ اکثر نوجوان بیدار ہوئے، آج وہی سرائیکی تحریک کے سرفروش رضاکار اور مختار ہیں کیونکہ قدم قدم پر انہیں ہی اس استحصال سے واسطہ پڑ رہا ہے، کالی بھیڑیں تو ہر قوم میں ہوتی ہیں جو عارضی مفادات پر اپنی عزت کو بھی قربان کر دیتی ہیں، انکو علم نہیں کہ جب کوئی قوم غلام ہو جاتی ہے تو وہ وقتی مفاد پرست بھی غلام شمار ہوتے ہیں! آپ مایوس ہرگز نہ ہوں، "آزاد" کا سورج ضرور طلوع ہوگا۔ سرائیکی تحریک کی جانداری کو بھانپ کر ہی مخالفین ایک عرصہ سے اپنی آبادی کو سارے پاکستان میں پھیلا رہے ہیں انکو علم ہو چکا ہے کہ ایک دِن صوبوں کو متوازن کرنا پڑے گا۔ اسی لیئے ہر جگہ وہ اپنی موجودگی اپنے لیئے سودمند سمجھتے ہیں، اگر آپ متحد رہے اور آپ کی آواز بھی بلند رہی تو آپ کا وجود اور حقوق ضرور تسلیم ہوں گے، شرط یہ ہے کہ آپ میں سے ہر ایک خود کو لیڈر نہ منوائے، بلکہ خود خادم ثابت ہو اگر آپ کی ذراسی قربانی سے منزل آسان ہو جائے تو یہ سودا آپ کو مہنگا ہرگز نہیں! خدا آپ کو توفیق دے۔

دستک

یہ تو آپ جانتے ہیں کہ ہماری پہچان سرائیکی زبان ہے جو لوگ اپنی پہچان کھو بیٹھتے ہیں، آخر کار ان کا وجود ہی ختم ہو جاتا ہے، اور وہ کسی سازشی اور عیار طبقے کے غلام ہو جاتے ہیں اگر ہم لاتعلق اور غافل رہے تو ہمارا حشر یہی ہو جائے گا۔ تو ہم سے بڑا مجرم کون ہوگا؟ ایسے بھیانک انجام سے دل کانپ جاتا ہے جبکہ دوسروں نے اپنا اپنا وجود تسلیم کرایا ہوا ہے تو ہمارے جائز مطالبے پر کفر کیوں لگے؟ یہ استحصالی طبقے کی ایک سازش ہے جو ہمیں اپنا غلام بنانا چاہتا ہے! آئیے غور کریں کہ ہم سرائیکی لوگ جو پاکستانی قوم کا ایک قدیمی اور اکثریتی حصہ ہیں اپنی پہچان یا وجود کو کماحقہٗ تسلیم کرانے میں آج تک کامیاب کیوں نہیں ہو سکے؟ ہمیں یہ تسلیم کر لینا چاہیئے کہ ہماری اپنی کچھ کوتاہیاں ایسی ضرور رہیں جو ہمیں ناکام کر رہی ہیں۔ انکی نشاندہی اور ان کا مداوا کرانے کیلئے بڑی بے چینی کے ساتھ آج اس عریضہ کے توسط سے میں آپ کے درِ دولت پر دستک دینے کے لیئے پھر حاضر ہوا ہوں۔ آپ کو یہ بھی معلوم ہو کہ سب سے پہلے ایک سازشی اور استحصالی طبقے نے پہل کر کے قومی ذرائع ابلاغ فلم انڈسٹری اور پریس کے ذریعے قومی زبان (اردو) سے بھی زیادہ اپنی زبان کو تمام پاکستانیوں پر ٹھونسنا شروع کر دیا تھا جس پر دوسری زبانوں والوں نے سر اٹھا کر اپنی اپنی زبان کا استحقاق تو منوا لیا، لیکن سرائیکی زبان والوں کی خاموشی کی وجہ سے سرائیکی زبان کو اس کے جائز حق سے دانستہ محروم رکھا گیا، بعد میں ہمارے کچھ بزرگوں کو محسوس ہوا کہ سرائیکیوں کو اس طرح ہضم کرنے کی سازش ہو رہی ہے ان کی جدوجہد سے اس وقت تک سرائیکی زبان کو ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ اسماعیل خان ریڈیو اسٹیشن مل چکے ہیں، اگر آپ بھی انہی کے مخلصانہ جذبے کی طرح

کوشش کریں تو سرائیکی زبان کے لیے کم از کم ایک ٹیلی ویژن اسٹیشن تو ضرور حاصل کر لیں گے ،

ہمارے نمائندے ..... انہوں نے اپنے عوام کے ایسے مسائل کو کسی حکومت کے سامنے رکھنے کی کبھی جرأت ہی نہیں کی ، یہ لالچی اور خودغرض صرف انتظامیہ کی خوشامد میں لگے رہتے ہیں ہر اسمبلی سے ان کا گٹھ جوڑ ہو جاتا ہے ، یہی مغرور وڈیرے آڑے وقت میں اپنے ووٹروں کے کام نہیں آتے ، بلکہ انہیں اور دبانے کی کوشش کرتے ہیں جس کی وجہ سے لوگ ان سے اکثر نالاں رہتے ہیں ۔ اور بیرونی وقتی خوشامد کرنے والوں کو ووٹ دینا قبول کر رہے ہیں اس طرح بیرونی عناصر ہمارے ہاں سیاسی اور سماجی طور پر اپنے پنجے گاڑھ رہے ہیں ، وڈیروں کا یہی رویّہ رہا تو بیرونی عناصر ہم سب پر چھا جائیں گے ، ان کو جھنجھوڑنے کی سخت ضرورت ہے ، آپ اپنے علاقہ کے نمائندوں کو لکھا کیجیئے !

ہمارے قلم کار !... حکومت اور اپنے صاحب استطاعت لوگوں کی سرپرستی کے بغیر فقط اپنے طور پر ہمارے لکھاریوں نے سرائیکی ادب میں کافی پیش رفت کی ہے ، جو قابل ستائش ہے ! ادب میں اضافے کے علاوہ اگر سرائیکی لوگوں کو عملی طور پر مستعد کرنے پر بھی توجہ دی جاتی تو بہت کارآمد ہوتا ، بلاشبہ کسی قوم کو بیدار کرنے میں دردمند اہل قلم کا بڑا ہاتھ ہوتا ہے ، اور یہی وہ لگن ہے جو کسی اہل درد ادیب کو امر بنا دیتی ہے ، خدا آپ کو اس اعزاز سے نوازے !

ہماری پستی ... ہر ایسی قوم جو خوشامدی عیش پسندی ، جوئے بازی ، بیکاری اور آپس کے حسد میں غرق ہو جاتی ہے انجام کار وہ اپنی جائیداد بیچ کر بھکاری اور پھر دوسروں کی غلام ہو جاتی ہے کیا ہم اس غار میں نہیں گرتے جا رہے ، اگر ہمیں اپنی بقا واقعی عزیز ہے تو آپس کے نفاق اور کدورتوں کو ترک کر کے ہمیں متحد اور فعال ہونا پڑیگا ، اور ہمیں خود ہی سنبھلنا ہوگا ۔

لائحہِ عمل

"راز جتوئی"

چند کرم فرماؤں نے مشورہ دیا کہ مختصر لکھا کروں، انکی یہ مہربانی بالکل بجا، لیکن میں اکثر نوجوانوں سے مخاطب ہوں جنکو گزشتہ حقائق اور واقعات سے آگاہ کرنا ضروری سمجھتا ہوں، تاکہ کہیں بحث میں وہ معترض کو جواب تو دے سکیں۔ دوسرا اعتراض یہ ہے کہ میں سرائیکی کی بجائے اُردو میں کیوں لکھتا ہوں اسکی وجہ یہ ہے کہ اپنی تحریریں اور دلائل مُلک کے اخبارات اور حکومتی اداروں کو بھی بھیجتا ہوں تاکہ وہ ہماری تکالیف مسائل اور ہمارے احساس کی شدت کو نوٹ کر کے ان کا مداوا کریں، خواہ وہ شنوائی نہ کریں، زمانہ تو گواہ رہتا ہے کہ کوئی تو چیختا رہا! میرے لکھنے کا مقصد نا انصافیوں کی نشاندہی اور غاصبانہ کرتوت کو ظاہر کرنا ہے، نہ کہ کسی کے خلاف نفرت پھیلانا، صرف حالات کی اصلاح اور مسائل کا حل مطلوب ہے جس سے مُلک مستحکم اور قوم میں اخوت پیدا ہو، ایسا سوچنا ہر مُحبِ وطن کا حق ہی نہیں بلکہ فرض ہے،

مخالفین

سرائیکی وسیب کے مخالف اصل وہ عناصر ہیں جو پنجاب بیوروکریسی کی سرپرستی میں وسطی پنجاب سے آکر یہاں کے مُہاجروں قدیم آبادکاروں اور مقامیوں کے وسائل اور اراضی پر غاصبانہ قبضہ کرتے ہیں اور ہمارے درمیان نفرت اور نفاق پیدا کرنے کی سازشیں بھی کرتے رہتے ہیں ان سب زیادتیوں کے ذمہ دار اصل میں پنجاب کی بیوروکریسی اور اسکے ہدایت کار پالیسی ساز سیکرٹری ہیں انکی طبقہ و علاقہ نوازی ہی نے ملک کو بحرانوں میں مبتلا کر رکھا ہے!

مہاجروں اور قدیم آبادکاروں کو ہم اپنا جائز حصہ دار مانتے ہیں انکو بھی بیرونی عناصر کی بجائے اس وسیب اور اسکے باسیوں سے وفا اور پیار کرنا چاہیئے ان سے حریفانہ مقابلہ کی بجائے ترقی اور روزی میں تعاون کرنا چاہیئے اس ہمدردی

سے اخوت پیدا ہو گی، جبکہ ہم ایک دوسرے کی شادی غمی میں شریک اور ہمارے قبرستان بھی اکٹھے ہیں اور اس وسیب کے نفع و نقصان میں بھی برابر کے حصے دار ہیں تو ہم ایک دوسرے سے نفرت کیوں کریں؟ اور حسد بھی کیوں؟

کچھ لوگ سرائیکی کا نام سنتے ہی منہ بسور لیتے ہیں سوچیئے آخر یہ رویّہ کیوں اپنایا گیا؟ جبکہ ہم نے تو کسی کی زبان وجود اور صوبے پر اعتراض کبھی نہیں کیا تو کسی کو کیا حق ہے کہ وہ پاکستان میں قدیم سے سب سے زیادہ بولے جانے والی سرائیکی زبان اور اسکے بولنے والوں کے وجود سے نفرت کرے، یہ بے ایمانی اب ختم ہونی چاہیئے جبکہ پنجابیوں کا پنجاب، سندھیوں کا سندھ، بلوچوں کا بلوچستان اور پٹھانوں کا اپنا اپنا صوبہ گوارا ہے تو سرائیکیوں کے سرائیکستان کو قبول نہ کرنیکا کیا جواز ہے؟

سارے پاکستان کو پنجابستان، ہرگز نہیں بننے دیا جائے گا یہ ہلاکت خیز سازش اب ختم ہو جانی چاہیئے! کیا سرائیکستان کے قیام سے نہ صرف سرائیکیوں کو کیا فائدہ ہو گا؟ ہرگز نہیں، مہاجر اور قدیم آباد کار جو اپنی محنت کی وجہ سے علم صنعت اور تجارت میں مقامیوں سے بہت آگے ہیں، ہر نئے کام میں اور نوکریوں میں بھی اپنی صلاحیت کی وجہ سے پیش پیش ہونگے اور سوچنے کی بات یہ بھی ہے کہ لاہور تو یہاں سے کچھ سو میل دور ہے اگر صوبے کا صدر مقام ملتان ہو تو کیا اس کا فائدہ بھی صرف سرائیکیوں کو ہو گا؟ نوجوانو! محنت خلوص کا پیمانہ ہے۔

سرائیکی نوجوان! سرائیکی تحریک کے ورکروں کی تربیت پر کوئی توجہ نہیں دی گئی جس کی وجہ سے اکثر نوجوان ہوش کی بجائے بے جا جوش سے سرائیکی سے ہمدردی رکھنے والوں کو بھی دور کرتے جا رہے ہیں ان کو شائستگی اور ٹھنڈے مزاج سے بات کرنی چاہیئے اور خصوصاً مہاجروں اور آباد کاروں کو عزت دینی چاہیئے اور اعتراض کا جواب دلیل سے دینا چاہیئے۔ ان کو مشترکہ دشمن کی سازشوں سے آگاہ کرنا چاہیئے، مخلص نوجوان ہی تحریک کو کامیاب کرا تے ہیں، نوجوانوں پر لازم ہے کہ وہ دیہاتوں میں پھیل جائیں اور عوام کو تحریک کے مقاصد سے آگاہ کریں

معزز قارئین! **کیا آپ جانتے ہیں کہ**

کس طبقے کے بدمعاشوں نے لوبہ ٹیک سنگھ میں

بنگالیوں کے لیڈر مولانا عبدالحمید بھاشانی کے سر سے ٹوپی بھرے جلسے میں اُتار پھینکی تھی؟

اور کون

بنگالیوں کی قربانیوں اور ان کی پاکستان سے بے پناہ محبّت کے باوجود ان سے نفرت کرتے تھے؟

خواجہ ناظم الدّین بنگال کے مقبول لیڈر اور قائداعظمؒ کے وفادار اور ساتھی کو پنجاب کے کس پلید اخبار نے ہاضم الدّین لکھا تھا؟

کس طبقے نے بنگالیوں کے عظیم لیڈر اور قائداعظمؒ کے پیارے ساتھی حسین شہید سہروردی کو ناکام کیا تھا؟

اور لاہور میں قرارداد پاکستان پیش کرنے والے بنگالی لیڈر فضل الحق کو بھی ذلیل کیا تھا؟

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ وہ طبقہ ہے! جو اپنے سوا سب پاکستانیوں کو آج اسلام اور پاکستان کا دشمن کہتا ہے۔ کیا یہ طبقہ سچّا ہے؟

اے سب کے خدا!

تو جانتا ہے سب کھوٹے کھرے

میری بار کیوں دیر اتنی کری

"از سرائیکی چوکیدار"

* پاکستانی عوام کی بدقسمتی یہ رہی ہے کہ پاکستان بنتے ہی انگریزوں کا ایجنٹ اور پالتو طبقہ حکومتی اداروں کے پالیسی ساز کلیدی عہدوں پر اُچک کر قابض ہو گیا جس نے طبقہ و علاقہ نوازی کرتے ہوئے صرف اپنے لوگوں اور علاقوں کو ملک کے تمام وسائل سے خوب فیضیاب کیا۔ ملکی صنعت، تجارت اراضی اور اعلیٰ ملازمتوں کے علاوہ علمی، فنی اور زرعی اعلیٰ تربیت گاہوں کو صرف اپنے لوگوں اور علاقوں کے لئے مخصوص کیا گیا جس سے صرف یہی طبقہ علمی، فنی اور مالی لحاظ سے پسماندہ اکثریت پر فوقیت یا غلبہ پا گیا اس کی قوتِ خرید کو دانستہ بڑھایا گیا۔ اسی لئے پسماندہ علاقوں کی جائیدادیں خرید کر کے بھی یہ سازشی طبقہ ان پر مسلط ہوتا جا رہا ہے اس کی اس یلغار پر جب واویلا ہوتا ہے تو اس استحصالی طبقے کے پالتو اہلِ لوقت اور بلیک میلر اخبار جائز احتجاج کرنے والوں کے منہ بند کرنے کیلئے علیحدگی پسندی کے مکروہ الزامات دیتے ہیں ..... ہر حاکم وقت کے دور میں اسی طبقے کے حکومتوں کو چلانے والے سیکرٹری اجارہ دار محفوظ رہتے ہیں۔ ان سازشیوں پر ہاتھ ڈالنے کی جسارت کسی سے نہیں ہو گی۔ یہی وجہ ہے کہ طبقہ و علاقہ پرستی بدستور جاری ہے ... جب تک اس اساسی محکمہ کے کلیدی عہدوں میں پاکستان کے سب طبقوں کو شریک نہیں کیا جاتا ملک اور عوام میں استحکام اور اخوت پیدا نہ ہو گی۔ اس اصل خرابی پر فوری توجہ کی اشد ضرورت ہے!

* خود مختار سیکرٹریوں کے بھیجے ہوئے اپنے اعلیٰ افسر علاقوں میں پہنچ کر اپنے لوگوں کو وہاں بلا کر جعلی ڈومی سائیلز بنوا دیتے اور وہاں کی اراضی اور ملازمتیں دیکر وہاں کے اصل حقداروں کو محروم کرتے ہیں اس سازشی عمل سے پہلے کے ترقی یافتہ طبقے کو پسماندوں پر مسلط کر کے ان کو ترقی کے نئے مواقع سے استفادہ کرنے سے محروم کیا گیا۔ جس سے محرومی مایوسی اور نفرت نے جنم لیا۔ عوام اب اس سازش کو شدت سے محسوس کرتے ہیں!

* ہر نئے حاکم ملک کے گرد ایسے موقعہ پرستوں کا حصار ہو جاتا ہے جو اسے اپنے شیشے میں اُتار کر عوام اور ان کے اصل مسائل سے دور کر دیتے ہیں۔ یہ مفاد پرست خود اور اپنے تعلقداروں کے لئے ڈھیروں مفادات سمیٹتے رہتے

ہیں۔ عوام کے دِل ایسے پرچیب حاکم مجازی کی آنکھ کھلتی ہے تو یہ خود غرض آنکھیں پھیر چکے ہوتے ہیں۔ اب تو ایسے عیار اور خطرناک عناصر سے ہوشیار رہنے کی زیادہ ضرورت ہے!

★ اب تک یہاں جو طریقۂ انتخاب مروّج ہے اس میں تو صرف جاگیردار اور لٹیرے صنعتکار سرمایہ دار ہی حصہ لے سکتے ہیں جو اسمبلیوں میں صرف اپنے طبقے کے دوام اور تحفظ کے قانون بناتے رہتے ہیں۔ عوام کے مسائل، مصائب اور محرومیوں سے انہیں کوئی سروکار نہیں رہا۔ اگر واقعی ملک کے اندرونی مسائل کو حل کرنا ہے تو اب ضروری ہوگیا ہے کہ دوسروں کی نقالی کرنے کی بجائے پاکستان کے اپنے مخصوص تقاضوں کے مطابق متوسط غربا اور امیروں کو آبادی کے تناسب سے نمائندگی دینا ہوگی۔ اسی طرح ہر طبقہ اپنے اپنے حقوق کا تحفظ کر سکے گا۔ امیروں اور غریبوں کے فاصلے اور نفرتیں کم ہوں گی اور تصادم کا خطرہ بھی نہ رہے گا۔ **پاکستان کا یہ پُرامن انقلابی اقدام دنیا کیلئے قابلِ تقلید مثال ثابت ہوگا!**

★ انگریز جو آبادی اور علاقوں کو کم و بیش رکھ کر "لڑاؤ اور حکومت کرو" کی حکمت پر گامزن تھے ان غیروں کے بنائے کم اور زیادہ صوبوں کو اب تک ہم گلے لگائے ہوئے ہیں۔ اسی وجہ سے ہمارے ہاں علاقائی اور طبقاتی کشمکش زوروں پر ہے۔ صوبوں میں توازن اور عدل ہی سے پاکستانی عوام میں اخوت اور اتحاد پیدا ہوگا۔ ملک اور عوام کی سلامتی اور اجتماعی فائدے کی خاطر اب نہایت ضروری ہوگیا ہے کہ صرف پنجاب جو چھ کروڑ آبادی کے تناسب سے اسمبلیوں میں بہت زیادہ نشستیں حاصل کرتا ہے اور مالی مفادات بھی سب صوبوں سے زیادہ پاتا ہے جو سب وسطی پنجاب کی صنعتی ترقیوں اور آرائش پر خرچ ہوتے رہتے ہیں۔ اس حقیقت کو کون جھٹلا سکتا ہے کہ تینوں چھوٹے صوبے مل کر بھی پنجاب سے اپنے حقوق نہ منوا سکے۔ اسی وجہ سے وہ سب بھی نالاں اور مضطرب رہتے ہیں۔ وہ پنجاب ہی کو بالادست اور استحصالی پاتے ہیں۔ کیونکہ وسطی پنجاب کے لوگوں کو سرائیکی علاقوں اور دوسرے صوبوں میں منتقل کرنے کی سازش ابھی جاری ہے، جبکہ روزی کے لئے دوسرے صوبوں کے افراد تو پنجاب نہیں جاتے پنجاب کی اس سازش کی وجہ سے اس سے نفرت بڑھی ہے۔ دریں حالات پنجاب کی مصنوعی بڑائی اور اس کی مسلسل بالادستی پر بقیہ پاکستان کی بقا اور سالمیت برقرار رکھنے کو ترجیح دینا ہی اب پاکستان سے صحیح محبت اور وفاداری رہ گئی ہے

لہٰذا محرومیوں، نفرتوں کو ختم کرنے اور صوبوں کو متوازن کرنے کی خاطر عارضی طور پر سب سے بڑے صوبہ پنجاب کے تین یونٹ بنائے بغیر اب کوئی چارۂ کار نہیں رہا۔ کیونکہ یہ طے شدہ بات ہے کہ پنجاب کے مسلسل استحصال اور غلبہ کو اب کوئی بھی برداشت نہیں کر سکتا۔ انہی مجبوری اور ضروری آپریشن پر وہی عناصر سیخ پا ہو کر اسے علیحدگی پسندی قرار دیتے ہیں جو دوسروں کو مفتوحہ سمجھ کر خود اکیلے ملک کے تمام وسائل پر مزید قابض اور غاصب رہنا چاہتے ہیں۔ ان کے اسی عمل قبیح ہی سے ملک آدھا ختم ہو چکا ہے۔ اس تجویز سے انحراف سے بقیہ ملک ہرگز سالم نہ رہے گا۔ جبر سے تو دوستی اور اخوت پیدا نہیں ہوتی بلکہ فاصلے اور نفرتیں بڑھتی ہیں۔

★ وسطی پنجاب والوں کے ذرائع ابلاغ پر بھی اجارہ داری اور غلبہ کی وجہ سے پنجابی بولی کو فلموں، ٹیلیویژن، ریڈیو، اخبارات اور درسگاہوں کے ذریعے سارے پاکستانیوں پر زبردستی مسلط کیا جا رہا ہے جس سے پنجاب کی ناجائز توسیع پسندی اور بھی واضح ہو گئی ہے۔

★ سرائیکی جو سکھوں کی یلغار سے قبل لاہور تک کی زبان اور ثقافت تھی۔ رنجیت سنگھ جیسے حملہ آوروں اور ان کے ہمنواؤں ... ان کے ...

★ سرائیکی جو سکھوں کی یلغار سے قبل لاہور تک کی زبان اور ثقافت تھی۔ رنجیت سنگھ جیسے حملہ آوروں اور ہتھیاروں نے بڑھتے بڑھتے اب سرائیکی عوام اور زبان کو سرگودھا۔ ملتان، ڈیرہ جات، بہاولپور اور پوٹھوہار تک محدود کر لیا ہے۔ اب تو ڈھٹائی سے سرائیکی جیسی قدیم زبان کو کل کی پنجابی کا انگ کہنے پر اصرار بھی کیا جا رہا ہے جبکہ سرائیکی تو دریں سندھ اور بلوچستان کے قدیم کروڑوں پاکستانیوں کی قدیم ثقافت اور زبان بھی ہے۔ پاکستان کی اس نصف آبادی کو فلموں، ٹیلی ویژن، ریڈیو اور درسگاہوں سے اپنی پیاری ثقافت اور زبان سے دانستہ محروم کرنا بددیانتی اور ناانصافی نہیں تو اور کیا ہے؟ جبکہ وہ اربوں روپیہ حکومتی ٹیکس، مالیہ اور واجبات بھی ادا کرتی ہے!

★ سرائیکی علاقوں میں کپاس، گندم، گنا، تیل کے بیج، اون، چمڑہ وغیرہ بے شمار ہیں لیکن ان کے کارخانے وسطی پنجاب میں ہیں۔ یہاں جو چند کارخانے ہیں ان میں مقامی نوجوانوں کو نہ تربیت دی جاتی ہے اور نہ ہی ملازمت۔

★ اگرچہ سرائیکی علاقوں اور چھوٹے صوبوں میں وسطی پنجاب اور کراچی جیسی علمی، فنی اور زرعی اعلیٰ تربیت گاہوں کی دانستہ کمی رکھی گئی ہے اسکے باوجود ادھر اب اعلیٰ تعلیم و تربیت یافتہ بیشمار نوجوان

بیروزگار ہیں۔ ان کی یہ حوصلہ شکنی ان کو مشتعل کر رہی ہے۔

★ سرائیکی علاقوں اور چھوٹے صوبوں میں اکثر بلوچ، مغل، سید، اعوان اور راجپوت جیسے باغیرت محب وطن اسلام کے شیدائی اور جنگجو قبائل آباد ہیں۔ لیکن ان کو دانستہ فوج میں بھرتی نہیں کیا جاتا۔ اسی طرح دیگر حکومتی کلیدی عہدوں تک ان علاقوں کے باصلاحیت نوجوانوں کو نہیں پہنچنے دیا جاتا۔

★ ایسی تمام ناانصافیوں اور عوام کی محرومیوں پر بھی ان علاقوں کے بے حس نمائندے اسمبلیوں میں کوئی احتجاج نہیں کرتے۔ کیونکہ وہ خود بھی عوام کو پسماندہ اور بیروزگار رکھ کر اپنا محتاج رکھنا چاہتے ہیں تو ایسے عوام دشمن افراد علاقے کے حقیقی نمائندے کیسے ہو سکتے ہیں؟ یہ عوام فراموش اور خود فروش تو فقط ذاتی مفادات کی خاطر اسمبلیوں میں جاتے ہیں۔ ان ٹاؤٹوں کے خلاف ایک بھرپور مہم چلانا ہوگی۔

★ اکثر جاگیردار اور لیٹرے صنعت کار ابھی تک پنے ہی غریبوں کا خون چوس رہے ہیں۔ اور ان سے نفرت بھی کرتے ہیں۔ یہ نام نہاد وڈیرے فقط حکومتی واجبات اور اپنے گھناؤنے جرائم سے بچنے کی خاطر ہر آمر وقت کے ہاتھ پر بیعت بھی کرتے رہے ہیں۔ ان کا سیاسی نظریہ کچھ بھی نہیں۔ البتہ یہ کرسی کی خاطر کسی ملک اور عوام دشمن سے بھی سمجھوتہ کر سکتے ہیں۔ ایسے ناقابل اعتماد و مفاد پرست ٹولہ کو عوام کا نمائندہ بنانا اب تو بے سود ثابت ہو چکا ہے۔ ان سے کافی زخم کھانے کے بعد اب عوام کافی ہوشیار ہو چکے ہیں۔ انشاءاللہ آئندہ انتخابات میں ان دھوکہ باز خاندانوں کو عوام بالکل ہی مسترد کر دیں گے۔

"وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغ" "پاکستان پائندہ باد"

۲۰ دسمبر ۱۹۸۸ء

اس سچ کی ہوا بھی گواہیاں دے گی
کہ تمہارے ظلم تمہارے ہی نام لکھتا ہوں

کاوشِ قلم

مرید حسین خاں راز جتوئی

چوک سرائیکی خانپور کٹوڑہ

ن: اپنے ضلع کے ممبران کو پوسٹ فرما دیجئے۔

"شکریہ"!

سرائیکیوں کے خلاف سازشیں

جغرافیائی استحصال: تاریخ سے ثابت ہے کہ راوی تک کے تمام علاقے قدیم ترین حکومتی مرکز ملتان کے ماتحت تھے۔ انکی ثقافت اور زبان بھی ملتانی (سرائیکی) ہی تھی۔ انکی تصدیق حضرت شاہ حسینؒ لاہوری کی سرائیکی کافیوں سے بھی ہوتی ہے ملتان کے حاکموں نے مغلوں کو خراج ادا کرنے میں سرکشی کی تو مغلوں نے لاہور کے ساتھ کے علاقوں کو مرکز ملتان سے جُدا کرکے راوی سے پار کا علاقہ جو اُسوقت بالی کہلاتا تھا کے ساتھ ملا کر فارسی نام پنجاب دیدیا۔ یہ صرف پانچ چھ سو برس کی بات ہے۔ اس کے بعد رنجیت سنگھ نے یلغار کرکے ڈیرہ غازیخان تک کے علاقوں کو جبراً اپنے پنجاب میں شامل کرلیا۔ انگریزوں نے بھی سرائیکیوں کو آزادی پسند پاکر ان کے پار کے علاقوں (ساہیوال وغیرہ) میں اپنے وفادار پنجابیوں کو کافی اراضی نئے شہر اور نہری نظام سے خوب نوازا۔ کیونکہ علما کی تلقین پر سرائیکی لوگ فرنگیوں کو بیرونی غاصب سمجھتے اور انکی نئی تعلیم اور فوج کی نوکری سے بھی نفرت کرتے تھے۔ لہٰذہ انگریزوں نے انکو قبائلی سرداروں کی غلامی میں رکھنا اور پسماندہ رکھنے میں ہی اپنی عافیت سمجھی۔ لیکن حریص پنجابیوں نے انگریزوں کی تابعداری کرکے خوب مفادات سمیٹے اور سرائیکیوں کو بھی کمزور کرنے میں انگریزوں کی بڑی مدد کی۔ حرص کیوجہ سے پنجابیوں کو اسلام سے کوئی خاص لگاؤ نہ تھا۔ اسلیئے ان کے علاقوں میں عیسائیت، قادیانیت اور سکھ مذاہب خوب پھیلے۔ جس مذہب نے بھی لوگوں کو مادی سہولتیں زیادہ فراہم کیں لوگوں نے اُسے جھٹ قبول کرلیا۔ لیکن سرائیکیوں نے غربت سے تنگ آکر اپنا مذہب کبھی تبدیل نہیں کیا۔ اسی لیئے پاکستان سے پہلے ان نئے مذاہب کو سرائیکی علاقوں میں کوئی مقام نہ ملا۔ کیونکہ سرائیکی علاقوں میں اسلام کی جڑیں کافی گہری ہیں۔ اس لیئے آج بھی خصوصاً سرائیکی علاقوں میں جیسا شخص بھی اسلام کے مقدس نام پر ووٹ مانگتا ہے اسلام کے یہ فدائی اس کے فریب میں آجاتے ہیں۔ خدا جانے یہ سادہ لوح عوام کب تک ایسے دھوکہ بازوں سے زخم کھاتے رہیں گے! انگریزوں نے سرائیکیوں کو منتشر رکھنے کی خاطر انکی پہچان (زبان) کو مختلف علاقائی نام دے رکھے تھے۔ فرنگیوں کی اس سیاسی چال کو کافی عرصہ تک ہمارے سادہ مزاج بزرگوں نے نہ سمجھا۔ آخر ۱۹۶۲ء میں لاہور ہی میں سرائیکی کے دانشوروں پر واضح ہوا کہ پنجابی توسیع پسند سرائیکی زبان پر قابض ہوکر پاکستان کے تمام سرائیکیوں کو بھی ہضم کرنا چاہتے ہیں۔ تب ہی سے ہم اپنے علاقائی ناموں (ریاستی ملتانی، ڈیریوالی، جھنگوی، جٹکی اور ہندکو وغیرہ) کو ترک کرکے **سرائیکی** پر متفق ہوکر اپنے قومی وجود کو تباہ ہونے سے بچانے اور اپنا صوبہ حاصل کرنے کی جدوجہد کر رہے ہیں۔ سرائیکی جیسی سوئی ہوئی قوم کو جگانے میں ہمارے اپنے خود غرض اور قوم کے درد سے عاری لوگوں نے بھی ہم پر بہتان تراشے۔ جو ہم نے اپنے خلوص کا امتحان سمجھ کر بڑے صبر سے برداشت کرکے بغیر کسی صلے کی اُمید کے اپنا سب کچھ اس مہم میں لگادیا۔ کیونکہ بہر صورت ہمیں سرائیکیوں سے مایوسی ختم کرکے اور ان میں اپنے چھینے ہوئے حقوق حاصل کرنے کی جرأت پیدا کرنا

تھی۔ چنانچہ ہم نے اللہ کے فضل وکرم اور اپنی لگاتار بیدار کن تحریروں سے اپنی زندگی ہی میں سرائیکی عوام کا شعور بیدار ہوتا دیکھ لیا ہے۔ جسکو ہم اپنی خوش نصیبی سمجھتے ہیں۔ لیکن دُکھ کی یہ بات ہے کہ جن لوگوں کی آنیوالی نسلوں کو ہم مسلط ہونیوالی غلامی سے بچانے میں ہلکان ہو رہے ہیں اسکا انہیں کوئی فکر ہی نہیں۔ ہمارے اکثر بزرگوں کو پہلے تو واقعی یہ احساس نہ تھا کیونکہ وہ مخلص لوگ اپنی روائتی فراخدلی سے خوب سرشار تھے۔ لیکن ہمارے جھنجوڑنے اور بار بار کی نشاندہی پر اب انہوں نے مخالفین کی گھنونی سازشوں کو خود دیکھ لیا ہے۔ خصوصاً سرائیکیوں کی نئی نسل نے تو ان استحصالی سازشوں کو خوب ہی سمجھا ہے۔ اس لیئے وہ بڑی ہمت اور جذبے کے ساتھ حملہ آوروں کا دفاع خود کر رہے ہیں۔ اور سرائیکی کی بقا کی جنگ بڑے خلوص سے لڑ رہے ہیں۔ یہ سرائیکی کے ایسے رضاکار ہیں۔ جن پر آئندہ کی نسلیں فخر کریں گی۔ کیونکہ انکی لگاتار جدوجہد اور قربانیوں سے منزل اور قریب آتی نظر آ رہی ہے البتہ انکو سیاسی خاندانوں میں سے صرف باضمیر افراد اور سرائیکی دھرتی سے پیار کرنیوالے مہاجروں اور قدیم آبادکاروں کو بھی اپنی تحریک میں شریک کرنا ہوگا۔ ہماری دُعا ہے کہ ان فدائیوں کی جدوجہد جلد پروان چڑھے۔

سرائیکی زبان کا استحصال:۔ پاکستان بنتے ہی پنجابی سازشی لکھاریوں نے بڑی ڈھٹائی سے لکھنا شروع کر دیا تھا کہ سرائیکی زبان نہیں پنجابی کا ایک لہجہ ہے۔ اگر وہ یہ بھی خلوص دل سے مانتے تو سرائیکی کو بھی امرتسری جالندھری اور سیالکوٹی لہجوں جیسی ترویج اور ترقی سے ہرگز نہ روکتے۔ لیکن ان حریصوں نے قدیم سرائیکی زبان کو عملاً ختم کرنیکی سازشیں کیں۔ ان کے سواریوں نے پاکستان کے ابتدائی ریڈیو سٹیشنوں اور فلموں میں سرائیکی زبان کو اُنے ہی نہ دیا۔ بلکہ جس نے کمائی کے لالچ میں پہلی سرائیکی فلم بنائی اُس پر لعن طعن کی گئی۔ کروڑوں روپیہ کمانے کے باوجود اُس نے آئندہ کیلئے توبہ کرلی۔ سندھ اور ملتان جیسی قدیم سرائیکی زبان اپنی ایک علیحدہ پہچان اور گرامر رکھتی ہے۔ ہندی زمین پر عربی فارسی اور ترکی جیسی کئی زبانوں کے خوشرنگ بیل بوٹوں نے سرائیکی کو ایک بڑی دلکش میٹھی اور مالدار زبان بنا دیا ہے۔ جبکہ پنجابی سکھوں کی ایک نئی کرخت بولی گورمکھی سے وجود میں آئی ہے۔ اقتدار میں سازشی شرکت سے پنجابی عہدیداروں نے اپنی نئی بولی کو فلموں، ریڈیو، ٹیلیویژن اور پریس کے ذریعے تمام پاکستانیوں پر جبراً ٹھونسا ہے۔ اس ظلم کو اب تمام پاکستانی بڑی شدت سے محسوس کرتے ہیں۔

سرائیکی عوام کا استحصال: سرائیکی علاقوں میں وسطی پنجاب کے کلیدی عہدیداروں نے اپنے لوگوں کو لاکر اراضی، صنعت، تجارت اور ملازمتوں پر مسلط کرکے یہاں کے مہاجروں قدیم آبادکاروں اور مقامیوں کو اپنے وسائل سے محروم کرکے اپنا زیردست بنا لیا ہے۔ اس سازش کو ہضم کرنے کے لیئے مقامی سیاسی اجارہ داروں کو ذاتی مراعات یا وزارت کے لالچ کا چسکا لگایا گیا۔ اور ان کے جابرانہ تسلط

کو بھی بڑا سہارا دیا گیا ہے۔ اسی لئے یہ قوم فروش ابھی تک بالا دست حریص طبقہ کی دلالی کر رہے ہیں
شرم انکو مگر نہیں آتی ! عوام ان ضمیر فروشوں کو اب خوب پہچانتے ہیں۔

ان سازشوں پر بھی غور کیجئے ! اپنے ان احساسات کو علما اور سیاستکاروں تک ضرور پہنچائیے :

● خام مال سرائیکی علاقوں کا اور اس کے کارخانے وسطی پنجاب میں۔ جہاں سرائیکیوں کو خاکروبی بھی نہیں ملتی ● سرائیکیوں کو اقلیت بنانے کیلئے بہاریوں کو یہاں بسانے کا منصوبہ بنایا جا رہا ہے۔

● سرائیکی علاقوں میں جو چند فیکٹریاں ہیں ان میں بھی سرائیکیوں کو نہ تربیت دیجاتی ہے اور نہ ہی ملازمت۔

● سرائیکی نوجوانوں کو علم یا ہنر سکھانے میں تعصب اور بخل کیا جاتا ہے۔ اور انکی حوصلہ افزائی۔

● سرائیکی علاقوں کے باسی مہاجروں قدیم آبادکاروں اور مقامیوں میں نفاق ڈالا جاتا ہے۔

● کاروبار یا تجارت میں سرائیکیوں سے حسد کر کے ناکام کرنیکی کوشش کی جاتی ہے۔ تاکہ یہ روزگار ہو کر جائیداد بیچنے پر مجبور ہو جائیں ● ملازمتوں کے انٹرویو برائے نام لیکر سرائیکیوں کو دانستہ مسترد کیا جاتا ہے۔

● تمام سہولتوں اور حقوق سے محروم سرائیکی امیدواروں کے میرٹ کا مقابلہ اُن لوگوں سے کرایا جاتا ہے جن کو وافر سٹاف، سامان، عمارتیں، لائبریریاں اور لیبارٹریاں مہیا کی گئی ہیں۔

● سرائیکی باصلاحیت نوجوانوں کی اب کوئی کمی نہیں رہی لیکن انکو پالیسی ساز اداروں اور سفارت کی ملازمتوں میں دانستہ نہیں لیا جاتا۔

● سرائیکی کے حضرت خواجہ غلام فرید علیہ رحمۃ کو تحریروں اور ٹیلیویژن پر پنجابی شاعر کہا جاتا ہے۔

● ہر سرکاری و نجی دفتر میں سرائیکی بولنے والے کے کام میں روڑے اٹکائے جاتے ہیں۔

● سرائیکی علاقوں میں صنعتی ترقی کی بنیادی ضروریات یعنی کشادہ سڑکوں، ریلوے، بجلی، گیس ٹیلیفون تار، نہری و دریائی پلوں، علمی فنی اور زرعی اعلیٰ تربیت گاہوں کی دانستہ کمی رکھی گئی ہے تاکہ سرائیکی علاقے فقط سستے خام مال اور لوٹ کھسوٹ کی منڈیاں بنے رہیں۔

● پہلے کے ترقی یافتہ طبقے کو پسماندہ سرائیکیوں پر مسلط کر کے انکو نئے مواقع سے محروم کیا گیا ہے

● ملک بھر کے چار کروڑ سرائیکی عوام سالانہ اربوں روپیہ ٹیکس مالیہ اور لائسنس ادا کرتے ہیں۔ لیکن انکی زبان کو درسگاہوں اور نہ ملکی ٹیلیویژن پر دوسروں جیسے حقوق ملتے ہیں۔

● وسطی پنجاب والے دوسروں کے وسائل پر قبضہ کرنے کو اپنا اسلامی حق کھتے ہیں۔ سرائیکی علاقوں پر اُنکی یلغار جاری ہے

• **پنجاب** ۶ کروڑ آبادی کے تناسب سے سیاسی اور مالی مفادات حاصل کرنے کے سبب کو وسطی پنجاب کی صنعتی ترقیوں پر خرچ کرتا ہے اور اپنے شہروں کی آرائش پر بھی کروڑوں روپیہ خرچ کیا جاتا ہے لیکن حصہ دار سرائیکی علاقوں کو دانستہ محروم رکھا گیا ہے۔

• سرائیکی علاقوں میں سید، مغل، بلوچ، اعوان اور راجپوت جیسے غیرت مند، لڑاکے، اسلام اور وطن کے شیدائی قبائل آباد ہیں۔ لیکن انکو فوج میں دانستہ نہیں لیا جاتا۔ اور باصلاحیت سرائیکیوں کو کلیدی عہدوں تک بھی نہیں پہنچنے دیا جاتا۔

• وسطی پنجاب کے لوگ خود کو حاکم قوم کے افراد اور سرائیکیوں کو رعایا سمجھ کر ان سے نفرت کرتے ہیں۔

• وسطی پنجاب کے کارخانہ دار اور تاجر اکثر بناوٹی مال بھیج کر سرائیکی علاقوں کو لوٹتے رہتے ہیں

• وسطی پنجاب کے اکثر بلیک میلر اخبار اور اُن کے نمائندے اپنے طبقے کو نمایاں اور سرائیکیوں کی حوصلہ شکنی کرتے ہیں۔

• متعصب **پنجابی بیوروکریسی** نے مردم شماری کے فارموں میں سرائیکی زبان کا خانہ ہی نہیں رکھا تھا۔ اس بار پنجابی شمار کنندگان پر خاص نظر رکھنا ہوگی۔

۱۵/۹/۸۹ (۱۳۱ کے فوٹوسٹیٹ عام کرنا)

نوٹ:- یہ گشتی مراسلہ فقط اس لیئے آپکو ارسال کیا گیا ہے کہ ۱۹۹۰ء کے فوراً بعد نئی مردم شماری ہوگی۔ آپ نے گھر گھر پہنچ کر سرائیکی عوام کو ہوشیار کرنا ہے۔ اگر آپ نے غفلت کی تو......

ع تمہاری داستاں بھی نہ ہوگی داستانوں میں

آ تجھ کو بتاؤں کہ رازِ دروں کیا ہے

انکشاف

از قلم
مرید حسین خان راز جتوئی
چوک سرائیکی خانپور
(ضلع رحیم یار خان)

پیش لفظ

حیرت اور دکھ ہوتا ہے کہ جب ہم دیکھتے ہیں کہ پاکستانی قوم میں کچھ ایسے تعلیم یافتہ افراد بھی ہیں کہ جن کو اپنے ملک اور قوم کے نفع یا نقصان سے کوئی سروکار نہیں۔ کچھ تو اپنی کھال میں مست ہیں اور کچھ جانوروں کی طرح صرف اپنا پیٹ بھرنے کے سوا کچھ سوچتے ہی نہیں۔ انہیں نہیں معلوم کہ ملک اور قوم پر کیا بیت رہی ہے؟

ہمارا راز ہمارا نہیں سبھی کا ہے
چلو اب سارے زمانے کو رازداں کر لیں!

یہاں تو سادگی اور قناعت پسند اکثریت کو ایسا بے بس کر دیا گیا ہے کہ وہ اپنی رہی سہی جائیداد بھی حریص لیٹروں کو فروخت کر دینے پر مجبور کر دی گئی ہے۔ ایک خونخوار اقلیت ہماری اکثریت کا خون چوس چوس کر ادر فربہ ہو رہی ہے اور بیکس اکثریت اور بھی نادار ہوتی جا رہی ہے۔ اس حریص طبقے کی مسلسل لوٹ کھسوٹ سے اہل اسلام کی سب سے بڑی ریاست اب تو نصف رہ گئی ہے لیکن پھر بھی یہ محسن کش طبقہ اپنی چیرہ دستیوں سے دستکش نہیں ہوا۔ اب تو یوں لگتا ہے کہ اس ملک اور قوم کو ایک چھوٹا سا طبقہ مفتوحہ سمجھ کر خوب لوٹ اور نوچ رہا ہے۔ اور کچھ لوگ اس کے ساتھ جعفر اور صادق کا کردار ادا کر رہے ہیں۔ اب خوف ہے کہ ان مسلسل زیادتیوں سے بنگال کی طرح ادھر بھی کبھی اچانک نفرتوں کا لاوا پھٹ نہ پڑے!

اب وہ عوامل پیش کئے جاتے ہیں۔ جن کی وجہ سے ساری قوم اندرونی طور پر سخت بے چینی اور طبقاتی کشمکش کا شکار رہے:-

متروکہ جائیداد - اس جائیداد کو مالِ غنیمت سمجھنے والوں نے کئی بار فروخت کر کے اور پھر الاٹ کرالی۔

پاکستان کے سب علاقوں میں ہندوؤں نے جو جائیداد بنائی تھی وہ یہاں کے بھولے بھالے قدیم باسیوں سے سُود در سود میں ہی اینٹھی تھی۔ ساری پاکستانی قوم کی مساوی اٹھان لئے مناسب تھا کہ تمام متروکہ جائیداد کا کم از کم ½ حصہ نادار انصار کے لئے وقف کر دیا جاتا۔ اس سے کچھ مقامی بے زمین و مکان لوگوں کو سہارا مل جاتا - اور کچھ دکانوں کی الاٹمنٹ سے چند مقامی نئے تاجر بن جاتے۔ اس سے مہاجرین اور انصار کا عملی زندگی میں ایک بڑا اشتراک استوار ہو جاتا جو اخوت اور قومی یکجہتی کا موجب بنتا۔ اس وقت کے حاکموں اور مقامی زعماء نے اس طرف کوئی توجہ نہ دی۔ لیکن وہ خود اس بہتی گنگا میں خوب نہاتے رہے۔ اس ابتدائی بے اعتنائی اور صرف ایک طبقے کی اجارہ داری سے اب طبقاتی حسد اس قدر نمایاں ہو چکا ہے کہ اگر کوئی مقامی شخص تجارت یا کسی فنی ادارے میں آ جائے تو ان شعبوں کے اکیلے اجارہ دار اُسے بھائی کی طرح قبول کرنے کی بجائے اُسے ناکام کرنے کے جتن کرتے ہیں۔

زرعی اصلاحات - پاکستانی قوم کے طبقاتی فاصلوں کو کچھ کم کرنے کو سوچا ہی جا رہا تھا کہ ایوب خاں کی اس سکیم پر عمل سے پیشتر ہی جاگیرداروں نے محکمہ مال سے ساز باز کر کے سرکاری ریکارڈ میں سے اپنے قدیم مزارعین کے نام ہی مٹوا دیئے۔ اپنے نام مقررہ ملکیت کے علاوہ کافی زمین اپنے زیر اثر دُور کے رشتہ داروں کے نام کرا دی۔ جس کو اب فروخت کیا جا رہا ہے۔ کچھ فالتو اراضی گورنمنٹ کو بھی دی گئی - جس کو طبقہ و علاقہ نواز انتظامیہ نے اپنے رشتہ داروں کو بلا کر الاٹ کر دیا۔ اور مراعات دے کر اپنے لوگوں کو اِدھر منتقل کرتے رہے۔

چولستان، پٹ فیڈر، سندھ، تھل، بار اور ڈھنڈھی اسٹیٹ میں بھی مقامی بے زمین کسانوں کی بجائے غیر مستحق لوگوں کو زمین اور مراعات دیئے گئے جن لوگوں نے واویلا کیا تو متعصب مفاد پرستوں نے اُن کی خوب کردار کشی کی۔

علمی اور فنی ادارے۔ لوگوں کو بے خبر اور محتاج رکھنے کے لئے علم اور فن سے محروم کیا گیا۔
سرمایہ داروں کے جانبدار پالیسی سازوں کی سازشوں سے ان اداروں کے اخراجات
اس قدر بھاری رکھے جاتے ہیں کہ جن کو نادار اکثریت برداشت نہیں کر سکتی۔ اسی لئے وہ اپنی
اولاد کو تعلیم دلانے سے محروم رہتی ہے۔ اگر کوئی اپنا پیٹ کاٹ کاٹ کر اپنے بچوں کو
پڑھا بھی لیتا ہے تو ان کو ملازمت ہی نہیں دی جاتی۔ اس سے مایوسی اور بیزاری پیدا ہوئی۔
سرمایہ داروں کی اولاد کیلئے اعلیٰ درسگاہوں کا بندوبست بھی ہے جن میں وہ
غریب پاکستانی بچوں سے بالکل علیحدہ تعلیم و تربیت پا کر سیاستدان یا حاکم بن جاتے ہیں۔
بھلا! ایسے امیرزادوں کو غریب عوام کی محرومیوں کا احساس کیسے ہو سکتا ہے؟
اکثر پسماندہ علاقوں کے وڈیرے ابھی تک اپنے علاقوں میں اعلیٰ تعلیمی ادارے اور
کارخانے قائم ہی نہیں ہونے دیتے۔ تاکہ لوگ جاہل اور محتاج رہ کر ان کے غلام بنے رہیں!

عوامی نمائندگی۔ غلامی دور کی سرداری سے لوگ نجات پانا چاہتے ہیں۔ لیکن
شومئی قسمت کہ اب تک تو سرمایہ اور جاگیردار ہی اپنے دھن۔ دھونس اور دھاندلی
کے زور پر کامیاب ہو جاتے ہیں۔ جو علاقے اور عوام کے حقوق لینے کی بجائے صرف
ذاتی مراعات میں ممنون ہو کر انتظامیہ کے آلۂ کار بنے رہتے ہیں۔ لوگ اب سمجھتے ہیں۔
اکثر حکومتیں ایسے ہی خود غرض اور آلۂ کار اشخاص کو استعمال کرتی رہی ہیں۔

پنجاب کے خواص۔ اپنے فطرتی رجحانات کو یہ لوگ کیسے بدل لیں؟
ان کے بارے میں تو علامہ اقبالؒ اور شورش کاشمیری کے تاثرات اور ریمارکس ہی کافی ہیں۔
ان مفاد پرستوں کا شروع ہی سے یہ وطیرہ رہا ہے کہ یہ ہر چڑھتے سورج کے پجاری
بن کر خوب فائدے اٹھاتے رہے ہیں۔ ہر تحریک میں یہ اس وقت آشامل ہوتے رہے
جب انہیں اس کی کامیابی یقینی ہی نظر آئی۔ ورنہ لاتعلق رہے۔
مطالبہ پاکستان کے دنوں لاہور میں کانگرس نواز یونینسٹ پارٹی کی حکمرانی تھی۔
جس نے کانگرس کی خوشنودی کے لئے پنجاب میں مسلم لیگ کو قدم ہی نہ جمانے دیئے۔
آخر کار ۱۹۴۶ء میں قائد اعظمؒ نے اس پارٹی کے سینے پر پاکستان کا کھونٹا گاڑھنے کے لئے

اپنی سیاسی فراست سے کام لے کر لاہور ہی میں دوسرے ہمنوا صوبوں کے زعماء کو اکٹھا کر کے اِن سے قراردادِ پاکستان منظور کروا کر پنجاب کے حساس عوام کو اپنا ہمنوا بنا لیا۔ یوں یونینسٹ پارٹی کے خواص اپنے عوام کی حمایت سے یکسر محروم ہو گئے۔ اس خفت کی تاب نہ لاتے ہوئے وہ جھٹ پینترہ بدل کر مسلم لیگ ہی میں گھسنا شروع ہو گئے اور پھر عیاری اور ابن الوقتی میں مہارت کی وجہ سے یکدم آگے بڑھ کر ملکی سیاست، کلیدی عہدوں، صنعت، تجارت اور ذرائع ابلاغ پر قابض ہو کر طبقہ و علاقہ نوازی شروع کر دی۔ اس زہریلی پالیسی کو وزیر خارجہ ظفر اللہ قادیانی نے اور پروان چڑھایا۔ کہ اس نے صرف اپنے ہم مذہب اور ہم زبان افراد کو مغربی ممالک میں انتظامی اور فنی ٹریننگ کے لئے حکومتی خرچ پر بھجوایا۔ اس کھیپ نے واپس آ کر ہر شعبہ میں خوب خویش پروری کی جس سے یہ طبقہ طاقتور ہو کر مرکزی حکومت پر بھی چھا گیا۔ اور سازشیں شروع کر دیں۔ بالائی پنجاب جو پہلے ہی ترقی یافتہ تھا۔ اس علاقہ و طبقہ نوازی سے اور بھی فیضیاب ہوا۔ لیکن پسماندہ زیریں پنجاب (سرائیکی علاقوں) اور چھوٹے صوبوں کو دانستہ نظر انداز کر دیا گیا۔

کراچی کے شہزادے ۔ بلائے گئے لوگوں کو تو خوش رکھنا ہی پڑتا ہے

مرکز پر بالائی پنجاب کی بالادستی اور ہمہ گیری کو لیاقت علی خاں نے بہت گراں محسوس کیا۔ انہوں نے بھی دارالخلافہ کراچی پر اپنی گرفت کو مضبوط رکھنے کے لئے یو پی اور سی پی (بھارت) والوں کو بلا بلا کر کلیدی عہدوں، صنعت، تجارت، اراضی، دکانوں، بلڈنگوں، درآمدی و برآمدی لائسنسوں اور قرضوں جیسی مراعات کی ان پر بارش کر دی۔ موقعہ کو غنیمت جان کر کئی اور لوگوں کو بھی بلا لیا گیا۔ اور ان کو بھی خوب نوازا گیا۔ یوں لیاقت علی خاں نے بھی اپنا ایک مضبوط طبقہ پیدا کر لیا۔ جو ملک اور پاکستانی عوام کو مالِ غنیمت سمجھنے میں بالائی پنجاب کا ساجھی ہے۔ اگرچہ بیرونی قرضوں سے ساری قوم ہی زیر بار ہوتی ہے۔ لیکن اس علاقہ و طبقہ نوازی کی وجہ سے صرف کراچی اور بالائی پنجاب والوں پر بیرونی قرضے خوب خرچ کئے گئے۔ کارخانوں کے جال بچھ چکے ہیں۔ لیکن چھوٹے صوبے اور سرائیکی صرف منہ تکتے رہ گئے!

ون یونٹ ۔ جو شائد بدنیتی سے قائم کیا گیا تھا۔ کیونکہ
اس کے قائم ہوتے ہی اس عیار طبقے نے اپنے لوگوں کو پسماندہ علاقوں اور چھوٹے
صوبوں میں دھکیل دیا۔ جو وہاں پہنچ اور مراعات پاکر ادھر کے تمام وسائل پر قابض ہوگئے
یوں پہلے کا ترقی یافتہ طبقہ پسماندہ اور محروم لوگوں پر مسلط کردیا گیا۔ جس سے وہاں
کے مہاجرین، قدیم آبادکار اور انصار بھی ترقی کے مواقع سے محروم کردیئے گئے۔
اسی لئے ہی وہاں کے تمام لوگ ون یونٹ کے خلاف ہوگئے۔

ذرائع ابلاغ ۔ ان اداروں پر قابض لوگ ہر حاکم وقت کو بلیک میل کرتے رہتے ہیں
ہر شعبۂ حیات کی طرح ان پر بھی اسی ایک گروہ پرست طبقہ کی اجارہ داری ہے۔
اکثر پالتو اخبارات صرف اپنے طبقہ کی ترجمانی اور اسے تحفظ مہیا کرتے ہیں۔
یہ صرف بڑے بڑے شہروں اور لیڈروں کے مزید مطالبات میں حکومت کو الجھائے رکھتے ہیں
بڑی ڈھٹائی سے قومی ریڈیو اور ٹیلی وژن پر بھی کئی ایسے خاندانوں کو محبان ملک
وقوم کے بہروپ میں پیش کیا جاتا ہے۔ جن کے ہاتھوں سے ابھی تک قوم کا خون ٹپک رہا ہے!
جن محروم علاقوں اور لوگوں کی گاڑھے پسینے کی کمائی، پیداوار، خام مال اور
زیر زمین نعمتوں سے ملک کو آمدنی ہوتی ہے اور تمام لیٹرے پلتے ہیں۔ دانستہ ہی
ان ضرورتمندوں کو ٹیلی وژن کے مواقع سے بھی محروم رکھا گیا ہے۔

سیکرٹریٹ یا بیوروکریسی ۔ اگر ان اداروں پر صرف ایک طبقہ غالب نہ ہوتا تو
قوم آج طبقاتی کشمکش میں مبتلا نہ ہوتی۔
ان پالیسی ساز و عملدار اداروں پر بھی مذکورہ گروہ کا قبضہ چلا آرہا ہے یہ عیار طبقہ تو
ملک میں دانستہ نت نئے بحران پیدا کرکے عملاً خود حکومت کرتا رہتا ہے۔
ہر حاکم وقت کو محض شو بوائے بنا کر خود اوجھل اور محفوظ رہتا ہے جس نے بھی ان کی ان سازشوں
کا توڑ کرنا چاہا۔ اسے کسی سپر طاقت سے الجھا کر چلتا کرا دیتے ہیں۔ جب تک کلیدی عہدوں میں دوسرے
تمام طبقوں کو شامل کرکے متوازن نہیں کیا جاتا۔ علاقہ و طبقہ نوازی کا مرض بڑھتا رہے گا۔

لسانی استحصال - ایک مسلسل سازش سرائیکی لوگوں کی اپنی پہچان کو ختم کرنے کے لئے کی جا رہی ہے جبکہ سندھی، بلوچی، براہوی، پوٹھوہاری اور پشتو والوں نے تو لڑ بھڑ کر پنجابی جیسے اپنے اپنے حقوق تسلیم کرائے ہیں۔ لیکن سرائیکی جو ملک کی نصف آبادی کی قدیم زبان ہے کو ہضم کرنے کی سازشیں جاری ہیں۔
قومی ٹیلی وژن کے علاوہ سرائیکی علاقوں میں بستے ہوئے بیرونی لوگ بھی سرائیکی زبان بولنے سے دانستہ گریز کرتے ہیں سرائیکی عوام کی پاکستان سے وفاداری اور امن پسندی کو ان کی کمزوری سمجھا جا رہا ہے۔ اسی لئے تو سرائیکی زبان کو قومی ٹیلی وژن پر دوسری زبانوں جیسے مواقع نہیں دیئے جاتے۔
اس زیادتی کو دیکھتے ہوئے بھی سرائیکی علاقوں کے نمائندوں نے چپ سادھ رکھی ہے یہ خود غرض اور مفاد پرست اس حساس مسئلہ کو اسمبلی میں پیش کرنے کی جرأت ہی نہیں کرتے۔ حالانکہ ان کو خوب معلوم ہے کہ سرائیکی لوگ اس ناانصافی پر تڑپ رہے ہیں۔ ذاتی مفادات کے یہ شیدائی اسی ایک مسئلہ پر بھی متحد نہیں ہوتے!

صوبائی تضاد - اب تو یہ تنازعہ پاکستان کی بقا کے لئے چیلنج بن چکا ہے!
آبادی میں سب سے بڑا صوبہ ہونے کی وجہ سے صرف بالائی پنجاب ہی سیاسی اور مالی مفادات بہت زیادہ اینٹھتا رہا ہے۔ اور مرکزی حکومت پر بھی حاوی ہو چکا ہے۔ چھوٹے صوبے اور سرائیکی عوام اب اس کی دست برد سے اکتا چکے ہیں۔ ملک کو بچانے کا یہ آخری موقع اور علاج ہے کہ اب بھارتی پنجاب کی طرح پاکستانی پنجاب جو رقبہ اور آبادی میں بھارتی پنجاب سے دوگنا ہے کے تین یونٹ بنا دیئے جائیں۔ ورنہ پاکستان کے اندرونی خلفشار اور اضطراب سے جو بھیانک نتائج برآمد ہونگے ان کی تمام تر ذمہ داری صرف بالائی پنجاب پر ہی عائد ہو گی! زعم اور ضد کا انجام ہلاکت ہو گا +

توجہ طلب جناب! اب غور سے پہچانیئے کہ یہ کون لوگ ہیں:-

۱- جو جعلی ڈومی سائلز پر اصل حقداروں کی ملازمتیں چھینتے ہیں۔
۲- جنہوں نے علاقہ و طبقہ نوازی اختیار کر کے اپنے تعصبات کا ثبوت دیا۔
۳- جن کی کھوٹی تجارت سے بیرون ملک بھی پاکستان کی ساکھ مجروح ہوئی۔
۴- جنہوں نے اسلام کے عدل سے عملاً منکر ہو کر خود کو عروج دیا لیکن اکثریت کو روند ڈالا۔
۵- جن کو منتقل کئے بغیر کسی علاقے کو ترقی اور مراعات نہیں دیئے جاتے تا کہ یہ دعویٰ کر سکیں کہ ہم نے ہی اس علاقے کو بسایا ہے!

برادرانِ محترم!

یہ کوئی ایسی نورانی مخلوق نہیں جو ماں کے پیٹ ہی سے ہر کام میں ماہر پیدا ہوتی ہو۔
ہرگز ایسی بات نہیں ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ :-
یہ لوگ مُلک کے تمام مفادات اکیلے اس لئے سمیٹ رہے ہیں کہ اکثر با اختیار حکومتی
کارندے انہیں ملازمتیں، صنعت، تجارت، قرضے، درآمدی و برآمدی لائسنس،
حوصلہ اور مواقع بڑی بیباکی سے مُہیا کرتے ہیں۔ اسی لئے تو یہ سب بے خوف اور بے لگام ہیں
اگر ویسے مراعات اور مواقع پسماندہ اور محروم لوگوں کو پاکستانی جان کر سمجھ کر ہی
دیئے جاتے اور صدقِ دل سے ان کو اُٹھانے کی کوشش ہی کی جاتی تو آج ہم میں ایک
دوسرے سے بیزاری ہرگز نہ ہوتی۔ ہم سب یکجان ہوتے اور ملک کی سالمیت پر آنچ نہ آتی
لیکن دُشمنانِ ملک و قوم نے تو کچھ اور ہی ٹھان رکھی ہے۔

- خدا اِن کے ناپاک اِرادوں کو ناکام کرے۔ آمین

اگر مندرجہ حالات کو سمجھتے ہوئے بھی خود کو محبِ وطن کہلانے والوں نے خاموشی اختیار
کئے رکھی تو ان کی اس لاتعلقی سے خود ان کی اپنی حیثیت اور آزادی بھی ختم ہو جائے گی
اَب بھی وقت ہے کہ اس ایک طبقہ کی توسیع پسندی اور بالادستی کو ختم کر
کے ملک کو ممکنہ ہلاکت خیز طوفان کی زد سے بچا لیا جائے۔ 15/3/72
ورنہ پھر پچھتانا بیکار ہو گا!

ع :- **شاید کہ اُتر جائے تیرے دِل میں مری بات**

(نوٹ) اِس کے فوٹو سٹیٹ بنوا کر متعلقہ صاحبان کو بھیجئے۔ شکریہ

بلا تبصرہ

مورخہ ۱۶ فروری، ۱۹۸۲ء

علاقائی مسائل اور اُن کا حل

• مرید حسین خان راز جتوئی

سب سے پہلے آج ہمیں ایسے اخبارات کا شکریہ ادا کرنا ہے۔ جنہوں نے غیر جانبدار ہو کر ملک و ملت کے اہم مسائل کو بلا کم و کاست اپنے کالموں میں نمایاں جگہ دی ہے۔ ہمیں یقین ہے کہ اگر یہی روش پہلے اختیار کی جاتی تو ملک اور ملت کو ناقابل تلافی نقصان نہ پہنچتا۔ اب تو نوبت یہاں تک آ پہنچی ہے کہ ملک و ملت کسی اور گھاؤ کو برداشت کرنے کے قابل ہی نہیں رہے۔

پچھلے دنوں غضنفر مہدی کی دردمندانہ اور حقیقت افروز تحریر پر ہمارے دو بھائیوں نے مشتعل ہو کر سرائیکی لوگوں کو خوب رگیدا۔ اور پھر سرائیکی زبان کو ایک شورشہ اور فتنہ قرار دینے کی ایک بھونڈی کوشش کی۔ جو ڈھٹائی اور بدنیتی سے ایک ٹھوس حقیقت سے دانستہ فرار ہو سکتا ہے۔ ایسے خود غرض مفاد اور طبقہ پرست اور شر پسند لوگوں کی دھول اڑانے سے ایک روشن حقیقت ہرگز ماند نہیں پڑے گی۔ انہی جیسے لوگوں کے ایسے ہی استحصال سے پہلے بھی ملک ٹوٹ چکا ہے۔ اور ون یونٹ کا بھی خاتمہ ہو چکا ہے۔ لیکن اس پر بھی ابھی ان کی تسلی نہیں ہوئی۔ اسی حرص و ہوس اور استحصال کو جاری رکھتے ہوئے وہی غاصب طبقہ آج بھی کسی کھونٹے پر اچھل رہا ہے۔ غالباً اسے یقین ہے کہ اس کی بدلگامی پر کوئی قدغن نہ لگ سکے گی۔ اسی مسلسل عذاب اور استحصال سے نجات حاصل کرنے کیلئے زیردست مظلوم اور محروم اکثریت آج سخت متنفر ہے۔ شنوائی نہیں ہو رہی۔ جس کی وجہ سے قوم کا آپس میں ٹکرانے کا خطرہ ہے۔ یہی خواہش اسی غاصب طبقے کی ہے۔ اگر بہت یار باش والے غرض کے بجائے وسیع النظر ہو کر کسی صوبے کی وحدت کبھی حرف آخر نہیں رہی۔ تاریخ کے اوراق میں جب نکو تو معلوم ہو گا کہ صرف ملک کے استحکام اور قوم کے اجتماعی مفاد کو ترجیح دینا ہی دانشمندی اور ہوشمندی ہے جس کا ہمیں تو احساس تک نہیں۔ ملک کی سلامتی اور ملت کے حقیقی اتحاد کے لیئے علاقائی اور طبقاتی غیر واجب مفادات کو قربان کر دینے سے ہم سب کی عافیت ہے۔ جیو اور جینے دو، بند کر دو ان غدار سازی کی مشینوں کو، ترک کر دو اب اٹوٹ انگ والا بھارتی لہجہ!

بھارتی پنجاب جو پاکستانی پنجاب سے رقبہ اور آبادی میں نصف بھی ہے۔ کو عوام کی انتظامی سہولتوں کے لیئے تین صوبوں میں تقسیم کر دیا گیا ہے۔ اس سے تو بھارت کی سلامتی پر کوئی آنچ نہیں آئی۔ اگر یہی نسخہ یہاں بھی ہو جائے تو کیا آفت آ جائے گی۔ البتہ ملک میں اندرونی سکون اور اخوت ہو گی۔ جبکہ پاکستانی موجودہ پنجاب تو پانچ کروڑ آبادی کا ایک صوبہ اور بقیہ تین صوبے صرف تین کروڑ افراد کے، تو کیا یہ صوبائی ہیئت غیر منطقی نہیں ہے۔ اسی عدم تناسب سے تو آج تک سیاسی اور مالی مفادات کا سب سے بڑا حصہ جس کا فائدہ فقط بالائی پنجاب اٹھا رہا ہے۔ جس کی وجہ سے زیردست سرائیکی علاقوں اور چھوٹے صوبے بھی نالاں اور متنفر ہیں

کرنے نے جتن ہوتے ہیں۔ تاکہ بے روزگار ہوکر اپنے سر چھپانے کی جگہ کو بھی فروخت کرنے پر مجبور ہو جائے۔ اور یہ خرید لیں۔

——— خود غرض اور مفاد پرست حریصوں کا ایک خاص گروہ ہے جو ساری قوم اور ملک کو لوٹنے میں سرگرم اور متحد ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ دانستہ ہی ملک کی تمام تر صنعتی ترقی کو بالائی پنجاب اور کراچی تک محدود اور مخصوص کر دیا گیا تھا۔ آزادی کے بعد اگر سب پسماندہ علاقوں میں کچھ ہو بھی رہا ہے تو اس میں وہاں کے باشندوں کی شرکت ہی نہیں ہے۔ ارتقاء وقت کے ساتھ پسماندہ علاقوں میں اب تعلیم یافتہ اور باصلاحیت نوجوانوں کی ہرگز کمی نہیں رہی۔ لیکن ان کو مواقع سے دانستہ محروم کر کے حوصلہ شکنی کی جا رہی ہے۔

لے سک وقت کی خیر خواہی اور ترقی کے دعوے دارو! یہ مسلسل زیادتیاں کب تک رہیں گی ——— ؟ ———

بلکہ میرا مقصد مہاجروں اور تمام اہل پنجاب کو مورد الزام ٹھہرانا ہرگز نہیں ہے ——— حقیقی دردمندی کے تحت میں تو اس ایک خاص طبقے سے مخاطب ہوں۔ جس کو پاکستان کی سلامتی ہرگز عزیز نہیں۔ اور نہ ہی انسانیت سے اسے کوئی نسبت ہے۔ وہ تو فقط خود غرضی، مفاد پرستی کی حرص اور ہوس میں سرگرداں اور مگن ہے۔ اور اس کے اثر اور رسوخ کی وجہ سے اس پر آج تک کسی کو ہاتھ ڈالنے کی جسارت ہی نہیں ہوئی۔ (بشکریہ روزنامہ "جنگ" لاہور ۲۷ دسمبر ۱۹۸۳ء)

نقشہ حدود سرائیکی

مزید صوبوں کے فوائد

● آبادی میں سب سے بڑے صوبہ پنجاب کے اس احساسی کردار سے اس کی دوسروں پر مسلسل بالادستی اور استحصال کی دیرینہ بدنامیوں اور اس سے عمومی نفرتوں کے بدنما داغ دُھل جائیں گے۔ اس کار خیر کا انحصار اب فقط پنجاب کے باثر صاحب الرائے، اہل قلم اور با اختیار احباب کی حب الوطنی اور خلوص پر ہے ● چھوٹے صوبوں، پوٹھوہاری اور سرائیکی علاقوں کی ایک عرصہ کی زیر دستی اور استحصال کا شکوہ بھی ختم ہو جائیگا ● علاقائی، طبقاتی اور لسانی پرانے جھگڑوں کے خاتمہ سے ساری قوم میں اخوت پیدا ہو جائے گی ● سب صوبوں کے تمام طبقوں کے باصلاحیت نوجوانوں کو سول و فوجی نوکریاں اور کلیدی عہدے متناسب طور پر مل سکیں گے ● وفاقی اور صوبائی سکرٹریٹ پر کسی ایک علاقہ اور طبقے کی اجارہ داری نہ رہے گی۔ اس لئے طبقہ و علاقہ نوازی کا خاتمہ ہو جائیگا

● محروم عوام کو انتظامی سہولتیں میسر ہوں گی۔ لہٰذا لوگوں کے صوبائی کام کاج کے لئے طویل سفر اور بوجھل خرچہ میں خاصی کمی آجائے گی۔ ● نظر انداز علاقوں کی قدرت کی عطا کردہ وافر زرعی پیداوار، قیمتی معدنیات، یورینیم، گیس، تیل، بجلی اور دیگر خام مال پر وسطی پنجاب والوں کا قبضہ رہا۔ اب ان کے مقامی طور پر کارخانے لگاکر محروم نوجوانوں کو ہنرمند اور باروزگار بنایا جائے گا۔ اور بیرونی قرضوں کا اپنا حصّہ بھی وصول کیا جائے گا۔ جو پہلے فقط وسطی پنجاب اور کراچی کے شہزادوں کی صنعتی ترقیوں پر خرچ ہوتے رہے ہیں

● زیر دست محروم علاقوں کے مہاجرین اور قدیم آبادکار جو اپنی محنت سے علمی، صنعتی تجارتی اور مالی طور پر عام مقامیوں سے خاصے بہتر ہو چکے ہیں۔ وہ اپنی صلاحیت سے اپنے اپنے صوبوں کو خوشحال بنانے کے بہتر مواقع حاصل کر سکینگے۔

● صنعتی ترقیوں پر کسی ایک علاقہ اور طبقہ کی اجارہ داری نہ رہے گی۔ جو ایک خاص طبقہ

شروع ہی سے سازشیں کر کے ملک کے تمام وسائل پر اکیلے قابض ہو کر اپنا معیارِ زندگی محروم اکثریت سے سَو گنا اونچا بنا چکا ہے اس حریص طبقے کو اور بے لگام چھوڑنے سے مظلوم عوام کمیونزم کا سہارا لینے پر مجبور ہو جائیں گے ۔ یہی وہ اثر انداز طبقہ ہے جو حکومتوں کو محض اپنے تحفظ کی خاطر ہر بار سرمایہ دارانہ طبقہ واری نظام لانے پر مجبور کر دیتا ہے۔ اب اس کو کنٹرول کرنا ممکن ہو جائے گا۔

- صوبوں کے اضافے کے ساتھ ہی علیحدگی کے مطالبات خود ہی ختم ہو جائیں گے اور جبری حکومت بھی پھر کبھی نہ آسکے گی
- پسماندہ علاقوں کی اراضی اور ملازمتیں جو جعلی ڈومیسائلز پر ناشستہ بیرونی لوگوں کو دی جاتی رہیں اب ایک علاقہ دوسرے کے وسائل پر قابض نہ ہو سکیگا
- عام آدمی کو بھی ملک کی سیاست اور ترقیوں میں اپنے شریک ہونے کا احساس ہو جائے گا
- عوام اپنے غیر فعال مفاد پرست اور دوسروں کے آلہ کار نمائندوں کا احتساب بآسانی کر سکیں گے
- تمام صوبوں کو ترقی کرنے کا جذبہ بیدار ہو جائیگا اس لیے دُور اُفتادہ محروم علاقے بھی فیضیاب ہوں گے
- ٹیلیویژن اسٹیشنوں کا اضافہ کرایا جائے گا جن سے محروم اکثریت بھی اپنی ثقافت اور صلاحیت کو نکھار سکیگی
- اس مفیدِ عام عمل سے قوم متحد اور ملک مستحکم ہوگا بیرونی دشمن کو ملک پر حملہ کی جرأت ہی نہ ہو سکے گی

اظہارِ کرب :- شروع ہی سے وسطی پنجاب کے کچھ بااختیار افراد اور اہلِ قلم نے ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت علاقہ و طبقہ نوازی کے ذریعے سیاسی، معاشی اور ثقافتی طور پر سارے ملک پر اپنا غلبہ حاصل کرنے کیلئے اذہان تیار کرنا شروع کر دیئے تھے ۔ چنانچہ سرائیکی کو پنجابی بنانا بھی انہی کی ایک سازش ہے اور ہر صوبے میں پنجاب کی مسلط نوکر شاہی نے بڑی بے باکی سے اس سازش پر بھرپور عمل کر کے پنجاب کے خلاف خود ہی ایک نفرت انگیز طوفان کھڑا کر لیا ہے ۔ اب بقیہ ملک کی بقا کی خاطر پاکستان اور پنجاب کے اصل خیر خواہوں کو اپنے ہی بدخواہوں کے بوئے ہوئے کانٹے اپنے دامن میں سمیٹ کر پاکستان کے اس ہلاکت خیز نقصان کا جلد مداوا کرنا چاہیئے ! ۔ ملک کی محروم اور بے چین اکثریت کو محض جبر سے زیادہ عرصہ تک زیرِ دست نہیں رکھا جا سکتا۔ عوام کو مایوسی میں مبتلا اور بحرانوں میں اُلجھا کر ملک کے نفع و نقصان کا سوچنے

سے لاتعلق کردینا تو سب سے بڑی قوم دشمنی ہے کیونکہ ہر مایوس قوم کا مستقبل تاریک ہو جاتا ہے،
غیروں کے کھونٹے پر ناچنا کہیں ہمیں ہلاکت میں نہ پھنسا دے۔ پھر تو آئندہ نسلیں اور مستقبل
کے مؤرخ بھی ہم سب کو ملامت کرتے رہیں گے۔ ع آدھی سے زیادہ شبِ غم کاٹ چکا ہوں!
اب تو پاکستان کے اکثر خیر خواہ شدت سے یہ محسوس کرتے ہیں کہ ملک کے اندرونی نقصان دہ
خلفشار اور اضطراب کی اصل وجہ فقط ملک کے صوبوں کا غیر متوازن ہونا ہے۔ اگر اس
اصل مسئلہ کو ترجیحی بنیاد پر حل کر دیا جائے تو چند ہی دنوں میں عوام کے دلوں سے غیر یقینی کیفیت
ختم ہو جائے گی، بیزاری کی بجائے ایک دوسرے سے اُنس بڑھتا جائیگا۔ انشاءاللہ

یہ عمل تو وہی مخلص لوگ ہی کرا سکتے ہیں جو پاکستان کو سلامت دیکھنا چاہتے ہوں

آیئے اب پشت ہذا پر دنیا کے ان ممالک پر ایک نظر ڈالیں جنہوں نے اپنے لسانی مسائل حل کرنے
اور عوام کو انتظامی سہولتیں بہم پہنچانے کی خاطر اپنے صوبوں میں خاطر خواہ اضافے کر لئے ہیں
اور ان اضافوں سے وہ ممالک نہ تو ٹوٹے نہ بکھرے اور نہ ہی تباہ ہوئے ہیں البتہ
استحصالیوں نے ملک اور قوم کے ایسے ہی اصل مسائل سے دانستہ گریز کر کے آدھا پاکستان ضرور
کھو دیا ہے۔ لیکن ابھی ان کا جی نہیں بھرا — ظلم تو یہ ہے کہ جب یہاں صوبوں کو
متوازن کرنے کی بات کی جاتی ہے تو خود غرض حریص طبقہ فرضی خدشات کا ایک طومار
کھڑا کر کے اس اہم مسئلہ کو دفن کرانے کا جتن کرتا ہے۔ اور فقط اسی خاطر قوم کو نقصان دہ بحرانوں
میں مبتلا اور الجھا کر خود کو بدستور بالادست اور مسلط رکھنے کی سازشیں کرتا ہے۔
انگریزوں یا غیروں کی طرح اپنی ہی قوم کو علاقائی، طبقاتی اور لسانی تنازعوں میں اُلجھائے
رکھنا کہاں کی وطن دوستی ہے؟ — مشرقی پاکستان کی علیحدگی کے بعد تو احتجاج
کرنے والے محروموں کو بزور کچلنے کی مذموم پالیسی کو اب ترک کر دینا چاہیئے۔ کیونکہ
اس زیادتی سے نفرتوں میں مزید اضافہ ہوگا۔ "پاکستان پائندہ باد"

از قلم:- مرید حسین خاں راز جتوئی — خان پور کٹورہ

۱/۱۰/۱۹۸۶

پاکستان کے صوبے بہت کم ہیں!

ملک	آبادی	صوبے	کیفیت
فرانس	پانچ کروڑ انیس لاکھ	۹۵	بھارت
برطانیہ	پانچ کروڑ انسٹھ لاکھ	۹۲	آزادی سے قبل بھارت کے ۹ صوبے
ترکی	پانچ کروڑ ساڑھے ترپن لاکھ	۶۷	تھے اور اب تیس ہیں۔ صوبوں کی تعداد
امریکہ	بائیس کروڑ پانچ لاکھ	۵۱ ریاستیں اور پھر ان کے مزید صوبے	بڑھ جانے کے باوجود ابھی بھارت میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ موجودہ صوبوں کو مزید تقسیم کر کے ستر صوبے بنا دیے جائیں
جاپان	گیارہ کروڑ تیس لاکھ	۴۷	
الجیریا	ایک کروڑ اکانوے لاکھ	۳۱	
افغانستان	ایک کروڑ اسی لاکھ	۲۹	
سوئٹزرلینڈ	تریسٹھ لاکھ	۲۶	اکثر اعتراض ہوتا ہے کہ صوبوں کے
ایران	تین کروڑ چالیس لاکھ	۲۳	اضافے سے اخراجات بڑھ جائینگے۔
ارجنٹائن	دو کروڑ ستر لاکھ	۲۲	جو اخراجات غیر ترقیاتی کاموں پر
نائیجیریا	آٹھ کروڑ ستاون لاکھ	۱۹	ہو رہے ہیں ان کو ملک کے اصل مسائل
سعودی عرب	اکاسی لاکھ بارہ ہزار	۱۸	حل کرنے پر خرچ کیا جا سکتا ہے۔
ڈنمارک	اکاون لاکھ بائیس ہزار	۱۷	دوسرے ممالک بھی تو بخوشی اضافے
مصر	چار کروڑ ایک لاکھ	۱۴	کر چکے ہیں۔ "از [illegible]"
ملائشیا	ایک کروڑ چوبیس لاکھ	۱۳	"خوئے بد را بہانہ بسیار"
چلی	ایک کروڑ گیارہ لاکھ	۱۳	ضرور پڑھیے
کینیڈا	دو کروڑ	۱۰	
لیبیا	بتیس لاکھ پنتالیس ہزار	۱۰	اور پڑھائیے
بلجیم	اٹھانوے لاکھ ساڑھے پانچ ہزار	۹	
آسٹریلیا	ایک کروڑ [illegible] لاکھ	۴	
پاکستان	بارہ کروڑ	۴	

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ⁂

معزز اہلِ قلم اور سیاسی مدبرین ⁂ بقیہ پاکستان کو بچائیے

جناب آپ پاکستان کے کیسے خیر خواہ ہیں کہ مملکت کو ہلاکت تک پہنچانے والے عناصر کو جانتے ہوئے
بھی آپ محض اس لیئے ان کی واضح نشاندہی نہیں کرتے کہ وہ علاقہ و طبقہ پرست سازشی عناصر اور
ان کے پالتو اخبارات آپکے خلاف ہو جائیں گے جبکہ لگاتار فریادوں کے باوجود یہ بالا دست حریص طبقہ
پسماندوں پر چڑھائی کرنے انکی اراضی اور وسائل پر ڈاکہ ڈالنے سے باز نہیں آ رہا۔ اسکے مسلسل مظالم سے
تنگ آکر بنگالیوں کیطرح اب تو سندھی سرائیکی بلوچ پٹھان اور مہاجر بھی پاکستان سے مایوس ہو تے جا رہے ہیں
ایسے تشویشناک حالات میں بھی آپ مصلحت اور ذاتی عافیت کے اسیر ہو گئے ہیں آپکی اس غلطی چشم پوشی سے
پاکستان کو بڑا نقصان پہنچ رہا ہے۔ ہم نے ایک عرصہ کی دماغ سوزی سے یہ افذ کیا ہے کہ پاکستان کو خانہ جنگی یا مزید
ٹوٹ پھوٹ سے بچانے کیلئے اس کے صوبوں کو متوازن کرنا ہی مفید ہو سکتا ہے یہی پاکستان کا اصل اور اہم ترین مسئلہ
ہے جسکو ترجیحی بنیاد پر حل کئے بغیر وفاق اور صوبوں کے تعلقات کبھی اعتدال پر نہ آئیں گے خدا معلوم یہ تاریخ ساز
کارنامہ کس جرأتمند وطن دوست شخصیت کو نصیب ہوتا ہے؟ غور فرمائیے کہ دنیا کے بیسیوں ممالک نے اپنے اندرونی
خلفشار کو ختم کرنے، عوام کو انتظامی سہولتیں بہم پہنچانے اور لسانی تنازعوں کو مٹانے کی خاطر اپنے اپنے صوبوں کی
تعداد بڑھائی ہے اور اس اضافے سے وہ ممالک تو برباد نہیں ہوئے البتہ وہاں عوام کی مشترکہ محرومیاں اور مسائل کم
ہوئے ہیں لیکن پاکستان میں جب یہ اصلاحی مطالبہ کیا جاتا ہے تو غاصب طبقہ کے کیئے ایجنٹ اور پالتو اخبارات ایک
طوفان کھڑا کر دیتے ہیں تو کیا ان خود غرضوں کی اس سازشی ہنگامہ آرائی کے آگے ہتھیار ڈال دینا پاکستان سے
غداری نہیں؟ ایسے بلیک میلر اخبارات کے اپنے قبیل کے نمائندے اپنے ذاتی یا گروہی تعصب کی وجہ سے علاقوں میں
ذاتی زیست کے جھگڑوں کو طبقاتی فسادات کا رنگ دیکر نمایاں شائع کراتے ہیں۔ مظلوم اکثریت کے احتجاجی جلوس اور
مظاہروں کو یہی جانبدار اخباری نمائندے دانستہ اکثر نظر انداز کر دیتے ہیں۔ البتہ یہی سازشی اپنی ناپسند اکثریت کی کچھ

خاص خبروں کو غیر اہم بنا کر تجارتی لاپیج میں اپنے اخبار کے کونے کھدرے میں کبھی کبھار چھاپ بھی دیتے ہیں لوگ اب خوب جانتے ہیں کہ ایسے ملک دشمن اخبارات نے ہی اپنی اس ناپاک جانبداری سے علاقوں اور طبقات میں کافی فاصلے در نفرتیں پیدا کی ہیں۔ ملک کو توڑنے میں پہلے بھی یہ گھناؤنا کردار ادا کر چکے ہیں اور اب بھی خوب سرگرم ہیں۔ جیسا کہ بڑے فخر اور جنون سے یہ متواتر لکھا جا رہا ہے کہ دراصل پنجاب ہی پاکستان ہے جس سے یہ واضح کرنا ہے کہ سب سندھی، سرائیکی، بلوچ، پٹھان اور مہاجر بھی غیر پاکستانی یا غدار ہیں۔ ایسی ہی نفرت کر کے بنگالیوں کو علیحدگی پر مجبور کیا گیا تھا۔۔۔ کون نہیں جانتا کہ یہی لاہور پاکستان کے ازلی دشمنوں کا خصوصی مرکز تھا اور اب بھی ہے۔ اگر پنجاب کی سیاست پر اجارہ دار اشخاص کا شجرۂ نسب کھنگالا جائے تو اکثر کے اسلاف یونینسٹ کانگریسی قادیانی یا انگریزوں کے پٹھو ہی ثابت ہوں گے آج بھی انہی کا خون ان کی موجودہ نسل میں خداداد پاکستان سے انتقام لینے کو کھول رہا ہے جب بھی پاکستان میں عوام کی پسند جمہوریت آتی ہے تو یہ سازشی مارشل لاؤں کے اکلوتے چہیتے چوہدار اس کو ناکام کرنے کے جتن کرتے ہیں، کیونکہ آمروں کے منحوس راج میں یہ حریص خوب پھلے پھولے ہیں، انہی کے زیر سایہ پنجاب والوں نے اپنی مزید توسیع کی خاطر اپنے لوگوں کو سارے پاکستان میں پھیلانے کے علاوہ فلموں، ٹیلیوژن ریڈیو اور پریس کے ذریعے اپنی غیر مانوس ثقافت اور بولی کو تمام پاکستانیوں پہ زبردستی ٹھونسا ہے وسطی پنجاب والوں نے سرائیکی علاقوں کے باصلاحیت افراد کو کلیدی عہدوں سے محروم کرنے کے علاوہ سرائیکی علاقوں کے حقوق مار کر اپنے علاقہ کو صنعتی ترقیاں دے کر نائب جاپان بنا لیا ہے۔ اس پنجاب کے بناوٹی مال کے عوض تو پسماندوں کی خون پسینے کی کمائی کو اُدھر ہی کھینچا جا رہا ہے اس کا یہ معاشی جغرافیائی اور ثقافتی مُسلسل استحصال اب تو محروم عوام سے برداشت نہیں ہو سکتا۔ اگر پاکستان کو آپس کے تصادم یا مزید ٹوٹ پھوٹ سے بچانا ہے تو اس کے صوبوں کو متوازن کرنا ہی ہوگا بجائے اس متواتر مطالبے پر چند سیاسی شعبدہ بازوں کی طرف سے صوبوں کی تعداد بڑھانے کی کئی

شائع شدہ تجاویز اب منظرِ عام پر آ رہی ہیں:

• ہر ڈویژن کو صوبہ بنا دیا جائے۔ ج: اگر ایسا ہو گیا تو پاکستان کی سلامتی کی خاطر یہ تجویز قبول کر لیں گے۔ خواہ اس سے زبانوں کا زور بھی ٹوٹتا ہے۔ لیکن پنجابیوں اور سندھیوں نے ثقافت اور زبان کو بڑی اہمیت دِلا دی ہے۔ اب تو کوئی بھی اپنے اس قدیم ورثہ اور پہچان سے دستبردار نہ ہوگا۔ غریب مملکت کا خرچہ بھی بڑھتا ہے، لہٰذا یہ تجویز ناکام۔

• ون یونٹ بحال کر دیا جائے۔ ج: ماضی میں عوام کے اتحاد کے بہانے ون یونٹ کو مسلط کر کے وسطی پنجاب والوں نے سارے مغربی پاکستان پر یلغار کر کے تمام وسائل اراضی تجارت صنعت اور کلیدی عہدوں پر قبضہ کر لیا آخر کار چھوٹے صوبوں کے واویلوں پر اسے توڑنا پڑا۔ یہ تلخ تجربہ اگر پھر دُہرایا گیا تو اب چھوٹے صوبے الگ ہو جانے پر مجبور ہو جائیں گے۔ ان کو پنجاب کب تک زیر کرتا رہے گا؟

• اٹھارہ (۱۸) صوبے بنا دیے جائیں۔ ج: پنجاب تو چھ کروڑ آبادی کا بالاترین صوبہ ہے، بقیہ تینوں صوبے تو صرف چار کروڑ زیرِ دست عوام کے۔ یہ تینوں محکوم صوبے پہلے ہی عددی طور پر بہت چھوٹے ہیں ان کو مزید کم کرنا ایک خود غرضانہ سازش ہے۔

• بہاولپور صوبہ بحال کر دیا جائے۔ ج: اپنے غلبے کی خاطر وسطی پنجاب کے لوگوں نے چڑھائی کر کے ۳۲ لاکھ کی آبادی کو ۵۰ لاکھ کر لیا ہے۔ چھ کروڑ کے پنجاب سے اگر ۵۰ لاکھ آبادی کو علیحدہ کر بھی لیا جائے تو پنجاب ہی سب صوبوں اور مرکز پر غالب رہے گا۔ بدستور استحصال بھی کرتا رہے گا اور اس طرح ملک بھر کے چار کروڑ سرائیکیوں کو بھی ہڑپ کر جائے گا، یہ بھی ایک گھناؤنی سازش ہے۔

• چھ کروڑ آبادی کے صوبہ پنجاب کے تین یونٹ بنا دیے جائیں! ہماری اس تجویز پر عمل سے تمام صوبے بیشتر متوازن ہو جائیں گے پنجاب کی ۴۲ سالہ بالاتری ختم ہو جائے گی اور پنجاب

سے عمومی بیزاری کا بھی خاتمہ ہو جائے گا وفاقی اور صوبائی حکومتیں ملک اور عوام پر خوب دلجمعی سے توجہ دے سکیں گی۔ البتہ مرکز سے مطالبے تو ہوں گے، مقابلے نہ رہیں گے! سندھیوں، پنجابیوں، بلوچیوں اور پٹھانوں کی زبانوں، ثقافتوں، قومیتوں اور ان کے صوبوں کے ہوتے ہوئے اگر اسلام اور پاکستان سلامت ہیں تو کروڑوں سرائیکیوں کے سرائیکستان اور پوٹھوہار کے صوبوں سے لسانی تعصب، کفر اور بربادی کیوں ہو جائیگی؟ یہ جھوٹ محض چار کروڑ سرائیکیوں کو ہضم کرنے کے لیئے پھیلایا جارہا ہے ستم تو یہ ہے کہ یہ شکار اسلام کی آڑ میں کھیلا جارہا ہے حالانکہ صوبوں کو متوازن کرنے اور ہر ایک کو جینے کا مساوی حق دینے سے عوام کی محرومیاں ختم ہوں گی۔ آپس کا پیار اور پاکستان پر فدا ہونے کا جذبہ بڑھے گا۔ جو فقط پاکستان دشمنوں کو پسند نہیں! اگر اندرونی جھگڑوں کو ختم کرنا اور چھوٹے صوبوں کو پاکستان کے ساتھ واقعی رکھنا ہے تو پنجاب کو اپنی توسیع پسندی اور دراز دستیوں کو ترک کرنا ہوگا۔ پاکستان سے وفاداری کا یہی تقاضا ہے یہ آئینی ذمہ داری اب اہل پنجاب پر ہے جن کی لگاتار جبری ہٹ دھرمی کی وجہ سے پاکستان نیم جان ہونے کے بعد اب بھی ٹوٹنے کے خطرات سے دوچار ہے صوبوں کو اگر متوازن نہ کیا گیا تو عوام پر بے یقینی کی کیفیت چھائی رہے گی۔ ع۔ ہے کوئی! جو اس رات کا دروازہ کرے بند!!

سرکاری محکموں میں بھی تعصبانہ جانبداری

سازشی پنجابی بیوروکریسی کی رپورٹ کے مطابق پنجابی زبان ۴۴.۶۰، پشتو ۱۵.۱۲، سندھی ۱۱.۷۷ اور سرائیکی صرف ۹.۸۴ فیصد ہے اس رپورٹ میں بددیانتی سے سرائیکی زبان کو پنجاب میں کم دکھانے کے علاوہ اور کہیں نہیں دکھایا گیا۔ حالانکہ سندھ، سرحد اور بلوچستان کے اکثر ڈویژنوں میں بھی سرائیکی بولی جاتی ہے، پنجاب میں بہاولپور، ملتان، ڈیرہ غازیخان ڈویژنوں کے علاوہ جھنگ، میانوالی اور سرگودھا میں بھی اکثر سرائیکی ہی بولی جاتی ہے اگر آج بھی پہلے کی کوئی سروے رپورٹ دیکھی جائے تو اس میں سرائیکی ہرگز نہ ہوگی۔

کیا سرائیکی بولنے والے یکایک یہاں وارد ہو گئے اور دوسرا یہ کہ شمار کنندگان بددیانتی کرتے رہے تاہم جبکہ وہ دیکھ رہے ہیں کہ سرائیکی عوام بھی استحصالی طبقہ کے خلاف آواز اٹھانے لگے ہیں اور ملک میں اپنی آبادی (چار کروڑ) کی مناسبت سے اپنے حقوق مانگ رہے ہیں تو یہ حربہ استعمال کیا گیا ہے کہ حکومت کو ان کی تعداد بہت کم بتائی جائے تاکہ اگر وفاقی حکومت انکو ان کی تعداد کی نسبت سے حقوق دینے کی کوشش بھی کرے تو انہیں پورا حق نہ مل سکے۔ اگر ہمارا واویلا نہ ہوتا تو شاید اس سروے رپورٹ میں بھی سرائیکی زبان کا ذکر نہ ہوتا۔ اب بھی کافی واویلوں کے باوجود سرائیکی علاقوں کو صنعتی ترقیوں روزگار اور طبی سہولتوں سے محروم رکھا گیا ہے یہاں کی اراضی غیر مقامی پنجابیوں کو الاٹ کی گئی ہے سالانہ اربوں روپیہ ٹیکس مالیہ اور لائسنس دینے پر بھی ٹی وی ٹیلی ویژن پر سرائیکی زبان کو حق نہیں دیا گیا۔

نوٹ:- کیا یہ ظلم نہیں؟ تحریر:- راز جتوئی

سرائیکی علاقوں کے قوم فروش سیاستکار ذاتی مراعات اور وزارت کے لالچ میں خاموش ہیں
(ان کو پہچانیئے)

خانپور کٹورہ
۸۹—۷—۲۰

اساں دھرتی دے وارث ہیسے
ساکوں پٹ کھو اجاڑو نہ
اساں دل وی پھیکڑ پوسوں
تساں خود وی اگھاڑو نہ

تکلّف برطرف

(پاکستان میں سازشوں اور محرومیوں کی روئیداد)

دیوار کیا گری مرے خستہ مکان کی
لوگوں نے میرے صحن میں رستے بنا لئے

تحریر:
مُرید حسین خاں راز جتوئی
نمانپور کٹورہ ضلع رحیم یار خاں

حرفِ اوّل

پانی ہمیشہ نشیب کو بہتا ہے۔ بچے اپنے بڑوں کی اور عوام اپنے حکمران طبقے کی نقالی کرتے ہیں۔ ایسے ہی برائی اوپر کے طبقے سے نچلے طبقے میں آتی ہے۔ چونکہ ہمیں حکمران طبقہ خود غرض، طبقہ پرست، حریص اور سازشی نصیب ہوا ہے۔ اس کی دیکھا دیکھی ہیں لوگوں نے بھی وہی روپ اختیار کرلیا ہے۔ آج معاشرے میں جو بگاڑ ہم سب محسوس کرتے ہیں یہ حکمران طبقہ کا پیدا کردہ ہے۔

"لوگوں کو تقسیم کرو اور حکومت کرو" یہ غیروں (انگریزوں) کی پالیسی تھی۔ یہاں ہمارے اپنوں نے بھی وہی حکمت عملی اختیار کر رکھی ہے۔ حکمران طبقہ عوام کو پھاڑ پچھاڑ کر پریشان کر رہا ہے۔ ایسی ہی سازشوں سے عوام کو موقع ہی نہیں دیا گیا کہ وہ اپنے لیے ایک آزاد قوم جیسا فلسفۂ حیات تیار کر کے اس پر عمل کر سکے۔ لوگ تو اپنی جان مال اور عزت کی فکر میں ہلکان رہتے ہیں۔ عوام کے اس ذہنی خلفشار میں حکمران طبقہ اپنی عافیت سمجھتا ہے۔ پالیسی ساز اداروں پر ایک خاص طبقے کی اجارہ داری چلی آرہی ہے۔ یہ ایسی حکمت عملی اختیار کرتا ہے کہ عوام کی سرگردانی میں اضافہ ہی ہوتا رہے۔ اب تو عوام فکرمند ہیں کہ اس سازشی طبقے سے انہیں کب چھٹکارہ نصیب ہوگا۔

آئیے اب اس طبقے کی آمد کے اسباب پر ایک نظر ڈالیں:

علاقہ و طبقہ نوازی کا عفریت

پاکستان بنتے ہی چوہدری ظفر اللہ قادیانی نے وزارت خارجہ کے عہدے سے فائدہ اٹھاتے ہوئے انتظامی اور صنعتی تربیت کیلئے صرف اپنے تعلقداروں اور ہم زبانوں کو حکومتی خرچ پر باہر بھجوایا۔ تربیت پانے کے بعد اس کھیپ نے بھی حکومتی اور صنعتی اداروں میں صرف اپنے طبقے کو بھرتی کیا۔ اس گروہ بندی کو بھانپ کر لیاقت علی خان نے بھی بھارت سے لوگوں کو بلوا کر ان کو کلیدی عہدے صنعتی اداروں کے لائسنس قرضے اور جائیدادیں پیش کیں یہی وجہ ہے کہ صرف وسطی پنجاب اور کراچی کے شہزادے ہی کلیدی عہدوں اور صنعتی اداروں کے اجارہ دار بنے۔ سارے پاکستانیوں پر اجتماعی قرضوں کو صرف انہی کی صنعتی ترقیوں پر خرچ کیا گیا۔ یہ غیر واجب جانبداری اب پاکستان کا ایک روگ بن چکی ہے جس سے پاکستانیوں کی ایک بڑی اکثریت محرومیوں اور بے روزگاری کا شکار ہے۔ آزادی کے سنہرے خواب اب تو ایک ناکار حسرت بن چکے ہیں۔ جس سے عوام سخت مایوس اور بیزار ہیں کیونکہ ان کے اپنے نمائندے بھی خود غرض مفاد پرست اور ہوس زر کیلئے آلۂ کار ثابت ہوئے ہیں۔

یہی وہ اصل کارستانی ہے جس سے پاکستان دشمنی کا آغاز کیا گیا۔

بیوروکریسی میں جبری اکثریت

اس علاقہ و طبقہ پرستی کے تحت یہ سازش بھی ہوئی کہ فوج اور سول بیوروکریسی میں بھی اسی ایک طبقے نے صرف اپنے لوگوں کی اکثریت بنا ڈالی۔ آج تک اسی کا راج ہے۔ عوام کی اس تنخواہ خوار بیوروکریسی نے ایسا زور پکڑ لیا ہے کہ ... عوام کا نمائندہ اس کے حضور دست بستہ پیش ہوتا ہے۔ ان سازشی عناصر نے جمہوری اداروں کو منتشر کر دیا ہے۔ مارشل لاء لگوانے میں اصل ہاتھ اسی بیوروکریسی کا رہا ہے۔ کیونکہ یہ ہر حاکم وقت کو اپنا آلۂ کار بنا کر سب مفادات اپنے طبقے کیلئے سمیٹتی ہے۔ جو بھی اس کی اس چال کو سمجھ کر انصاف کی طرف مائل ہوا اُسے ناکام کیا گیا۔ بیوروکریسی کے اکثر کلیدی عہدیدار ایک طاقت کے کارندے ہیں اسی کے ایما پر سے ملک میں حکومتوں کی تبدیلیاں کرتے ہیں۔ جب تک یہاں اس ایک طبقے کی اجارہ داری رہے گی ملک بحرانوں کی زد ہی میں رہے گا۔ بیوروکریسی کی یہ سازشیں دراصل عوام کو اقتدار میں شریک ہونے سے روکنے کیلئے ہیں۔ ہر علاقے سے ایسے خود غرض اور مفاد پرست اشخاص کو ڈھونڈ کر لایا جاتا ہے جو بیوروکریسی کے آلۂ کار بن کر عوام کو فریب اور دلاسے دیتے جائیں۔ یہاں آمر کو اس وقت تک عوام پر مسلط رہنے دیا جاتا ہے جب تک وہ بیوروکریسی کی بدعنوانیوں اور رشوت سے چشم پوشی کرتا رہتا ہے۔

ناانصافیاں اور استحصال

چھوٹے صوبوں اور سرائیکی علاقوں کی کپاس، گنا، گندم، پانی، بجلی، گیس اور قیمتی معدنیات سے بیش بہا فوائد حاصل کرنے کے باوجود ان علاقوں پر کچھ خرچ نہ کیا گیا۔ بڑے داویلوں کے بعد اگر کچھ کیا بھی گیا تو اس کے بڑے بڑے احسانات جتائے گئے۔ چند کارخانوں میں وہاں کے باسیوں کو نہ ملازمت اور نہ ہی تربیت دی جاتی ہے۔ علمی اور فنی تربیت میں اگر تعصب اور بخل سے کام نہ لیا جاتا تو پاکستانی عوام جاپانیوں جیسی ترقی ضرور کر چکے ہوتے۔ ماضی میں سندھیوں اور سرائیکیوں نے علماء کے فرمان پر انگریزوں کی فوج میں بھرتی اور فرنگی علم کو حرام سمجھا اور ان کو بدیشی غاصب سمجھ کر قتل کرتے رہے۔ ان کی اس باغیانہ سرکشی کی وجہ سے انگریزوں نے انہیں پسماندہ رکھا اور ان پر اعتماد بھی کبھی نہ کیا۔ البتہ ان کے سرداروں سے گٹھ جوڑ کر کے ان کو رام کرنے میں اپنے آخری دور میں کامیاب ہو سکے۔ سرائیکیوں اور سندھیوں میں اکثر سید، بلوچ، اعوان اور راجپوت جیسے غیرت مند لڑاکا قبائل ہیں وہ اکثر آپس میں خون خرابہ بھی کرتے رہتے ہیں تو کیا وہ اسلام اور اپنی دھرتی کی حفاظت کی خاطر اپنی جانیں نچھاور نہیں کر سکتے؟ لیکن انگریزوں کے وفاداروں نے انہیں پاکستانی فوج میں دانستہ نہیں لیا۔ اگر کسی کو کبھی لیا بھی تو دوران تربیت اس پر اتنی سختی کی کہ وہ بھاگ جائے اور پھر تمام خطے کو بدنام کیا۔ یہ خود تو اپنے ہموطنوں سے غداری کر کے ۱۸۵۷ء کی پہلی تحریک آزادی کو ناکام کر چکے ہیں اور انگریزوں ہی کے حکم پر کعبہ شریف پر بھی گولہ باری کرتے رہے ہیں۔ اپنی غیر قانونی حرکات کے احتساب سے بچنے کے لئے عدلیہ کو انہوں نے مفلوج کرایا۔ قرارداد لاہور کا آئین

بڑا شہرہ [illegible] صوبہ پاکستان کے اصل ہیرو یہ خود کو ثابت کرتے رہے۔ عوام کے محدود
تاریخ [illegible] کو [illegible] مسخ کر دیا جا رہا ہے۔ حالانکہ سندھیوں نے ان سے یہ معرکہ دو سال
پیشتر ہی سر کر لیا تھا۔ اور بنگالیوں نے بھی نمایاں کردار ادا کیا تھا لیکن ان کے سب کارناموں کو بھلانے
کی سازشیں کی جاتی ہیں۔ لاہور میں تو پاکستان بننے تک بھی انگریزوں کے پٹھوؤں اور کانگریس کے
ہمنوا یونینسٹوں کی حکومت تھی اور ان دنوں یہ ٹوڈیوں کا ایک خاص مرکز تھا۔ پنجاب کے خوانین نے تو
اس وقت اپنا پینترہ بدلا جب عوام نے کھل کر قائد اعظم کی ہمنوائی کر دی۔ یہ ابن الوقت خوانین اب عوام
سے کٹ کر بے بس ہو چکے تھے لیکن موقع سے فائدہ اٹھانے کے لئے بعد سازشیں کر کے اقتدار کے کلیدی عہدوں
پر قابض ہو گئے۔ بنگالیوں کی اکثریت کو پنجابیوں نے کبھی دل سے تسلیم نہ کیا۔ بنگالی لیڈروں کو بدنام کرنے
میں لاہور کے اخبارات نے بڑا اشتعال انگیز کردار ادا کیا۔ یہی وجہ ہے کہ [illegible]
سر سے ٹوپی اتار پھینکی گئی۔ بنگالیوں کے وسائل پر غاصبانہ قبضہ کیا گیا۔ بیرونی قرضوں کا بیشتر حصہ [illegible]
کے طور پر دیا جاتا تھا۔ اور یہ قرضہ کراچی اور وسطی پنجاب کی صنعتی ترقی پر خرچ کیا گیا۔ یہی زیادتی اب چھوٹے صوبوں
اور سرائیکی علاقوں سے کی جا رہی ہے۔ لاہور ہی میں مولانا نورانی کی دستار کو تار تار کیا گیا تھا۔ ہر پنجابی
خود کو ایک حاکم قوم کا فرد سمجھتا ہے جہاں بھی جاتا ہے وہاں کے عوام سے علیحدہ رہتا ہے۔ اگر تاجر
یا صنعتکار ہے تو جن لوگوں کو یہ اپنے بناوٹی مال سے لوٹتا ہے ان کو گالی بھی دیتا ہے۔ اس نے انگریزوں
ہندوؤں اور سکھوں سے زر پرستی، خود غرضی اور ہیرا پھیری ہی سیکھی۔ اور ان برائیوں کو [illegible]
زندگی کی اعلیٰ اقدار کو ہی بدل ڈالا ہے۔ اسی لاہور میں آج بھی ایک ایسا گروہ موجود ہے جو سکھوں سے
ساز باز کر کے عظیم تر پنجاب بنانے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ سندھیوں اور سرائیکیوں میں باصلاحیت اور اعلیٰ تعلیم یافتہ
نوجوانوں کی اب کمی نہیں رہی۔ لیکن ان کو معقول ملازمت نہ دے کر ان کی حوصلہ شکنی کی جا رہی ہے۔
اور پسماندہ اور سرائیکی علاقوں کو انجینئرنگ و زرعی یونیورسٹیوں لائبریریوں اور سائنسی تجربہ گاہوں سے [illegible]
محروم رکھا گیا ہے۔ ان کے ایسے ہی کرتوت پر علامہ اقبال نے فرمایا تھا کہ [illegible] شور پنجاب سے [illegible]

اسلام ایک بہانہ: ہر حاکم وقت اور بیوروکریسی خوب جانتی ہے کہ اسلام کے نام پر عوام مرعوب ہو کر خاموش ہو جاتے ہیں۔ شروع ہی سے آمر کا علماء کے تعاون سے اسلام کے مطابق
قوانین جاری کرنے کا عوام کو دھوکہ دیا جا رہا ہے۔ عملی طور پر جو کچھ ہو رہا ہے وہ تو سب پر عیاں ہے
البتہ اسلام کے نام پر ناروا مظالم کر کے عوام کو اسلام سے دانستہ برگشتہ کیا جا رہا ہے۔ جو لوگ
بھی اپنے جائز حقوق کا مطالبہ کرتے ہیں انہیں اسلام کے نام پر ایثار اور صبر کرنے کی تلقین کی جاتی
ہے۔ اور استحصال کرنے والوں کا احتساب ہی نہیں کیا جاتا۔ عوام اب اس بہانہ سازی کو
خوب سمجھ چکے ہیں۔

سیاست کو تلپٹ کرنا: یہ بھی تو مارشل لاؤں کا فیض ہے کہ سب سے بڑی اسلامی ریاست قتل ہو کر اب آدھی رہ گئی ہے اور آج اس کے بھی استحکام کی دعائیں کی جاتی ہیں۔
مارشل لاؤں کے ذریعے انتخابات کو روک کر غیر مقبول حکومتوں کی پُرامن تبدیلی کے طریق کار کو سبوتاژ کیا۔ اور آمروں نے اپنے جبری اقتدار کو طویل کرنے کے لئے بیوروکریسی کے مشوروں سے نئے نئے حربے ایجاد کر لئے۔ بیوروکریسی اور آمروں نے سیاسی جماعتوں میں اپنے آلۂ کار پیدا کر کے ان کا عوام کے دلوں سے احترام اور اعتماد کو ختم کر دیا ہے اور ایسے مایوس کن حالات پیدا کر دیئے گئے ہیں کہ اب عوام نے ملک کے نفع و نقصان پر سوچنا بھی چھوڑ دیا ہے۔ سچ یہی مرضی میرے صیاد کی تھی۔

صحافت بیچاری: آئینہ دکھانے والے اہلِ قلم کے ہاتھ شل اور زبانیں گنگ اور اشاروں کنایوں پر بھی قدغن۔ اخبارات پر سرکاری اشتہاروں کی بندش۔ کاغذ کی کوٹہ بندی۔ بہت سی آخر مالکانِ اخبار کو آمرانِ وقت سے سمجھوتہ کرنا پڑا۔ اور اس کے تحت سیاہ رات کو روشن دن لکھنا اب وطیرہ بن چکا ہے۔ کئی اخباروں نے تو ایسے ذہن تیار کئے کہ وہ اپنے جنون کی تکمیل کے لئے صوبے میں وارد ہو کر تمام پاکستانیوں کو زیردست کرنے میں منہمک ہو گئے ہیں۔ اب تو انہیں یہ بھی سبق ہے کہ جس آبادی کو تاراج کرنا چاہیں کوئی مدافعت نہیں کر سکتا کیونکہ طاقت ور انتظامیہ ان متعصبیوں کا سرپرست ہے۔ ڈنڈورچی اخبارات پر اب تو آہن برس رہا ہے۔ خدا ہی خیر کرے۔

مراعات یافتہ طبقے کی اجارہ داری: آج بھی مغلوں اور انگریزوں کے پالتو جتنے اور روحانی بزرگوں کے گدی نشین لاڈلے عوام کی جان مال آبرو اور اراضی کے مالک ہیں۔ انہوں نے کونسے ہل چلا کر جاگیریں بنائی تھیں۔ مفت کا مال انہیں ہاتھ لگا ہے۔ اور صنعت کار تاجر بھی اقربا پروری سے پرمٹ اور لائسنس پا کر اب اربوں روپیہ کے سرمایہ دار بن چکے ہیں۔ تو اس وطن کے نودولتیے ہر دور میں یہ موقع پرست لوگ حکومتِ وقت اور بیوروکریسی کے آلۂ کار کی حیثیت سے ملکی سیاست میں داخل ہوتے ہیں۔ نظریہ اور عوام و علاقہ کے حقوق اور ترقی سے انہیں کبھی سروکار نہیں رہا۔ یہی وجہ ہے کہ ان وڈیروں نے اسمبلی میں کبھی اپنے علاقوں میں علمی فنی یونیورسٹیاں اور ملیں لگانے کا مطالبہ ہی نہیں کیا بلکہ یہ تو حاکمانِ وقت سے صرف اپنے جرائم کا تحفظ، عوام پر دھونس کا حق اور ذاتی مراعات یا اپنے رشتہ داروں کی ملازمت پر اکتفا کر لیتے ہیں۔ انہیں عوام کے اجتماعی مفاد سے دلچسپی نہیں۔۔۔
ہندستان کی ریاستوں کے نوابوں نے تو اپنی قدیم رعایا کو اپنی غلامی سے آزاد کر دیا ہے۔ لیکن یہ قوم کے وڈیرے اپنے قدیم مزارعین کو زمین سے محروم کرنے کے بعد بھی اپنی غلامی میں رکھنے کا جتن کرتے ہیں۔ جو بھی سر اٹھاتا ہے اس کی چوری کرا لیتے ہیں اور جھوٹے مقدمات میں پھنسا لیتے ہیں۔

خدا معلوم یہ اندھیر نگری اور ان کی داداگیری کب تک رہے گی؟ زرعی اصلاحات سے چھپائی اراضی جو انہوں نے ورثا کے ناموں سے اپنے پاس رکھی ہوئی ہے اب اُسے زیادہ رقم کے لالچ میں باہر کے لوگوں کو بیچ کر اپنے ہاں درآمد کا موقع خود فراہم کر رہے ہیں۔ یہ عاقبت نااندیش اس طرح عوام کے علاوہ اپنی اولاد کو بھی غلام بنانے کا اہتمام خود ہی کر رہے ہیں۔ ان بے حس ظالموں نے آج تک اپنی زبان کو اسمبلی سے منظور کرانے کی سعادت بھی حاصل نہیں کی۔

انتقال آبادی: جب سے عوام نے احتجاج کیا ہے اس کارستانی میں اور بھی اضافہ کر دیا گیا ہے۔ یہ ہے اختیارات اور طاقت کا زعم اور اجارہ داری! پسماندہ علاقوں کو غلام بنانے کی مہم میں وہاں تعینات افسران باہر کے لوگوں کو بلا کر جعلی ڈومیسائلز پر وہاں کی اعلیٰ نوکریاں، اراضی، قرضے اور لائسنس مہیا کرتے ہیں اور غیر آباد زمین ان کو سستی دلا کر بعد میں انہیں نہریں بھی جاری کرا دیتے ہیں اور پھر یہ دعویٰ کیا جاتا ہے کہ مقامی لوگ نااہل ہیں دیکھئے یہ سب آبادیاں باہر کے لوگوں نے اپنی محنت سے کی ہیں۔ اس حکمت سے اصل حقدار بے زمین کسانوں کو محروم کیا جا رہا ہے۔ ایسی ہی سازشوں سے ون یونٹ کے خلاف عوام نے نفرت کر کے ناکام کیا تھا۔

داخلی خلفشار: ہر آمر عوام کی تائید سے بالکل محروم ہوتا ہے۔ اُسے اپنے جبریہ اقتدار کو طویل کرنے کے لئے بیوروکریسی کی مدد سے پہلے جبر اور بعد میں کچھ مفاد پرست اور خود غرض سیاسی اور مذہبی اجارہ داروں کو پُچکارنا اور خریدنا پڑتا ہے۔ چنانچہ جب یہاں کسی آمر نے طلب کیا تو بڑے بڑوں کے وضو ٹوٹے۔ دُم ہلاتے دوڑے اور سر جھکا کر صاحب کے جوتے چاٹنے لگے۔ اور اس کی ذاں مری اقتدار کی ہڈی کو چوستے ہیں بڑا مزہ پانے لگے۔ حق نمک ادا کرنے کے لئے عوام میں حاکم اسی آمر کو نجات دہندہ ثابت کیا اور عوام کو یہ باور کرایا کہ اگر یہ صاحب نہ رہے تو پاکستان ہی ختم ہو جائے گا (خدانخواستہ) ایسی ہی دلخراش سحر بیانوں سے یہ اپنے مربی کو بیلٹ دلانے کے جتن کرتے رہتے ہیں۔ عوام کو سیاسی رشوت دلا کر دلاتے بھی دیتے ہیں۔ اور انہیں مذہبی اور سیاسی منافرتوں میں بھی اُلجھاتے ہیں۔ بیروزگاری بڑھا کر انہیں معاشی تفکرات میں بھی سرگردان کیا جاتا ہے۔ ایسے خلفشار کو ہوا دینے والے مذہبی اور سیاسی کارندے آج تو اپنی محنت کی کافی اجرت پا رہے ہیں۔

قومیت اور زبان کا مسئلہ: بلوچوں اور پٹھانوں، سندھیوں اور پنجابیوں کی قومیتوں کو تو ہر دور سے عملی طور پر تسلیم کیا گیا ہے۔ اور عوام کو اسلام کے نام پر دھوکہ بھی دیا جا رہا ہے کہ یہاں پر تو صرف ایک قوم ہے۔ یہ اصرار اور واویلا وہی دشمنانِ پاکستان زیادہ کر رہے ہیں جو خود اپنی قومیت پر سب سے زیادہ فخر کرتے ہیں۔ اور فلموں، ریڈیو، ٹی وی، رسالوں اور اخباروں کے ذریعے اپنی عریاں ثقافت اور زبان کو تمام پاکستانیوں پر زبردستی ٹھونس رہے ہیں۔ اسلام کسی کی پہچان کا مخالف ہرگز نہیں وہ تو سب کو حقوق ادا کرنے کی سخت ہدایت

بھی کرتا ہے۔ انصاف سے دیکھا جائے تو پاکستان کی اصل اور قدیم ثقافت اور زبان سرائیکی ہی ہے۔ جو درحقیقت قدیم سے پاکستان کی نصف آبادی پر مشتمل ہے۔ مسلسل سازشوں کے باوجود یہ اپنی جاندار ی کی وجہ سے سرگودھا، جھنگ، ملتان، ڈیرہ جات، بہاولپور، بالائی سندھ اور بلوچستان کی مقبول ترین ثقافت اور زبان سرائیکی ہی ہے۔ سرائیکی ثقافت نہایت سادہ اور تکلفات سے پاک ہے۔ سرائیکی زبان کی اکثریت، قدامت، مٹھاس، روانی اور عام فہمی مسلمہ ہے۔ سرائیکی عوام اپنی سادگی، حسن اخلاق، مروت، امن پسندی، بردباری اور حلیمی میں بھی لاثانی ہیں۔ خودغرض اور طوطا چشم مخالفین تو سرائیکیوں کی وسعت قلبی اور مہمان نوازی کو بھی ان کی کمزوری پر محمول کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ لڑائی میں پہل نہیں کرتے۔ جب بے قصور ان کو تنگ کیا جائے اور ان کے صبر سے غلط فائدہ اٹھایا جائے تو یہ اپنے اختلافات ختم کر کے اکٹھے ہو کر یکدم سیخ پا ہو جاتے ہیں اور اپنی بقا کی خاطر مرنے مارنے سے ہرگز نہیں گھبراتے۔ یہ اپنی مٹھاس اور چاہت ہی کی وجہ سے سارے پاکستان میں مقبول ہیں۔ نہ یہ کسی سے نفرت کرتے ہیں اور نہ ہی کوئی انہیں غیر سمجھتا ہے۔ پاکستان کی اس قدر خیر خواہ نصف آبادی کے وجود ثقافت اور زبان کو تسلیم نہ کرنا تو دشمنان پاکستان کا شیوہ ہی ہو سکتا ہے کیونکہ وہ اس ملک کی نصف آبادی کی ان خوبیوں اور اہمیت سے باغیانہ انحراف کرتے ہیں۔ سرائیکی کے وجود زبان اور ثقافت کے خلاف سازشیں کافی عرصہ سے جاری ہیں جبکہ سرائیکی کا آغاز لاہور سے تھا تاریخ اور داتا صاحب کی کتابی تحریر سے بھی یہ ثابت ہے کہ لاہور تک کے تمام علاقے قدیم ترین حکومتی مرکز ملتان کے ماتحت تھے۔ اسی وجہ سے ان تمام علاقوں میں ملتانی (سرائیکی) زبان اور ثقافت مقبول عام تھی چنانچہ شاہ حسینؒ کی سرائیکی کافیاں آج بھی کانوں میں سرائیکی مٹھاس کا رس گھول رہی ہیں۔ ان علاقوں میں سرائیکی کا رواج اور اثر یوں کم ہوا کہ جب سکھوں نے دھڑا دھڑ یلغار کی اور ادھر کے ہر قدیم ثقافتی نشان اور بیہون کو مسمار کر کے اپنی سکھا شاہی چلائی اور زبان کو عروج دیا۔ ان سرائیکی علاقوں میں انگریزوں نے بھی اپنے وفادار پنجابیوں کو کافی اراضی دے کر لائل پور اور منٹگمری جیسے کئی نئے شہر اور نہریں بنوا دیں۔ اس سے قبل مغلوں نے بھی حاکمان ملتان کی بیباکی سے ناراض ہو کر لاہور اور اس کے مضافاتی علاقوں کو مرکز ملتان سے علیحدہ کئے عوام کو اپنا گرویدہ بنانے کے لئے ان علاقوں کو خاصی ترقی دی تھی چونکہ انگریز سرائیکی عوام کی سرکشی سے خائف رہتے تھے اس لئے انہوں نے اپنے اعتماد کے پنجابیوں کو خلط ملط کر دیا تاکہ جاسوسی ہوتی رہے اور بغاوت کے وقت اپنے اتحادیوں سے ان کی سرکوبی میں مدد بھی لی جا سکے۔ بابا فریدؒ، بلھے شاہؒ اور سلطان باہوؒ کے سرائیکی کلام سے بھی یہ ثابت ہے کہ یہ تمام علاقے سرائیکی ہی ہیں۔ فارسی کا لفظ پنجاب خود ثابت کرتا ہے کہ یہ خطہ فارسی کے سرپرستوں کا دیا ہوا ہے اس سے پہلے اس کا کوئی علیحدہ وجود ہی نہ تھا۔ پنجابیوں کی مسلسل وسعت پذیری نے سرائیکی جغرافیائی حدود کو کم در کر دیا ہے۔ ان کے یہ مذموم عزائم اب کھل کر سامنے آ گئے ہیں اگر اب انکی اس حریصانہ توسیع پذیری کو روکا نہ گیا تو سارے پاکستان کو پنجابستان ہی بنا ڈالیں گے۔ ان کی افرادی اور ثقافتی یلغار سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے۔

غیر متوازن صوبے: انگریزوں نے تو عوام کو آپس میں الجھائے رکھنے کی خاطر صوبوں کو دانستہ ہی غلط تقسیم کیا تھا۔ سرائیکیوں کو ان کا بدیشی تسلط ہرگز پسند نہ تھا اس لئے انگریز بھی ان پر اعتماد نہ کرتے تھے ان کے اتحاد اور سرکشی سے خائف تھے۔ اس لئے ان کو کمزور کرنے کی غرض سے سرائیکیوں کے کچھ علا

صوبہ سرحد اور کچھ کو بلوچستان سے ملا دیا گیا تھا۔ انگریزوں کی معنوی اولاد نے بھی وہی پالیسی جاری رکھی جبکہ [illegible]
شدت اختیار کر رکھی ہے کہ سرائیکی زبان کو کوئی وقعت نہیں دیا جاتا اور سرائیکی باصلاحیت نوجوانوں کے لئے [illegible]
بالکل بیدخل ہے ... پنجابی اپنی علاقہ و صنعت نوازی سے خود تو خوب قوم پرستی کرتے ہیں دوسرا کوئی نیشنلزم کی تعقبات ہی کرے
تو اسلام کی لٹھ لے کر اس کے پیچھے پڑ جاتے ہیں عوام اب ان کی یہ عیاریاں خوب سمجھ رہے ہیں۔ سرائیکیوں کو تو غیر سمجھ کر ان کا استحصال
کر رہے ہیں اور فقط اپنی تعداد بڑھانے کے لئے سرائیکی علاقوں کے تمام باسیوں کو اپنے ساتھ نتھی کئے ہوئے ہیں جبکہ ان کے وسائل کا
حصہ وسطی پنجاب خود ہڑپ کر جاتا ہے۔ چھ کروڑ آبادی کا ایک **صوبہ پنجاب** اور بقیہ تینوں صوبے صرف چار کروڑ محروم لوگوں کے
اسی عددی برتری کی وجہ سے صرف پنجاب سب سے زیادہ مالی و سیاسی مفادات سمیٹتا ہے اور وہ تمام بھی وسطی پنجاب ہی
کھا جاتا ہے۔ وفاقی حکومت پر بھی اثر انداز ہے اس ناروا بالادستی اور مسلسل استحصال سے چھوٹے صوبوں کے عوام سخت نالاں اور مضطرب
ہیں اور سرائیکی علاقوں کے عوام بھی زبردستی سے سخت نالاں آ چکے ہیں۔ ان اصل مسائل کو حل کرنے کی بجائے اپنی طاقت اور اختیار
کے زعم اور جنون میں پنجاب اب پھر مشرقی پاکستان والی داستان دہرانے کی حماقت کر رہا ہے کہ جبر سے عوام کو زیر کرنے کے لئے
ان کے سروں پر فوجی چھاؤنیاں مسلط کر رہا ہے جائز حقوق کی خاطر عوام کو خانہ جنگی تک لے آنا ملک دوستی ہرگز نہیں۔ جبر سے عوام
غلام بننا ہرگز قبول نہ کریں گے بلکہ علیحدگی کے رجحانات اور بڑھیں گے۔ عوام پر جب اپنی فوج چڑھائی جائے گی تو مظلوم اور مقہور
لوگ کسی بیرونی طاقت سے امداد حاصل کرنے پر مجبور ہو جائیں گے۔ ایسی تباہی سے ملک کو بچانے کی خاطر پنجابیوں کو اب اپنی ضد
اور جنون کو ترک کر کے سرائیکی صوبہ جلد منظور کر لینا چاہیئے۔ ورنہ ع فلک ماتم کرے گا تمہاری ستم ظریفیوں پر

دنیا کے بیسیوں ممالک نے اپنی لسانی مسائل حل کرنے اور عوام کو انتظامی سہولتیں بہم پہنچانے کی خاطر اپنے اپنے صوبوں میں
اضافے کر لیئے ہیں اس سے تو وہ تباہ نہیں ہوئے۔ یہاں اپنے جنون سے دستکش نہ ہونے کے لئے ملک ٹکڑے ٹکڑے ہو جانے
کا بے بنیاد واویلا کیا جاتا ہے۔ ایسی ہی حماقتوں سے آدھا ملک ہم سے بچھڑ چکا ہے۔ اسلامی ممالک ایران، افغانستان، عرب اور کئی
دوسرے ممالک جو آبادی میں پاکستان سے بہت کم ہیں لیکن ان کے صوبے ہم سے کئی گنا زیادہ ہیں۔ صرف پنجاب کی ضد اور عددی
برتری کی وجہ سے ملک تباہی کی طرف بڑی تیزی سے بڑھ رہا ہے۔ پاکستان اب اور چرکے برداشت نہ کر سکے گا۔ فقط پنجاب کی
تقسیم کو رکوانے کی خاطر تمام صوبوں کی تعداد بڑھانے کا شوشہ چھوڑا جاتا ہے تاکہ معاملہ پھر کھٹائی میں پڑ جائے۔۔

حرفِ آخر:

صرف سرائیکی صوبہ کے قیام سے پاکستان کے صوبے متوازن ہو جائیں گے اور پنجاب اور پنجابیوں سے عوامی نفرت کا خاتمہ ہو جائے گا۔ بیوروکریسی کی گرفت ڈھیلی نہ رہے گی۔ چھوٹے صوبوں
کے عوام کے گلے شکوے ختم ہو جائیں گے اور علیحدگی کے رجحانات ختم ہو جائیں گے عوام کو انتظامی سہولتیں میسر ہوں گی صوبائی
کام کاج کے لئے لاہور کا دور کا سفر اور خرچہ بند ہو جائے گا۔ کام نزدیک ہی ہو جایا کریں گے۔ نئے صوبوں اور سرائیکی علاقوں کے
قدیم باشندے اور مہاجر اور مقامی مل جل کر صنعتی ترقی کر سکیں گے۔ بیروزگاری کا خاتمہ ہو گا۔ [illegible]
ہو جائے گا۔ [illegible] ترقی کا مقابلہ ہو گا جس سے ملک خوشحال اور [illegible] ہو گا پاکستان مستحکم [illegible] ہو گا۔

وما علینا الا البلاغ

خیر اندیش۔ مرید حسین جتوئی [illegible] ۱۱.۴.۲۰

تکلف برطرف (۲)

مسلم لیگ

جب پاکستان بن چکا تو قائداعظم نے فراخدلی سے اپنے سے اختلاف رائے رکھنے والے زعماء خصوصاً مولانا ابوالاعلیٰ، عبدالغفار خان اور عبدالصمد اچکزئی کو اپنا ایلچی بھیجا اور کہلا بھیجا کہ ملک حاصل کر لیا گیا ہے۔ اب آیئے پرانے اختلافات بھلا کر اس کی تعمیر نو کیلئے مل جل کر کام کریں۔ مسلم لیگیوں کو جب اپنے قائد کی اس خواہش کا علم ہوا تو وہ سخت پریشان ہوئے کیونکہ ان سیاسی بونوں علم تھا کہ اگر یہ مدبر قائد کے ساتھی بن گئے تو وہ پٹ جائیں گے۔ جبکہ قائداعظم کے اکثر رفیق ہندوؤں کی چھوڑی ہوئی اس تجارتی اور صنعتی منڈی کو بھی خود ہتھیانا چاہتے تھے۔ مذکورہ شخصیات کے درمیان تو یہ حریص اپنی من مانی نہ کر سکتے چنانچہ انہوں نے اس ملاقات اور باہمی ممکنہ تعاون کو ناکام کرنے کی خاطر اپنے پالتو اخبارات کے ذریعے ان زعماء پر خوب کیچڑ اچھلوائی۔ اور یہ ملاقات نہ ہونے دی۔ بعد میں ان کے ایسے ہی کرتوت کی وجہ سے قائداعظم نے برہم ہوکر ہی کہا تھا کہ مجھے علم نہ تھا کہ میری جیب میں کھوٹے سکے ہیں........ مسلم لیگیوں نے اسلامی نعرہ بھی محض اس مجبوری پر لگایا کہ انہیں یہ احساس ہو چکا تھا کہ اس دلکش نعرہ کے بغیر مسلمان ان کی تحریک کا کچھ زیادہ اثر قبول نہ کر رہے تھے۔ اگر اسلام کے بارے میں یہ مخلص ہوتے تو وہ اسے اپنے دور حکومت میں نافذ کر چکے ہوتے۔

قائداعظم کے ایماپر مولانا مودودی نے ریڈیو پر اسلام کی راہ ہموار کرنے کیلئے ابھی چند تقریریں کی تھیں کہ مسلم لیگیوں نے برہم ہوکر یہ سلسلہ ختم کرادیا........... اب پھر مسلم لیگ میں مفاد پرست ہرجائی اور فصلی بٹیرے داخل ہوگئے ہیں۔ اور وہ پاکستان کو محض اپنے تحفظ کی ریاست بنانے میں خوب سرگرم ہیں۔ یہ جرائم کار اپنے تحفظ کے عوض ہر آمر کا ساتھ بھی دیتے رہے ہیں۔ انہیں ملک اور قوم کے مسائل اور تکالیف سے کوئی ہمدردی نہیں۔ ان کے علاوہ پنجاب کا پالتو پریس اور اجارہ دار بیوروکریٹ بھی ملک اور عوام کے مسائل حل کرانے میں سب سے بڑی رکاوٹ بنے ہوئے ہیں۔ اگر یہ سب عناصر ملک اور عوام کے کچھ بھی خیرخواہ ہوتے تو ملک کو نیم جان کرانے کے بعد تو اپنی ہلاکت خیز کارستانیوں سے ضرور

بازآجاتے۔

جماعت اسلامی

مولانا مرحوم کی موجودگی ہی میں اس جماعت میں ایسے عناصر آگھسے جو جماعت کو اپنی خفیہ اغراض کیلئے استعمال کرنے لگے۔ ان سازشی عناصر کے غلبہ کی وجہ سے اس جماعت کے کئی جید ساتھی جماعت ہی کو چھوڑ گئے۔ ان حریص سازشی عناصر کو اقتدار میں جلد آنے کی بڑی ہوس ہے۔ انہوں نے اپنی تنگ نظری کی وجہ سے عام آدمی سے نفرت کرکے اس جماعت کو عوام میں مقبول نہ ہونے دیا۔ کیونکہ یہ اپنے جائز حقوق طلب کرنے والوں کو ہمیشہ بے دین کہتے رہے ہے۔ ان کے ایسے ہی خیالات اور عمل کی وجہ سے اکثر لوگ اس جماعت کو فاشسٹ ٹولہ کہتے ہیں۔ .... جماعت کے اس غالب سازشی ٹولے نے ہر اس آمر کی حمایت کی جس نے اسے اقتدار میں شرکت کا وعدہ کیا۔ چنانچہ جب جنرل یحییٰ نے جماعت کے ان غالب عناصر کو ذرا سی لفٹ دی تو انہوں نے اس آمر کو امیرالمومنین کہنا شروع کردیا تھا۔ پھر تھپکی دی گئی تو انہوں نے اس نام نہاد انتخاب میں "مردِ مومن مردِ حق" کے پرشور نعروں سے عوام کو گمراہ کرنیکی بھرپور کوشش کی۔ لیکن لوگ ووٹ ڈالنے ہی نہ گئے۔ البتہ اس جماعت کے وہی سازشی عناصر بیوروکریسی سے مل کر اپنے چہیتے کے حق میں جعلی ووٹ ڈالتے رہے ہے۔ مطلب براری کے بعد جب اس جماعت کو بھی ٹھینگا دکھایا گیا تو جماعت کے مخلص ساتھیوں کے ہوش اُڑ گئے۔ کیونکہ ان سازشیوں کی خفیہ گٹھ جوڑ کی وجہ سے اس جماعت کا بھرم بھی دوسری پارٹیوں کی طرح اب عوام میں نہیں رہا۔ انہی کی ملی بھگت کی وجہ سے یہ جماعت حکومت کی بی ٹیم، کہلائی۔ ان دنوں یہ جماعت بڑی خوش فہمی میں مبتلا تھی۔ لیکن ان سازشی عناصر کی نام نہاد انتخاب میں کھلی حمایت نے تو جماعت کو عوام میں بالکل ننگا کردیا۔ عوام کو یاد ہے ذرہ ذرہ! .... اب جماعت کے دردمندوں نے "کاروانِ دعوت و محبت" کے ذریعے عوام میں جماعت کی ساکھ بحال رکھنے

مخلصانہ کوشش کی ہے لیکن یہ کاری زخم ابھی بھرتے نظر نہیں آرہے کیونکہ عوام کا حافظہ اتنا کمزور نہیں .... اب انہی عیاروں کی یہ سازش ہے کہ کسی طرح اس جماعت کے ہم خیال معصوم نوجوانوں کو قربان گاہ تک پہنچا دیا جائے۔ اب یہ جماعت کے حقیقی خیرخواہوں کا فرض ہے کہ اپنی جماعت کے ایسے شاطر سازشی عناصر کا کھوج لگائیں جو بظاہر تو اسلام کے شیدائی نظر آتے ہیں لیکن ان کی آستینوں میں اغراض سازشوں اور ہوس کے کئی بت چھپے ہوئے ہیں۔

آزادی کے متوالے عوام!

ملک کی آزادی حاصل کرنیکا اصل مقصد تو محروم عوام کو اقتدار اور ترقی کے نئے مواقع میں شریک کرنا ہوتا ہے۔ لیکن یہاں تو پھر وہی خواص ملک کے تمام وسائل اور حکومت پر قابض ہو گئے۔ جو پہلے بھی اپنے ہم وطنوں سے غداری کر کے انگریزوں کے مراعات یافتہ تھے۔ انہوں نے اب بھی اپنے ہم وطنوں کو ایسا بےبس غلام بنا رکھا ہے کہ وہ اپنی مرضی سے ووٹ بھی نہیں دے سکتے۔ اب تو ان پر ایسے شرمناک مظالم ڈھائے جاتے ہیں کہ جن کو انگریز اور ہندو بھی روا نہ سمجھتے تھے۔ حالانکہ سیاسی اور مذہبی رہنماؤں کے حکم پر مخلص عوام نے ہر موقعہ پر بیش بہا قربانیاں دی ہیں۔ لیکن یہ سوداباز ہر آمر سے مل کر اپنی اپنی جائیداد بڑھانے میں مگن رہتے ہیں۔ ان میں سے ہر ایک حکومت کے ہاں بکنے میں دوسرے پر سبقت لے جاتا ... ان شعبدہ بازوں سے ہر بار دھوکہ کھانے کے بعد عوام اب حالات بدلنا چاہتے ہیں۔ لیکن یہ سوداباز عوام کو اسلام کے نام پر بہلا کر پھر ناکام کرنا چاہتے ہیں۔ آخر کب تک عوام ان سے دھوکے کھاتے رہیں گے؟

کیا اصل اسلام کو یہاں نافذ ہونے دیا جائے گا؟

میری اس دوٹوک بات کو پلّے باندھ لیجیئے کہ یہاں ایسا ہرگز نہیں ہونے دیا جائیگا۔ البتہ ماضی کی طرح عوام کو محض اسی خوش فہمی میں مبتلا رکھ کر وقت گذاری کی جائیگی۔ یا من مرضی اور اپنے تحفظ کے خود ساختہ قوانین کو

چند کرایہ کے علماً سے سند لکھوا کر انہیں اسلامی مشہور کرایا جائیگا۔

اسلام تو احتساب کا حق خود عوام کو دیتا ہے۔ خلفائے راشدین کے بعد سلب ہوچکا ہے عوام کے اس جائز حق کیلئے چودہ سو برس سے قربانیاں دی جارہی ہیں لیکن پرنالہ تو پھر بھی وہیں ہے۔ مسلمانوں کا خلیفہ ہوتے ہوئے بھی انہوں نے ایک عام آدمی کے خرچہ پر گذر بسر کی طبقاتی فرق کو گھٹایا۔ اور بے لاگ فیصلے کرکے انہوں نے اسلامی عدل کو دنیا بھر سے تسلیم کرایا۔ کیا آج یہ ممکن ہے؟ کیا حضورؐ کی طرح آج مسلمانوں کے قائد کے پیٹ پر دو پتھر بندھ سکتے ہیں۔ جب کہ عام آدمی کے پیٹ پر بھوک سے ایک پتھر بندھا ہو؟ کیا ہم اور کربلا سے گذرنے کیلئے آمادہ ہیں؟ غالباً ہرگز نہیں! تو عدل اور فلاح کی راہ اختیار کرنے کیلئے ہمیں پہلے راستے کے کانٹے اور پتھروں کو ہٹانا ہوگا۔ اور عوام میں ہر فرعون سے ٹکرانے کا حوصلہ بھی پیدا کرنا ہوگا۔ اس کیلئے سب سے پہلے موجودہ طریق انتخاب کو بدلنا ہوگا۔ پاکستان میں اب جاگیردار، سرمایہ دار اور صنعت کار ۴: ر درمیانہ اور غریب عوام موجود ہیں ان دونوں کو اپنی اپنی آبادی کے تناسب سے [struck] نمائندگی دینا ہوگی (یہ تجویز صرف میری نہیں ہے) تو ایسے منتخب شدہ مشترکہ ارکان اسمبلیوں میں بیٹھ کر ملک اور عوام کی فلاح کا سوچ سکتے ہیں۔ اسی انقلابی عمل کو جاری رکھ کر پاکستان کو ایک فلاحی ریاست بنایا جاسکتا ہے۔ اگر یہ عمل نہ ہونے دیا گیا تو عوام اس مسلسل استحصال سے عاجز آکر انتہا پسند نظریات اپنانے پر مجبور ہوجائیں گے

٥...... مذہبی جماعتوں کے ارکان جو اس ملک اور عوام میں بستے ہیں لیکن ان کے مسائل و مشکلات سے لاتعلق ہیں ان کو عوام کی تکالیف کا احساس دلا کر مصلحت کیشی ترک کرنے کی استدعا بھی کرنی ہوگی۔ کہ۔ جدا ہو دیں سے سیاست تو رہ جاتی ہے چنگیزی!

٥...... اسلام کی دہائی دے کر عوام کا استحصال کرنے والے خود تو علاقہ و طبقہ نوازی کر کے قوم پرستی کرتے ہیں اور دوسروں کو برملا بے دین کہہ کر بدنام کرتے ہیں؟ ان کی اس گھناؤنی سازش کا پردہ چاک کرنا ہوگا۔

٥......... عوام اسلام کے کھوکھلے نعروں سے اب اکتا چکے ہیں۔ اب وہ اسے ایک دلاسہ سمجھ چکے ہیں۔ عوام کی تندہی اور ان کے بدلتے تیور دیکھ کر حاکم طبقہ نے اب جبر کی ایک اور چال چلی ہے کہ پسماندہ محروموں پر ترقی یافتہ لوگوں کو مسلط

کیا جارہا ہے۔ ان نئے مسلط لوگوں کے تحفظ کی خاطر وہاں کے بپھرے عوام پر فوجی چھاؤنیاں مسلط کردی گئی ہیں دوست بنانیکی بجائے ان کو اپنے تمام وسائل سے محروم کرکے بےبس غلام بنایا جارہا ہے اس عوام دشمن سازش کو ختم کرانا ہوگا۔ ٥......... سیاستکاروں کو ذاتی مراعات کا چسکہ لگاکر ان کو اپنا آلۂ کار بنا لیا جاتا ہے جس سے وہ قوم فروشی پر آمادہ ہوجاتے ہیں ایسے مفادپرستوں کو مطلع کرنا ہے کہ قوم سے اس غداری کا انتقام عوام انکی عزیز اولاد سے لیں گے

٥......... جو سیاست کار عوام کے ان اصل مسائل کو اسمبلی میں پیش نہیں کرتے ان کو عوام کے ووٹوں سے محروم کرانا ہوگا۔ ٥......... وسطی پنجاب والے جو انگریزوں سے وفاداری کے صلے میں پہلے ترقی یافتہ تھے ان کو زرعی و انجینئرنگ یونیورسٹیاں اعلیٰ لائبریریاں اور سائنسی لیباریٹریاں اور زیادہ کردی گئی ہیں جس سے وہاں کے طلبۂ کو یہ تمام سہولتیں پہلے سے بھی زیادہ میسر ہیں ان کے میرٹ (لیاقت) کا مقابلہ دانستہ ان پسماندہ اور محروم علاقوں کے طلبۂ سے کرایا جاتا ہے جن کو ان تمام سہولتوں سے دانستہ محروم رکھا گیا ہے اس سراسر ناانصافی کو ختم کرانے کیلئے یہ میرٹ مقابلے مقامی طور پر آپس میں ضلعی سطح پر کرانے کا مطالبہ کرنا ہوگا۔ اور سیکریٹریٹ کے کلیدی عہدے بھی آبادی کے تناسب سے طلب کرنا ہونگے۔ کیونکہ اب باصلاحیت نوجوانوں کی کوئی کمی نہیں۔ ٥......... وسطی پنجاب کی آبادی کو بڑی تیزی سے سارے ملک پر مسلط کیا جارہا ہے اور وہاں کی تجارت صنعت اراضی اور نوکریوں پر بھی غاصبانہ قبضہ کیا جارہا ہے اور پنجابی ثقافت کی بیدریغ یلغار سے بھی سارے پاکستان کو پنجابستان بنایا جارہا ہے۔ اس ہلاکت خیز سازش کو ختم کرانا ہوگا۔ ٥......... بیرونی قرضوں کا اپنا پورا حصہ طلب کرکے جہاں خام مال دستیاب ہوتا ہے۔ وہاں کارخانے لگواکر وہاں کے باسی نوجوانوں کو تربیت دلاکر نوکریاں بھی دلانا ہوں گی اس سے وہاں کی بیروزگاری کے خاتمہ کے علاوہ بڑے شہروں پر دیہاتی آبادی کا دباؤ بھی نہ رہے گا۔ سرائیکی علاقوں میں کل پاکستان کا ستر فیصد کپاس پیدا ہوتی ہے اسی طرح گنا، گندم، تمباکو، اون، چمڑا، تیل کے بیج اور قیمتی معدنیات بھی بکثرت ہیں۔ لیکن ان سب کے کارخانے دانستہ ہی وسطی پنجاب میں لگائے گئے۔ یہ پالیسی سازوں کی علاقہ و طبقہ نوازی کا واضح ثبوت ہے ایسی سازشوں کو ختم کرانا ہوگا ٥......... قدیم آبادکار اور مہاجر حضرات جہاں آباد ہیں وہ وہاں کے ہر نفع و نقصان کے جائز حصہ دار ہیں کیونکہ ان کے علاقوں کا استحصال مسلسل ہورہا ہے وہ بیرونی عناصر کی سازشوں کا شکار نہ ہوں۔ بلکہ مل جل کر اپنے علاقوں کے جائز حقوق کے حصول کیلئے بھرپور سرگرمی سے حصہ لیں انہیں یہ احساس دلاکر اپنی جائز جدوجہد میں شریک کرنا ہوگا۔

۰........ محض دوسروں کے علاقوں میں گھسنے کی غرض سے بیرونی عناصر فقط وہاں کے وڈیروں کو رشتے دے کر ان کی اولاد کو بھی دوغلا بنا رہے ہیں اگر ان کا یہ رویہ اسلامی ہوتا تو وہاں کے عام لوگوں سے رشتے کرتے اور ان کو علمی فنی و تربیت میں بھی مدد کرتے ۔ بیرونی عناصر کی اس صیہونی سازش سے وڈیروں اور عوام کو آگاہ کرنا ہوگا ۔

۰........ اگر ملک اور عوام کو ہمیشہ مقروض اور محتاج نہیں رکھنا تو تعصبات اور بخیلی کو ختم کرا کے بلا امتیاز ہر پاکستانی نوجوان کو علمی اور فنی مہارت دلانا ہوگی ۔ اس سے محرومی اور نفرتوں کا خاتمہ ہوگا ۔ اور برآمدات بڑھا کر زرمبادلہ میں بھی اضافہ ہوگا ۔ ملک اور عوام خوشحال اور خود کفیل ہوں گے ۔

۰........ آج کے سائنسی دور میں محض ڈھکوں سے جنگ نہیں لڑی جا سکتی اس کیلئے اب ذہین، حاضر دماغ اور جانثار نوجوانوں کی ضرورت ہے ۔ اگر ایم ایم عالم جیسا نحیف بنگالی جنگ میں ریکارڈ قائم کر سکتا ہے تو سرائیکی اور سندھی جیسے غیرتمند محب وطن جیالے اپنی دھرتی کی حفاظت کی خاطر کیا کچھ نہ کریں گے ! لیکن اپنی اکثریت کو مسلط رکھنے کی غرض سے ان کو پاکستانی فوج میں دانستہ نہیں لیا گیا اس مذموم سازش کو ختم کرانا ہوگا ۔

۰........ فوج اور سول کلیدی عہدے صرف ایک طبقے کیلئے مخصوص رہے اس لیئے علاقہ و طبقہ نوازی عام رہی ۔ ان سب کلیدی عہدوں کو آبادی کے تناسب سے طلب کرنا ہوگا ۔

۰........ سرائیکی جو پاکستان کی نصف آبادی کی قدیم ترین زبان ہے اس کو بددیانتی سے کل کی بولی پنجابی کا ایک لہجہ منوانے کی سازش کی جاتی رہی ہے اور بااختیار طبقہ ان کی سرپرستی کرتا ہے اس ظلم پر سرائیکیوں کے پُرزور احتجاج کو لاہور کے ایک ابن الوقت اخبار نے اسے ایک سرائیکی فتنہ کے عنوان سے اداریہ لکھا حالانکہ اہل پنجاب کی علاقہ و طبقہ نوازی کو اسی اخبار نے رواج دلوایا ۔ اس اخبار کی ان متعصبانہ کارستانیوں سے عوام کو آگاہ کرنا ہوگا اور اگر یہ اخبار پھر اب ایسی کارستانی کرے تو اس کو بھرے جلسوں میں جلانا ہوگا ۔

۰........ کروڑوں سرائیکی عوام مالیہ محصولات، ٹیکس، عشر زکواۃ، ریڈیو، ٹیلی وژن ایسے دیگر لائسنسوں کے ذریعے حکومت کو اربوں روپیہ مہیا کرتے ہیں ۔ اور وسطی پنجاب والے صنعت کاروں کی بناوٹی چیزیں اپنے گاڑھے پسینے کی کمائی سے خرید کر ان کی تجوریاں بھی بھرتے ہیں جو ان کروڑوں کی زبان سرائیکی کو قومی ٹیلی وژن پر دوسری زبانوں جیسے حقوق

بھی نہیں لینے دیتے ۔ جبکہ سرائیکی زبان بولنے والے راولپنڈی ، سرگودھا ، ملتان ، ڈیرہ جات ، بہاولپور بالائی سندھ اور بلوچستان سے تمام محروم لوگ اس پر مسلسل احتجاج کرتے رہتے ہیں ۔ لیکن جبری طور پر سرائیکی زبان کو موت کے گھاٹ اتارا جارہا ہے ۔ اسی طرح ایک عرصہ سے اپنے لوگوں کو ادھر منتقل کر کے سرائیکیوں کی جغرافیائی حدود کو بھی کم کیا جارہا ہے ۔ ہمارے پُرامن احتجاج کی کوئی شنوائی نہیں ہورہی اس لئے اب ہمیں اپنے اس مقدمہ کو دوسرے صوبوں کے محروم عوام کی خدمت میں پیش کرنا ہوگا ۔

٥........ اگر پنجابیوں ، سندھیوں ، بلوچوں ، اور پٹھانوں کے صوبوں زبانوں اور ثقافتوں کو تسلیم کر لینے سے اسلام ابھی سلامت ہے تو کروڑوں سرائیکیوں کے ان جائز حقوق کو تسلیم کرنے سے اسلام پر کونسی آفت آن پڑے گی ۔ اب اسلام کے نام پر کوئی استحصال روا نہ ہونے دیا جائیگا ۔

٥........ یہ سب پاکستان دشمنیاں محض پنجاب کی وفاقی حکومت کو باندی بناکر سب کا استحصال کرنے ، جبریہ بالا دستی ، عددی برتری اور مسلسل توسیع پذیری کی وجہ سے ہوئیں ۔ پاکستان کی بقیہ سالمیت کو بچانے کی خاطر پنجاب کی عفریتی پوزیشن کو کم کرنا بے حد ضروری ہوگیا ہے ۔ کیونکہ چھوٹے صوبوں اور سرائیکی علاقوں کے عوام سے یہ مسلسل استحصال اب برداشت نہیں ہوسکتا ۔ ان کے صبر کا پیمانہ اب چھلکنے کو ہے طاقت اور اختیارات کے جنون میں بدمست طبقہ کو خدا کی بے آواز لاٹھی یاد دلانا ہوگی ۔

اپیل

معزز ہموطنو! خدا کی قسم ہم بقیہ پاکستان کو نفرتوں اور تباہی سے بچانا چاہتے ہیں ۔

محبِ وطن دوستو ! آگے بڑھو اور ہمارا ساتھ دو !!

" وَمَا عَلَيْنَا إِلَّا الْبَلَاغ " ۱۵/۵/۸۸

خیر اندیش

مرید حسین خان راز جتوئی

خانپور کٹورہ (رحیم یار خان)

نوٹ :۔ اس کو علاقے کی شخصیات کو پوسٹ فرمادیں ۔ شکریہ

تلخ حقائق !

مرید حسین راز جتوئی

آئینہ سامنے ● ۱۸۵۷ء میں چونکہ اہل پنجاب اپنے ہموطنوں سے غداری کرکے انگریزوں کے جاتے تسلط کو پھر سے مضبوط کرنے کے صلے میں سرائیکی علاقوں (لائل پور، ساہیوال) تک اراضیات نہری نظام تک علمی و فنی تربیت ماہرین اور اچھی ملازمتوں سے خوب فیضیاب ہو چکے تھے اس لئے یہ ۱۹۴۷ء تک بھی انگریزوں کے ممنون اور وفادار رہے ان کو آزادی یا مسلم لیگ سے کوئی رغبت نہ تھی اسی لئے تو ۱۹۳۷ء کے انتخابات میں سارے پنجاب میں مسلم لیگ کو صرف دو سیٹیں ملیں ● ۱۹۴۰ء کی قرارداد پاکستان (لاہور) کے اجلاس میں اس وقت کی یونینسٹ حکومت کے ساتھ ہونے کی وجہ سے پنجاب کے عوام نے شرکت ہی نہ کی۔ یہ قرارداد بنگالی لیڈر نے پیش کی اور دوسرے صوبوں کے زعما کی تائید سے پاس ہوئی حالانکہ ۱۹۳۸ء میں سندھیوں نے یہ قرارداد منظور کرائی تھی لیکن بڑی ڈھٹائی سے فقط پنجاب کو کریڈٹ دلانے کی خاطر اس کا ذکر ہی نہیں کیا جاتا ● جب پاکستان بننا یقینی ہوگیا تو اہل پنجاب پاکستان کے سگے "مامے" بن کر پاکستان کا جھنڈا تھامے پہلی قطار میں آ وارد ہوئے اور سازشیں کرکے حکومت کے ہر ادارے کے کلیدی عہدے پر قابض ہو گئے چنانچہ شروع ہی سے حکومت کرنے کے اصل پالیسی ساز محکمہ سیکرٹیریٹ پر صرف انہی کا تسلط چلا آرہا ہے جس کے ذریعے سے وفاق پر بھی حاوی ہیں چنانچہ آج تک وفاق کا استحکام پنجاب ہی کی مضبوط گرفت ثابت ہوئی ہے جس سے دوسرے صوبے سخت نالاں اور پریشان رہتے ہیں۔

لسانیت پرستی — ہر سرکاری اور نجی ادارے کے کلیدی عہدے پر قابض ہو کر پنجابیوں نے صرف اپنے طبقے کو ملازمت، صنعت، تجارت سے جائیداد اور سرمایہ بنانے کے مواقع دیئے۔ آج بھی یہی پالیسی قائم ہے اپنے ہر فرد کو لسانیت نواز بنا دیا گیا ہے کہ ہر دفتر میں یہ صرف اپنے لوگوں کو ہر سہولت دیتے ہیں اور غیر پنجابی سے حقارت کرکے اس کا جائز کام بھی نہیں کرتے اس لسانیت پرستی کے پیدا کرنے میں لاہور کے ایک جانبدار اخبار کا بڑا گھناؤنا کردار ہے پنجابی افسروں اور صنعت کاروں نے بھی اپنے اس غلیظ جیتے جی کو بڑا فروغ دلایا ہے کہ ملازمت کے ہر امیدوار سے یہ بھی پوچھا جاتا ہے کہ آپ کو کونسا اخبار پسند ہے جو اس اخبار کا اقرار کرتا ہے نمبر اسے ہی ملتے ہیں پاکستان کے المیات سے یہ ثابت ہے کہ جس حاکم وقت نے اس کی بلیک میلنگ سے کچھ ہاتھ کھینچا تو اس سازشی اخبار نے عوام کو اس کے خلاف خوب بھڑکایا، چنانچہ لیاقت علی خان، بنگالی لیڈروں ڈاکٹر خان، ایوب خان اور بھٹو خاندان کے خلاف اس کی غوغا آرائی اور پنجابی غلام محمد جیسے کئی جمہوریت کش آمروں کی دلجوئی قابل غور ہے۔

توسیع پسندی — سابق ریاست بہاولپور جو محض مسلم دوستی کی وجہ سے پاکستان میں ضم ہوئی تھی موقعہ پاتے ہی پنجاب نے اس کو ہڑپ کر لیا۔ سارے پاکستان کو مفتوحہ سمجھ لیا گیا ہے اسلام اور پاکستان کے بہانے بھی سارے پاکستان میں پنجابیوں کو پھیلا کر اصل حقداروں کو محروم کرکے وہاں کی اراضی، صنعت، تجارت اور کلیدی عہدوں پر قبضہ کر لیا گیا ہے وہاں تو اب تھانیدار بھی کسی پنجابی کی سفارش کے بغیر بات نہیں سنتا۔ پنجاب کے کارخانوں میں تو کسی غیر پنجابی کی ملازمت ممکن ہی نہیں — دوسرے علاقے میں اگر کوئی پنجابی کارخانہ لگاتا ہے تو وہاں کے کسی باسی کو نہ شریک کرتا ہے اور نہ ہی تربیت یا ملازمت دیتا ہے تاکہ وہاں کے لوگ بے روزگار ہو کر اپنی جائیداد بیچنے پر مجبور ہو جائیں۔ وہاں تعینات کمشنر وغیرہ پنجاب سے لوگوں کو بلا کر وہاں کی اراضی، ملازمت، قرضے اور سہولتیں بے دریغ دیتے ہیں۔ ہر پنجابی کے دماغ میں بٹھا دیا گیا ہے کہ وہ ایک حاکم قوم کا فرد یہی غلامانہ سلوک بنگالیوں کے ساتھ کیا گیا تھا بنگالی پاکستان میں ۵۶٪ آبادی رکھنے کے باوجود بیرونی امداد کا نصف حصہ طلب کرتے تھے۔ لیکن ان کو صرف ۱/۴ حصہ دیا جاتا تھا اقتدار پر جب بھی کوئی بنگالی آیا اس کے خلاف محاذ آرائی

شروع کردی تھی چنانچہ پنجابی اخبار نے بنگال کے ہر دلعزیز لیڈر خواجہ ناظم الدین کو ہاضم الدین تھا حسین شہید سہروردی
پر ذلیل کیا گیا۔ تو یہ ٹھیک سنگھ میں پنجابیوں تھا بنے مولانا بھاشانی کی ٹوپی اتار پھینکی تھی بنگالی لیڈر جب بھی یہاں اسمبلی میں آتے
توان سے حقارت کی جاتی تھی واویلا کرنے والے کو تو آج بھی ملک دشمن لکھا جا رہا ہے اہل پنجاب کی غداریوں کے مقابلے میں بنگالیوں کی
ہندوؤں اور انگریزوں سے آزادی حاصل کرنے کی جدوجہد میں قربانیاں ایک صدی تک پھیلی ہوئی ہیں لیکن ان کو دانستہ مایوس کر دیا گیا
اسی طرح اب بقیہ پاکستانیوں کو بیزار کیا جا رہا ہے۔

ملک کی تمام صنعت اور تجارت پر قبضہ — ہر ملازمت پر فوقیت کے علاوہ دانستہ پسماندہ رکھے گئے
علاقوں کی کپاس گنا، گندم، معدنیات اون چمڑا گیس، کوئلہ وغیرہ سستے داموں پنجاب لا کر ان کے کارخانے لگائے گئے ان
اشیاء کی شکل تبدیل کر کے اربوں روپیہ سالانہ ان علاقوں سے کماتے کے باوجود ان پر خرچ کچھ نہیں کیا جاتا۔ اپنی مصنوعات
کی ایجنسیاں بھی ... کر صرف اپنے طبقے کے افراد کو دی جاتی ہیں، اخبارات بھی یہی کچھ کر رہے ہیں جس کی وجہ سے
استحصالی طبقے کے نامہ نگار وہاں کی محرومیوں اور اضطراب کی اصل وجوہ دانستہ سامنے نہیں لاتے اس لسانیت نوازی ہی کی وجہ سے
ملک کا تمام تر سرمایہ صرف اسی طبقے کو فربہ بنا رہا ہے اس اشرافیہ طبقے کے گھناؤنے کرتوت کو دیکھ کر پاکستان کا سارا معاشرہ حرص
ہیرا پھیری، طوطا چشمی اور بے لگامی کا شکار ہوا ہے۔ پاکستان کی کاروباری ساکھ سخت مجروح ہوئی ہے۔

بجٹ میں گھپلا — خصوصاً پنجاب میں شروع ہی سے یہ زیادتیاں ہو رہی ہیں کہ سرگودھا سے بہاولپور ڈویژن کے
پسماندگی علاقوں پر بجٹ کا ۸/۱ حصہ مشکل سے خرچ کیا جاتا ہے دانستہ یہاں سڑکوں دریائی و نہری پلوں، بجلی ٹیلی فون
اور ذرائع آمد و رفت کی بیحد کمی رکھی گئی ہے تاکہ یہاں کوئی صنعت قائم نہ ہو سکے اور لیٹرے یہاں کا خام مال سستا لے جاتے
رہیں پنجاب کی بیوروکریسی نے یہاں کے باشندوں کو ذاتی مراعات کا چسکہ لگا کر بے حس کر لیا ہے لہذا وہ عوام کے حقوق کی
پامالی پر خاموش ہی رہتے ہیں۔

پنجابیت کی یلغار — ٹیلی ویژن، ریڈیو اور خصوصاً فلموں کے ذریعے پنجابی زبان اور تمدن کو دوسرے سب ہی
پاکستانیوں پر زبردستی ٹھونسا جا رہا ہے اور دوسروں کو زبردستی پنجابی بنانے کے لیے جہاں پاؤں جماتے ہیں ان کو پنجابی بولنے پر
مجبور کر دیتے ہیں گویا یہ مقدس فریضہ بنا لیا گیا ہے حتیٰ کہ اردو ڈراموں میں بھی پنجابی زبان کو زبردستی بھرتی کیا جا رہا ہے اور خود سری کا
یہ عالم ہے کہ صرف ٹیلی ویژن پر صبح سے رات گئے تک ہر روز پنجابی کے آٹھ پروگرام (لاہور) ہوتے ہیں اور پنجابی کے لئے ہفتے میں کم از کم ۳۰
گھنٹے وقف ہیں لیکن پاکستان بھر میں ۲ کروڑ سے زائد سرائیکی زبان والوں کو ٹیلی ویژن سے ۲۶ سال تک بالکل محروم رکھنے کے بعد اب صرف ۲۵ منٹ
فی ہفتہ دیئے گئے ہیں ... ؟ ہر احتجاج کو مسترد کیا جاتا ہے!

کراچی میں سازشیں — آمریت کے ایماء پر ۱۹۷۱ء کے بعد دوسرے صوبوں کے رہائشی یوپی۔سی پی والوں نے وہاں ہتھیائی ہوئی جائیدادوں
کو فروخت کر کے کراچی میں جمع ہونا شروع کر دیا تھا یہ لوگ یہاں اور جن لوگوں سے کمائی کرتے ہیں ان سے زبان کی بنیاد پر نفرت کرتے ہیں حالانکہ
ان کو حصے سے زائد ملازمتوں، صنعت تجارت اور جائیداد کا مالک بنا دیا گیا ہے پھر بھی ناشکری کر رہے ہیں لسانی عصبیت پر یہ لوگ اکٹھے
ہو کر ہر حکومت کو بلیک میل کر کے ملک کی سیاست میں ایک الجھاؤ پیدا کر رہے ہیں۔ کیا یہ ملک سے دشمنی نہیں ہے؟

مراعات یافتہ طبقہ — یہ خود غرض اور مفاد پرست لوگ پشتوں سے ہر حاکم وقت کو یہ یقین دلاتے آ رہے ہیں کہ آزادی
کے بعد بھی ہمارے ہاں کے عوام ہمارے ویسے ہی غلام ہیں اگر ان پر ہماری بالادستی برقرار رکھی جائے تو ماضی کی طرح ہم ہی عوام کو حکومت وقت کا
فرمانبردار بنا سکتے ہیں چنانچہ اب بھی حکام وقت کے ساتھ ان کا یہ سودا طے ہو جاتا ہے مراعات کے عوض یہ خود بھی فروخت ہو جاتے ہیں اور عوام
کے مطالبات کو بھی دفن کر دیتے ہیں یہی وجہ ہے کہ پاکستان کے سب علاقوں کی ترقی یکساں نہیں ہوئی یہ علاقائی محرومیاں اب ایک مہلک اضطراب بن چکی ہیں

عرض مدعا — پاکستان اور اس کے عوام کے خلاف یہ گھناؤنی سازشیں اب کوئی خفیہ راز نہیں رہیں۔ جو محب وطن اور انسان دوست اپنے قلم
پاکستان کو قائم و دائم دیکھنا چاہتا ہے تو اب اس پر یہ لازم ہو گیا ہے کہ وہ ان ہلاکت خیز سازشیں کرنے والوں کو بلا لحاظ بے نقاب کرے
"پاکستان پائندہ باد" اسی میں ہم سب کی عافیت ہے۔ خدا آپ کو توفیق بخشے آمین "

۱۵ دسمبر ۱۹۹۱ء

خبردار!

وہ عیار عناصر جو ماضی میں بہاولپور صوبہ کے مخالف تھے اب وہ پھر فقط سرائیکی زبان کی مخالفت کی خاطر بہاولپور کے چند سادہ لوح اور نادان دوستوں کو اپنا آلۂ کار بنا کر ان سے سرائیکی صوبہ کی تردید کروانے کی کوشش کر رہے ہیں۔ افسوس تو یہ ہے کہ فقط مسلط مخالفین کی خوشنودی کی خاطر چند خود غرض ابن الوقت اور عادی سودے باز سیاست کار بھی اس معاملہ کو الجھا رہے ہیں اور اکثر صاحبان تو بالکل خاموش ہیں غالباً وہ یہ نہیں سمجھ پائے کہ انکی اس لاتعلقی سے عوام کے علاوہ انکی اپنی اولاد بھی ایک دن غلام بن جائیگی۔

سازشی مخالفین کو یہ علم ہے کہ بہاولپوریوں سمیت پاکستان کے نصف لوگ جو سارے ملک میں قدیم سے سرائیکی زبان بولتے ہیں اگر سرائیکی صوبہ بن گیا تو انکی زبان (سرائیکی) کے ساتھ پرانے اور نئے سرائیکیوں کا وجود بھی تسلیم ہو جائیگا۔ جس کو خود غرض مخالفین گوارا نہیں کرنا چاہتے جبکہ لسانی بنیاد پر دوسرے صوبے پہلے ہی موجود ہیں لیکن اس زندہ حقیقت کو وہ دانستہ ہی جھٹلائے جا رہے ہیں۔

اب اگر بہاولپور کو سازش کر کے صوبہ بنا دیا گیا یا اس اہم مسئلہ کو حل نہ کیا گیا تو کچھ عرصہ بعد سرائیکی زبان کو پنجابی میں ضم کرنیکی سازش بھی کیجائے گی۔ جیسا کہ اب تک ٹیلی وژن پر سرائیکی زبان کو دوسرے ملکی زبانوں جیسے حقوق اور مواقع دانستہ نہیں دیئے گئے اور حضرت خواجہ غلام فریدؒ کو پنجابی زبان کا شاعر برملا لکھا اور کہا جا رہا ہے ایسا کر کے حقیقتاً سرائیکی لوگوں اور انکی پیاری ثقافت کو زبردستی موت کے گھاٹ اتارنے کی سازش کیجا رہی ہے جس کی وجہ سے سرائیکی لوگ اب بہت بپھرے ہوئے ہیں۔

بقیہ سرائیکی علاقوں کے لوگوں کی محض عددی شمولیت سے پنجاب کی اکثریت، بالاتری اور مرکز پر اثراندازی ویسی ہی مسلط رہے گی۔ جس کو چھوٹے صوبوں اور سرائیکی علاقوں کے تمام لوگ اب مزید برداشت نہیں کر سکتے اور نہ ہی جبر اور عیاریوں سے اب پنجاب کے زیر رہیں گے کیونکہ انکے صبر کا پیمانہ اب لبریز ہو چکا ہے۔ ہم سب کی عافیت اسی میں ہے کہ بقیہ ملک کی سالمیت کو بچانے کیلئے یہاں بھی بھارت کیطرح اپنی لسانی اور انتظامی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے اپنے صوبوں میں جلد اضافہ کریں۔

خیال رہے کہ ..... چھوٹے صوبوں اور سرائیکی علاقوں کے اکثریتی طبقے کو اقلیت بنانے کیلئے بالائی پنجاب کی کچھ آبادی کو ادھر منتقل کرنیکے خفیہ پروگرام پر عمل ایک عرصہ سے جاری ہے اب اسکو مزید تیز کیا جا رہا ہے۔ فما علینا الا...

خیر اندیش:- راز جتوئی - خانپور کٹورہ

اپنا صُوبہ ہوگا طُوبیٰ

جیساکہ طُوبیٰ جنت کا ایک سرسبز و شاداب گھنیری چھاؤں والا درخت ہے۔ اس کے خوشگوار سایہ تلے خدا کے پیارے بندے تازگی، توانائی اور سکون پائیں گے اُسی طرح اگر ہمارا اپنا صوبہ ہوگا تو:۔

- ہم اپنے صوبائی کام کاج یا مقدمات کیلئے لاہور کے لمبے سفر اور بوجھل خرچہ سے بچ جائیں گے جہاں اکثر لوگوں کی کوئی واقفیت نہیں اور نہ ہی ضرورت پڑنے پر کسی کو کوئی ضامن ہی مل سکتا ہے۔
- ہم پر وسطی پنجاب کے راشی حاکم اجنبی انگریزوں کی طرح راج نہ کریں گے۔ اور نہ ہم میں اختلاف پیدا کرسکیں گے
- ہمارے اپنے اعلیٰ تعلیم و تربیت یافتہ نوجوانوں کو کلیدی عہدے اور نوکریاں مُیسّر آسکیں گی۔
- ہمارے اپنے ہی حکومتی کارندے جن کی خوشی اور غمی میں ہم شریک ہونگے اس لیئے وہ اتنے بے لحاظ نہ ہونگے۔
- قدرت کی عطاکردہ زرعی پیداوار، معدنیات اور خام اشیا، جو وسطی پنجاب والے ہمارے علاقوں سے سستے داموں لے جاکر اپنے کارخانوں میں ان کی شکل تبدیل کر کے پھر ہمیں ہی سونے کے بھاؤ بھیجتے ہیں۔ اس خام مال کو ہم مقامی طور پر سنوارنے کی اپنی صنعتیں قائم کریں گے ہمارے اپنے لوگ کاروبار کریں گے
- بیرونی قرضوں کا حصہ وصول کر کے ہم اپنی صنعت کو اپنے دیہاتوں تک پھیلائیں گے اس طرح ہماری بیروزگاری ختم ہوگی اور ہمارے شہروں پر آبادی کا دباؤ بھی کم ہوجائے گا۔ نوجوان بھی ہُنرمند اور باروزگار ہوجائیں گے۔
- ہمارے علاقوں کے قدیم آبادکار اور مہاجر حضرات جو اپنی محنت سے تجارت، صنعت، علم اور دولت میں عام مقامی لوگوں سے بہتر ہوچکے ہیں اچھی صلاحیت کی وجہ سے اُنھیں اپنے صوبے کی ترقی میں زیادہ مواقع میسر ہونگے
- ہمارے علاقوں میں جو خودغرض سیاسی اجارہ دار انتخابات کے دِنوں برادریوں کا چکر چلاکر کامیاب ہوجاتے ہیں ہم سب مشترکہ کوشش کر کے ایسے غیر مخلص افراد کو ناکام کریں گے۔
- اپنی مشترکہ ثقافت کے تحفظ اور فروغ کیلئے ہم اپنے صوبے میں ٹیلی وژن اسٹیشن قائم کرائیں گے۔
- اس طرح ہم اپنے صوبے کو خوشحال بناکر دوسرے صوبوں اور طبقات کے معاشی فاصلوں کو کم کرسکیں گے۔

مجوّزہ صُوبہ:۔ کیونکہ وسطی پنجاب کی اِجارہ دار بیوروکریسی نے پنجاب کا حصہ نہ سمجھ کر ہی سرگودھا، ملتان، ڈیرہ غازیخان اور بہاولپور ڈویژنوں کو وسطی پنجاب کی ہمہ قسم ترقیوں میں شریک نہیں رکھا۔ یہ چاروں ڈویژن پسماندگی اور ثقافت میں بھی ایک جیسے ہیں۔ اِن کو ملاکر ایک اور صوبہ بنانے سے چھوٹے صوبوں کا پنجاب کے ناگوار استحصال کا دیرینہ شکوہ ختم ہوجائے گا اور ہم بھی زیردستی سے نجات پاکر ترقی کرسکیں گے۔

رازجتوئی۔ خانپور کٹورہ

سرائیکی وسیب کو خوشخبری

معزز قارئین:

چونکہ ہم سب آج یہاں حضرت خواجہ غلام فرید علیہ الرحمۃ کو خراجِ عقیدت پیش کرنیکی خاطر جمع ہوئے ہیں اس لئے انہی کے حوالے سے ہم آپ پر واضح کرنا چاہتے ہیں کہ حضور خواجہ صاحب ایک حقیقت نگار سرائیکی شاعر ہونے کے علاوہ ایک خدا رسیدہ بزرگ بھی تھے ہمارا عقیدہ ہے کہ سچا ولی اللہ اور عاشق رسولؐ جو بھی پیشگوئی فرماتا ہے وہ صحیح ہوتی ہے چنانچہ جناب خواجہ صاحب موصوف نے سرائیکی وسیب کی خوشحالی ایک دفعہ پھر لوٹ آنیکی خوشخبری دی ہے

خوش تھی فرید اشاد ول | مونجھاں کوں نہ کر یاد ول
جھوکاں تھیسن آباد ول | ایہہ نیں نہ وہسی ہک منڑیں

آپکے اس فرمان سے واضح ہوتا ہے کہ اس سرائیکی وسیب کی موجودہ پسماندگی انشاءاللہ ایکدن ضرور ختم ہوگی لیکن اس خواہش کے علاوہ اس کیلئے لگاتار جدوجہد کرنا بھی اللہ کے فرمان کیمطابق بہت ضروری ہے (القرآن) ترجمہ: خدا اس قوم کی حالت نہیں بدلتا جو اپنی حالت خود بدلنے کی کوشش نہیں کرتی۔ چنانچہ جو نوجوان اس وسیب کے چھینے ہوئے حقوق واپس لینے کی جدوجہد کر رہے ہیں اُنکی اس مہم میں شرکت کرنا ہم سب پر فرض ہے۔ سرائیکی وسیب میں ہم ہر اس انسان کو شریک سمجھتے ہیں جو سرائیکی علاقوں میں قانونی طور پر بستا اور ۔ ۔ وزی کماتا ہے خواہ اُسکی زبان کوئی بھی ہے سرائیکی وسیب کی پسماندگی تب ہی ختم ہوگی جب اس وسیب کے ہم سب وارث صدق دل سے اس جائز جدوجہد میں شریک ہونگے۔ وسیبی بھائیو: ہم کسی کا اپنا کچھ نہیں چھیننا چاہتے بلکہ صرف پنجابیوں، سندھیوں، بلوچوں اور پٹھانوں کیطرح پاکستانی رہ کر جینا چاہتے ہیں اُنکی طرح ہم پاکستان بھر کے چار کروڑ سرائیکی اپنی پہچان (زبان) بھی منظور رکھتے ہیں جو حقوق اُنکو حاصل ہیں ہم بھی صرف اُنہی کا مطالبہ کرتے ہیں یہ کوئی کفر اور تعصب نہیں جو لوگ اسلام کے مقدس نام پر ہمارے ان جائز حقوق کو غصب کر کے ہمیں اپنا غلام بنانا چاہتے ہیں اور اپنے حرص اور توسیع پسندی سے سارے پاکستان کو پنجابستان بنا رہے ہیں اُنکو اب ان مذموم

جرائم کو ترک کرنا ہوگا پاکستان سے وفا کا یہی تقاضا ہے پنجاب چھ کروڑ آبادی کا بالا ترین صوبہ اور بقیہ تینوں صوبے صرف چار کروڑ زیر دست عوام کے۔ پاکستان کے صوبوں کا یہ کیسا توازن ہے؟ ایک عرصہ سے سازش یہ ہے کہ پنجاب کے ترقی یافتہ طبقے کو چھوٹے صوبوں اور سرائیکی علاقوں میں منتقل کر کے وہاں کی اراضی، ملازمتوں، صنعت اور تجارت سے وہاں کے مہاجروں، قدیم آبادکاروں اور مقامی حقداروں کو محروم کر کے غلام بنایا جا رہا ہے جس کی وجہ سے چھوٹے صوبے بنگالیوں کی طرح اب علیحدگی کو ترجیح دینے لگے ہیں جنکو بقیہ پاکستان کی سالمیت عزیز ہے انکو اب سرائیکستان ہی قبول کرنا ہوگا۔

پاکستان کا استحکام ● سرائیکی صوبے کا قیام

قلمی کاوش

راز جتوئی

ہر قوم ہر نسل کو نشوونما کا پورا پورا موقع ملنا چاہیئے

[illegible]

[illegible]

قوم اور قومیت کے مسئلہ پر

مولانا مودودی کے افکار!

پڑتالی جائزہ

○ کیا مذاہب کے فروعی اختلافات کی وجہ سے ایک دوسرے سے نفرت کرنا ضروری ہے یا متحد ہوکر ملکی علاقائی، ثقافتی سماجی سیاسی و معاشی جیسے اہم مسائل حل کرانے زیادہ ضروری ہیں؟

○ کیا یہ پاکستان سے غداری نہیں کہ پنجابیت کی بیدریغ یلغار سے سارے پاکستان کو پنجابستان بنایا جارہا ہے۔ ٹیلی ویژن، ریڈیو، فلموں اور تھیٹروں کے ذریعے سب پاکستانیوں کو پنجابی بنایا جارہا ہے، کیا یہ زیادتی نہیں؟

○ کیا سرائیکی لوگوں اور سرائیکی زبان کو زبردستی پنجابی منوانا درست عمل ہے؟

○ کیا چار کروڑ سرائیکیوں کی زبان کو ملک کے ٹیلی ویژن پر مناسب وقت نہ دینا زیادتی نہیں جبکہ یہ چار کروڑ قدیم پاکستانی مالیہ محصولات انکم ٹیکس متعدد لائسنسز اور عشر زکواۃ کی صورت میں حکومت کو اربوں روپیہ سالانہ فراہم کرتے ہیں اور وسطی پنجاب والوں کا بنادٹی مال خرید کر ان لیڈروں کی تجوریاں بھی بھرتے ہیں کیا اس استحصال پر احتجاج کرنا بھی پاکستان سے غداری ہے؟

○ کیا مقامی پنجابیوں کی مزید یلغار سے بقیہ سرائیکی علاقوں (سرگودھا سے بہاولپور ڈویژن تک) کی جغرافیائی حدود کو مٹانے پر داویلا کرنا بھی ملک سے بغاوت ہے؟

○ کیا سرائیکی علاقوں کی اراضی ملازمتیں صنعت تجارت ٹرانسپورٹ کے لائسنس اور قرضے وسطی پنجاب کے لوگوں کو دینے پر بےچین ہونا بھی غداری ہے؟ اور اپنے سب وسائل سے محروم ہوکر پسماندہ اور غلام بن جانا ہی ٹھیک ہے؟

○ پاکستان کی ۶۳ فیصد آبادی کا ایک صوبہ پنجاب اور باقی ۳۷ فیصد آبادی کے تین صوبے اسی غیر متوازن صوبائی بالاتری پر سب پاکستانیوں کا مسلسل واویلا کرنا بھی غیر واجب ہے؟

○ آزادی کو ۴۵ برس بیت گئے لیکن سرائیکی علاقوں میں بجلی گیس پانی سڑکیں ٹرانسپورٹ دریائی و نہری پلوں طبی سہولتوں زرعی انجینرنگ فنی و علمی اعلیٰ یونیورسٹیوں لائبریریوں سائنسی لیبارٹریوں اور ان تربیت و درسگاہوں کی عمارات اور سٹاف کی دانستہ کمی رکھی گئی کیا اس ناروا سلوک پر عوام کا مضطرب ہونا فطری امر نہیں؟

○ پاکستان بھر کی کل پیداوار کی ۷۰ فیصد کپاس گنا گندم روغنی اجناس باغات اون چمڑہ اور معدنیات تو سرائیکی علاقوں میں ہیں اور ان کے کارخانے وسطی پنجاب میں اس لوٹ کھسوٹ پر داویلا کرنا بھی جرم ہے؟

○ سرائیکی علاقوں میں جو چند کارخانے ہیں ان میں بھی مقامیوں کی شرکت تربیت اور نوکری نہیں ہے کیا اس پر احتجاج کرنا بھی ایک شرارت ہے؟

• سرائیکی علاقوں کے ہر دفتر کا کلیدی عہدیدار اور بیشتر عملہ بھی وسطی پنجاب کا مسلط ہے جو خصوصاً سرائیکی لوگوں سے نفرت کے علاوہ ان کے جائز کام میں بھی روڑے اٹکاتا ہے بیدریغ رشوت سے یہ عناصر اپنے بالا افسروں کو سرخرو کرتے رہتے ہیں، تو پھر احتساب کیسا؟ کیا اس جبریہ لوٹ کھسوٹ پر واویلا بھی حرام ہے؟

• بیرونی افسر سرائیکی علاقوں کے وڈیروں کی عوام پر ناجائز دھونس جماتے ہیں اس کے عوض یہ خودغرض ان افسروں کی بے اعتدالیوں پر پردہ ڈالے رکھتے ہیں ان کی گٹھ جوڑ سے جو مظالم ہوتے ہیں ان کو ظاہر کرنا بھی سرکشی ہے؟

• بیرونی افسر سرائیکی علاقوں کے ایک دوسرے کے دکھ سکھ کے شریک مہاجروں قدیم آبادکاروں اور مقامیوں میں نفاق ڈالنے کی سازشیں عموماً کرتے رہتے ہیں جس سے اضطراب پیدا ہوتا ہے اسی طرح مذہبی منافرت بھی دانستہ پیدا کر کے عوام پر حکومت کی جاتی ہے کیا اس پر احتجاج کرنا بھی ملک دشمنی ہے؟

سرائیکی علاقوں میں اکثر بلوچ سید، اعوان اور راجپوت جیسے غیرت مند لڑاکا قبائل آباد ہیں۔ ان کو دانستہ پاکستانی فوج میں نہیں لیا جاتا اسی طرح تعلیم یافتہ نوجوانوں کی کمی اب یہاں وہ نہیں رہی لیکن ان کو مناسب ملازمتیں نہ دے کر ان کی حوصلہ شکنی دانستہ کی جاتی ہے کیا ایسی ناانصافیوں پر ان کا مضطرب ہونا بھی غیر مناسب ہے؟

• کیا سرائیکی علاقوں کے بجٹ کا حصہ بھی وسطی پنجاب پر خرچ کرنے پر یہاں کے عوام کا واویلا کرنا بھی شرارت ہے؟ اس کے علاوہ بیرونی ممالک کی امداد اور قرضہ جات بھی وسطی پنجاب کی صنعتی ترقیوں اور آرائش پر خرچ ہوتے ہیں، کیا ان سب تلخ حقائق کو واضح کرنا بھی جرم ہے؟

اب آئینہ اپنے سامنے

• ہم میں سے کون کون فقط اپنا نام اونچا کرنے کی خاطر سرائیکی کو استعمال کرتا رہتا ہے؟

• ہم میں سے کون کون اپنا تن من دھن سرائیکی کاز پر نچھاور کرتے ہیں اور کون کون سرائیکی کے نام پر کمائی کرتے ہیں؟

• ہم میں سے کس کس نے سرائیکی علاقوں کے مذہبی علماء سیاسی اور سماجی شخصیات کو سرائیکی علاقوں اور عوام کی محرومیوں سے آگاہ کر کے ان کی توجہ مبذول کرانے کی کوشش کی ہے؟

• اگر کبھی ریفرنڈم تک نوبت پہنچے تو کیا ہم نے اب تک سرائیکی عوام کو اس کے لیے تیار کیا ہے، ہرگز نہیں! کیوں؟

• کیا ہم نے سرائیکی علاقوں میں بسنے والے مہاجروں اور قدیم آبادکاروں کو اپنا ہمنوا بنانے کی کوشش کی ہے؟

و جب جنگ جیسے سب سے بڑے قومی اخبار میں سرائیکی کاز کے بارے میں متواتر کالم چھاپے جا رہے تھے تو ہم میں سے کس کس سرائیکی دعویدار نے اس انسان و وطن دوست کالم نگار کو ایک ایک خط لکھنا بھی اپنا فرض نہ سمجھا ؟ ؟ ؟

و جب مردم شماری سے دو برس قبل میں نے اپنے ایک پمفلٹ کے ذریعے اکثر احباب کو آگاہ کر دیا تھا کہ اس بار سرائیکیوں کے ساتھ زیادتی ہونے کا امکان ہے تو کس کس نے بستی بستی جا کر عوام کو خبردار کیا اور مردم شماری کے فارم چھپنے سے پیشتر کس نے حکومت کو متوجہ کیا جب ہم اتنی سی قربانی بھی نہیں دے سکتے تو اپنی آئندہ نسلوں کو غلامی سے کیسے بچا سکتے ہیں ؟

و کیا ہم نے کبھی وڈیروں اور غیروں کے آلۂ کار بننے والوں کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کی کوشش کی ہے؟

و کیا ہم نے اپنے تعلیم پانے والوں کو ان کے مستقبل تاریک کرنے والے طبقہ و لسانیت نواز افسر شاہی مخالفوں سے آگاہ کیا ہے ؟

و کیا ہم نے اپنے بچوں کے علاوہ اپنی بچیوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کا پرچار کیا ہے ؟

و کیا ہم نے اپنی نئی نسل کو تعلیم کے ساتھ ساتھ کوئی ہنر سیکھنے پر آمادہ کیا ہے ؟

و کیا ہم نے ایک دوسرے سے رابطے کی ضرورت کا احساس کیا ہے ؟

و کیا ہم نے ہر نا انصافی پر اپنے لوگوں کو احتجاج کرنا سکھایا ہے اگر ازالہ نہ ہوگا تو واویلا کرنے والوں کو معلوم تو ہو جائے گا کہ استحصالی طبقہ بڑا سنگ دل ہے وہ ہر استحصالی سے نفرت تو کریگا

و کیا ہم نے اپنے لوگوں پر واضح کیا ہے کہ مایوسی ایک گناہ ہے اور جدوجہد جاری رکھنا ہر مومن کی میراث ہے ؟

پیارے نوجوانو! اگر سرائیکی علاقوں کے لوگ سندھیوں، بلوچیوں، پٹھانوں اور پنجابیوں جیسے حقوق حاصل کرنیکی جدوجہد جاری نہ رکھیں گے تو غاصب طبقہ ان پر اپنا غلبہ بڑھاکر ان کا نام و نشان تک کو مٹا دے گا ۔ میرے اس انتباہ پر نہایت سنجیدگی سے سوچنے اور عمل کرنیکی ضرورت ہے اپنی بقاء کی جنگ لڑنے کے لئے ایک نسل کو تو قربانی دینا ہوتی ہے جیسا کہ عام مشہور ہے کہ اسلام زندہ ہوتا ہے ہر کربلا کے بعد!

اسلام کسی کی شناخت کو مٹانے کا حکم نہیں دیتا بلکہ وہ تو برملا کہتا ہے کہ جیو اور جینے دو ۔ جو طبقہ کسی کو اس جائز حق سے محروم کرنے کی سازشیں کرتا ہے وہی غاصب اور انسان دشمن ہے اُسے پہچانیئے ۔

ہمت مرداں ۔ مدد خدا

کیوں روگ جالاتی جندڑی کوں — کیوں الجھا آتا تھیا بیٹھیں
تیڈی چپ غرض پے دا کیا مطلب — کیوں گنگا باتا تھیا بیٹھیں

کر جرأت کجھ الاون سکھ ۔ کر ہمت حق ولاون سکھ

الحمدللہ اللہ تعالےٰ کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ سرائیکی کے خادموں میں سے مجھ ناچیز کو سب سے پہلے سرائیکی لوگوں میں سیاسی شعور پیدا کرنے کی جسارت سعادت اور بصارت نصیب ہوئی اس قلمی جدوجہد کے لیئے میں مولانا نور احمد خان صاحب فریدی کا بےحد ممنون ہوں کہ انہوں نے اور ان کے فرزند عمر علی خان نے میری بیباکانہ تحریروں کو اپنے ماہنامہ "سرائیکی ادب" میں ہر بار مناسب جگہ دی جس کی وجہ سے مخالف نوکرشاہی نے ان کے لیئے خاصی مشکلات پیدا کیں کیونکہ وہ خود بھی سرائیکی کے اولین سرپرستوں میں سے ہیں بلکہ سرائیکی زبان کو زندہ رکھنے کا سہرا انہیں کے سر بندھتا ہے سرائیکی کی خاطر انہیں ابتدا میں بڑی قربانیاں دینی پڑیں انہوں نے یہ سب کچھ بڑی حوصلہ مندی سے برداشت کیا میرے مضامین میں پاکستان اس کے عوام اور خصوصاً چار کروڑ سرائیکی لوگوں کے ساتھ جو زیادتیاں شروع کر دی گئیں ان استحصالیوں کی نشاندہی بالکل واضح طور پر کردی جاتی ہے اس کھلے طریقہ کار کو میں نے اپنی زندگی کا مشن بنا رکھا ہے کئی مصلحت اور عافیت پسند گندم نما جو فروشوں نے مجھے اس جرأت مندانہ خدمت سے روکنا بھی چاہا اور صاف صاف کہا کہ جن لوگوں کو تم خوابِ غفلت سے بیدار کرنا چاہتے ہو ان پر غلامانہ ذہنیت پوری طرح مسلط ہے یہ کسی خیر خواہی کے لائق نہیں ہیں جو محنت طلب اور خطرات بھرا کام تم نے سنبھالا ہے اس کے لیئے فولادی عزم اور تن من دھن بھی قربان کرنے کا جنون بھی چاہیئے کیونکہ میں سرسید احمد خان اور علامہ اقبال کو اپنا آئیڈیل سمجھتا ہوں اس لیئے اپنی تنہائی کم مائیگی اور بے سروسامانی کی فکر کیئے بغیر میں اس کوہ کنی پر ۱۹۷۰ء سے مسلسل تاحیات عمل پیرا ہوں حالات کی سنگینی حوصلہ شکنی کچھ اپنوں کی منافقانہ سرد مہری مجھے مایوس نہیں کرسکیں، ہر مشکل کو میں نے اپنے خلوص کا امتحان سمجھا ہے، میرا ایمان ہے کہ جب کارکردگی میں ذاتی نام و نمود اور داد و صلہ پانے کی غرض شامل نہ ہو تو سمجھدار لوگ وزنی دلیل و ثبوت پر پہلے سوچنے اور پھر عمل کرنے پر آمادہ ہو ہی جاتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ ملک کے طول و عرض میں ہزاروں سرائیکی نوجوان اور کئی سمجھدار مہاجر حضرات بھی میری درد بھری گزارشات سے متاثر ہیں اور ہر ایک اپنے اپنے وسیب میں اپنے طور پر فعال بھی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ یہ مہاتی جذبہ ہرگز ماند نہ پڑے گا۔ میں اسے اپنی خوش نصیبی سمجھتا ہوں کہ میں نے اپنی موجودگی میں ہی دیکھ لیا ہے کہ جو جوت میں نے اپنے خون سے جگائی ہے اس کو نوجوانوں نے ہمیشہ ہی روشن رکھنا ہے، انشاءاللہ ایک دن کامیابی ان کے قدم چومے گی

غاصباں کنوں حق نہ پنو
"اٹھو اپنا حصہ گھنو"

خیراندیش
مرید حسین خان راز جتوئی
"خان پور کٹورہ"

"۲۵ مئی ۱۹۹۲ء"

پڑھیئے اور پڑھائیے

سرائیکیوں پر اعتراضات

معزز قارئین

آپ کو معلوم ہو کہ ہماری برسوں کی التجاؤں اور خط و کتابت کے بعد ہی جنگ لاہور کے کالم نگار ارشاد حقانی صاحب نے سرائیکی فکر مندوں کے درد مندانہ خطوط کو اپنے کالموں میں جگہ دے کر اپنی انسان اور وطن دوستی کی بنا پر اصلاح احوال کی ضرورت کو محسوس کرایا، انہی کی تقلید میں پاکستان لاہور کے قاضی جاوید صاحب بھی، قیدی تخت لاہور کے بل اب تک کئی کالم سرائیکیوں کے خطوط کے ساتھ اپنے قارئین کی نذر کر چکے ہیں۔ یہ دونوں صاحبان قلم دوسرے فریق کا نقطہ نظر بھی بار بار سامنے لائے تاکہ قارئین خود اندازہ کر سکیں کہ زیادتیاں کس کی طرف سے ہو رہی ہیں، ہم ان دونوں باضمیر اہل قلم و دانش حضرات کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے قومی اخبارات کے ذریعے سرائیکی مسئلہ کی اہمیت اور موجودگی کو ثابت کر دیا لیکن میں نے محسوس کیا ہے کہ فریق ثانی کے اعتراضات کے جوابات ابھی نامکمل ہیں، اس پمفلٹ کے ذریعے باقی کے جوابات پیش خدمت ہیں۔ (اخبارات ایسے حقائق شائع نہیں کرتے)۔

- سرائیکی علاقوں اور عوام کی خوشحالی میں سب سے بڑی رکاوٹ یہاں کے وڈیرے ہیں۔

جواب:۔ یہ محض الزام نہیں بلکہ حقیقت ہے تقریباً ہر وڈیرے نے خود کو عوام کا ایک بڑا دشمن ثابت کیا ہے، وڈیرہ ازم کا قہر دیہات پر زیادہ مسلط ہے، پنجاب کی بیورو کریسی کی سرپرستی میں ہر وڈیرے نے اپنے علاقے کو پاکستان سے اپنی الگ ایک ریاست بنا رکھا ہے جس میں لوگوں کو اپنا محتاج رکھنے کی خاطر ان کو معاشی بدحالی میں مبتلا رکھا ہوا ہے، عوام کو کمزور کرنے کی خاطر ان کو آپس میں لڑانا، منشیات جرائم اور مانگنے کا عادی بنانا، طبقاتی حقارت پیدا کرنا وڈیروں کی مقامی سیاست ہے، سرائیکی علاقوں کی اعلیٰ تعلیمی فنی تربیت گاہوں، دریائی پلوں ریلوے اور صنعتی کارخانوں کا سب سے پہلا مخالف یہاں کا وڈیرہ ہے۔ علاقے اور عوام کی فلاح کا ہرگز روادار نہیں، یہ خود غرض اور حریص فقط اپنے خاندان کی سیاسی اجارہ داری اور خوشحالی کے سوا کسی عام باصلاحیت شخص کو سیاست میں اور باروزگار نہیں دیکھنا چاہتا، البتہ بیرونی لوگوں کی خوشحالی اور سیاست میں آنے پر اسے کوئی اعتراض نہیں، کیونکہ ان کے سرپرست یہاں کے ہر دفتر پر چھائے ہوئے ہیں، اس وڈیرے کو عوام پر اپنے تسلط کی خاطر حکومتی قہاروں کے تعاون کی قدم قدم پر ضرورت رہتی ہے، چنانچہ زرعی اصلاحات کے دل

پنجاب کی بیوروکریسی کو ان وڈیروں نے کروڑوں روپے رشوت دے کر اپنے قدیم مزارعین کے نام سرکاری ریکارڈ سے مٹوا کر ان لاکھوں لوگوں کو بے روزگار کر دیا، بیوروکریسی نے معمولی اراضی حاصل کرنے کے بعد کافی زمین فرضی ناموں پر وڈیروں کے پاس ہی رہنے دی، جس کو اب وہ خود ہی بیرونی لوگوں کو فروخت کرتے چلے رہے ہیں ہر سرائیکی وڈیرہ فقط اس رعایت پر ناجائز حاکم وقت کا بھی تابعدار بن جاتا ہے، کہ حکومتی عزرائیل اس کے علاقے میں عوام پر دھونس جمانے میں اسی دہشت گرد کا ساتھ دیتے رہیں گے۔ اس کی سرپرست پنجاب بیوروکریسی نے یہاں کے عوام کو دھوکے میں رکھنے کی خاطر خود دھاندلی سے کامیاب کرائے گئے وڈیرے کی سفارش پر چند چھوٹی نوکریاں بجلی اور ٹیلی فون کے کنکشن دینے منظور کر رکھے ہیں تاکہ ان کے منظورِ نظر وڈیرے کو لوگ اپنا مہربان ہی سمجھتے رہیں، لیکن حقیقت یہ ہے کہ پاکستان بھر کے پانچ کروڑ سرائیکیوں کی زمین زبان روزگار اور ان کے وجود کو بھی پنجاب متواتر نگل رہا ہے، یہ سب جبر یہ استحصال اپنی آنکھوں سے دیکھتے ہوئے بھی سرائیکی وڈیروں نے کبھی احتجاج نہیں کیا، جیسا کہ اس جان لیوا مسئلے سے ان کا کوئی تعلق ہی نہیں ہے ان کی اس لاتعلقی سے ثابت ہوا کہ یہ نہ سرائیکیوں کے اور نہ ہی ان علاقوں کے نمائندے ہیں۔ یہ صرف پنجابستان بنانے والوں کے آلۂ کار ہیں۔

● پنجاب کی گورنری اور وزارتوں پر اکثر سرائیکی وڈیروں کو لایا جاتا رہا ہے، اگر انہوں نے اپنے دورِ حکومت میں سرائیکی علاقوں اور عوام کے لیے کچھ نہیں کیا تو اس میں وسطی پنجاب والوں کا کیا قصور ہے؟

جواب:۔ یہی تو انگریزوں جیسی عیاری ہے کہ وڈیروں کو اپنے آہنی پنجوں میں رکھ کر انہیں بے حس کر دیا گیا ہے پاکستان میں ابھی تک دراصل سیکرٹری ہی حکومت چلاتے آرہے ہیں، ہر چڑھتے سورج کے موروثی پجاری سرائیکی وڈیرے گورنری یا وزارت کی کٹھ پتلی بننے پر ہی مشکور رہتے ہیں چونکہ پالیسی سازی اور اس پر عملداری پر اجارہ داری شروع ہی سے سیکرٹیریوں کی چلی آرہی ہے وڈیرے صاحب کو اپنے دکھاوے کی کرسی بچانے کی خاطر ان کا آلۂ کار بن کر رہنا پڑتا ہے اس سے اس کو ذاتی مراعات کے علاوہ اس کے ذاتی کام بھی ہوتے رہتے ہیں اور علاقے کے عوام پر اس کے خاندان کا دبدبہ بھی مسلط رہتا ہے، چونکہ یہ سیکرٹری شروع ہی سے ایک خاص لسانیت و علاقہ پرستی کی جانبدارانہ ذہنیت رکھتے ہیں وہ ترقی اور مفاد کا ہر نیا موقع صرف اپنے علاقے اور تعلقداروں کے لیے مخصوص کر لیتے ہیں وڈیرے کو مراعات کے علاوہ اپنے خاندان کا سیاسی مستقبل بھی محفوظ کرانا ہوتا ہے اس لیے وہ سیکرٹری کی جانبدارانہ کارستانیوں پر دانستہ اعتراض نہیں کرتا، اسی وجہ سے وہ ناانصافیاں بے دھڑک کرتا رہتا ہے۔

● اکثر سرائیکی وڈیرے جی حضوری بنے رہتے ہیں؟

جواب:۔ خودغرض اور مفاد پرست شخص کا ضمیر ہی ختم ہو جاتا ہے۔ سرائیکی وڈیروں کے جرائم اور حرص کو انتظامیہ پہلے ہی جانتی ہے۔ اس لیے وہ انہیں خوب مرعوب رکھتی ہے، تب ہی یہ ہزاروں لوگوں کے نمائندے بن کر بھی عوام کے ان تنخواہ خواروں کے آگے سر جھکائے دست بستہ پیش ہوتے ہیں ایسی ذلت آمیز نیازمندی یہ اس لیے کرتے ہیں کیونکہ اس انتظامیہ سے یہ اپنے ناجائز کام کراتے ہیں، ان کی ایسی کمزوریوں کی وجہ سے حکومتی فرشتے اپنے لوگوں کو یہاں بلا کر انہیں یہاں کی زمین ملازمتیں، صنعت تجارت ٹرانسپورٹ کے قرضے لائسنس اور پانی کی سہولتیں بیدریغ دیتے ہیں اور عوام سے رشوت بھی بیدریغ کماتے ہیں ان سب ناانصافیوں اور استحصال پر بھی وڈیرے خاموش اس لیے رہتے ہیں کہ آئندہ الیکشن میں بھی

انہیں اس انتظامیہ سے دھاندلی کرنے، جعلسازی کرنے اور جعلی ووٹ بھگتانے میں تعاون کی ضرورت ہوتی ہے اور ان کی یہ ریشہ دوانیاں ترقی پذیر ہوتی رہتی ہے۔

● سرائیکی لوگ محنت نہیں کرتے اور نہ ہی روزی کی خاطر باہر جاتے ہیں؟

جواب:- ایسی محنت شاقہ جس کی وجہ سے زیر کفالت کنبے کے لیئے فرصت نہ ملے اور ہمسائیوں کے دکھ سکھ میں شریک ہونے کا ہوش بھی نہ رہے اس مشقت کا پہلے یہاں رواج نہیں تھا لیکن حریفوں کی دیکھا دیکھی اب تو سرائیکیوں کو بھی دوڑنا پڑ گیا ہے روزی کی خاطر محنت کون نہیں کرتا؟ البتہ کسی کی دستگیری وسائل اور سہولتیں فراہم نہ ہوں تو خواہش کے باوجود کوئی بھی آگے نہیں بڑھ پاتا۔ سرائیکی لوگ تو بیچارے ازل ہی سے لاوارث ہیں، قدم قدم پر ان کی حوصلہ شکنی تو کی جاتی ہے لیکن ان کو پنجابیوں جیسی مخلصانہ سرپرستی ہرگز نصیب نہیں ہوئی سرائیکی علاقوں میں صنعتیں اور ذرائع روزگار نہ ہونے کی وجہ سے اب سرائیکی نوجوان روزی کی خاطر کراچی اور مشرق وسطیٰ وغیرہ کی مسافری کاٹ رہے ہیں لیکن ان کے علاقوں میں وسطی پنجاب کے ترقی و مراعات یافتہ لوگوں کو زمین ملازمتیں قرضے اور سہولتیں دے کر بسایا جا رہا ہے اس کھلی جارحیت پر بھی سرائیکی نمائندے خاموش ہیں۔

● سرائیکی تو پنجابی کا لہجہ ہے اور اس کا علاقہ بھی نہیں ہے!

جواب:- یہ دعویٰ تو ہم کو کرنا چاہیئے تھا۔ ہم پاکستان کو بچانے کی خاطر خاموش رہے۔ لیکن پنجابی سازشیوں اور حریفوں کی طرف سے یہ سفید جھوٹ بڑی ڈھٹائی سے اب تک بولا جا رہا ہے تاکہ سرائیکیوں کو پنجابی بنا کر پنجاب کو سارے پاکستان پر مسلط کیا جا سکے کیونکہ سرائیکی لوگ ہر صوبے میں پہلے ہی موجود ہیں۔ ہماری ہمسایہ عزیزہ پنجابی ابھی تو تین چار سو برس کی ہے اور اس کا خمیر بھی سکھوں کی گرمکھی سے اُٹھایا گیا ہے، حکومت کے زور پر پنجابی بولی کو فلموں تھیٹروں کیسٹوں ٹیلیویژن اور ریڈیو کے ذریعے قومی زبان اُردو سے بھی بہت زیادہ توسیع اور شہرت دی جا رہی ہے لیکن پانچ کروڑ زندہ انسانوں کی زبان سرائیکی کا گلا گھونٹا جا رہا ہے، ظلم تو یہ ہے کہ پنجابی کو قدیم ثابت کرنے کی خاطر سرائیکی کے پُرانے حوالوں اور مثالوں کو پنجابی کے کھاتے میں ڈال لیا گیا ہے۔ اس سازشی عیاری کو غیر جانبدار ماہر لسانیات خوب سمجھ چکے ہیں، قدیم ترین سرائیکی زبان کا وسیع دامن تو ہندی، سندھی، عربی، فارسی اور ترکی جیسی قدیم زبانوں کے دلکش پھولوں سے خوب سجا ہُوا ہے۔ سرائیکی زبان کی گرامر (کھادا ہم - کھادم - کھاؤ سال) پنجابی سے بالکل الگ ہے۔ سرائیکی زبان کے نو خاص حروف (ب ج ڈ گ ݨ) کے مختلف الفاظ تو اصل پنجابی بول ہی نہیں سکتا، حقائق پسند پنجابی تو یہ بھی تسلیم کرتے ہیں کہ سرائیکی زبان کی گہرائی نرمی مٹھاس روانی سوز و گداز اور دُھن بھی پنجابی بولی سے بالکل وکھری ٹائپ کے ہیں۔ لوگوں کے رسم و رواج اور مزاج کا اختلاف بھی واضح ہے۔ اب رہی علاقے کی بات تو جناب! تاریخ اور داتا صاحبؒ کی تحریر بھی گواہ ہے کہ دریائے راوی تک کے تمام علاقے قدیم ترین صوبہ ملتان (سرائیکی) کا حصہ تھے۔ شاہ حسینؒ لاہوری کی کافیاں، بابا فریدؒ سلطان باہوؒ، بلھے شاہؒ، اور خواجہ فریدؒ کا سرائیکی کلام اور بھی واضح کرتا ہے کہ پہلے یہاں کی اکثریت کی ثقافت اور زبان سرائیکی ہی تھی، ان علاقوں کو انگریزوں اور سکھوں نے زبردستی چھین کر اپنے اتحادیوں کو دیا تھا آج سکھوں اور انگریزوں کی جبریہ شاہی نہیں ہے تو ان کے سابقہ جبر کو کیوں تسلیم کیا جائے؟ ہم ہی سے یہ علاقے چھینے گئے تھے آزاد ہونے پر ہم سرائیکی ہی ان کے اصل وارث ہیں لیکن پاکستان کے استحکام امن اور ملک کے اجتماعی مفاد کی خاطر ہماری خاموشی اور ایثار کا ناجائز فائدہ اُٹھایا جا رہا ہے کہ ہماری مزید اراضی اور ہمارے وجود کو نگلنے کی سازشیں بُن رہے ہیں، پنجابیوں کی یہ حریفانہ توسیع پذیری اب تو ناقابل برداشت ہو چکی ہے ان دراز دستیوں کے باوجود اب بھی سرگودھا، ملتان، ڈیرہ غازیخان، اور بہاولپور ڈویژنوں میں ۷۵ فیصدی سرائیکی زبان بولی جاتی ہے، اس کے علاوہ ہر صوبے میں کافی سرائیکی لوگ پہلے ہی موجود ہیں۔ یہ پانچ کروڑ سرائیکی پاکستان کو سالانہ اربوں روپیہ کا مالیہ مختلف محصولات، متعدد ٹیکس، عشر اور زکوٰۃ فراہم کرتے ہیں اور پنجاب کا بنا ہوا مال خرید کر اپنے خون پسینے کی کمائی سے پنجاب کو مالدار بھی بناتے ہیں جس کا صلہ ہمیں یہ دیا جا رہا ہے کہ ہم کو صفحۂ ہستی سے بھی مٹایا جا رہا ہے! ع۔ شرم انکو مگر نہیں آتی!!

● وسطی پنجاب کی علمی، ذہنی، سائنسی، صنعتی ترقیات اور خوشحالی کا راز کیا ہے؟

جواب:۔ پنجاب نے سرائیکیوں اور پوٹھوہاریوں کو زبردستی اپنے زیر رکھ کر اپنی بھاری اکثریت بنا رکھی ہے اس پر یہ مرکزی حکومت کو بلیک میل کر کے باقی سب صوبوں سے بہت زیادہ سیاسی اور مالی مفادات اینٹھ رہا ہے لیکن اپنے حصے داروں کو کلیدی عہدوں ان سب ترقیوں اور فنڈز میں شریک نہیں کر رہا اپنے ساتھیوں اور دوسروں کے حقوق مار کر جو طبقہ یا علاقہ بہت زیادہ بالا یا خوشحال ہو جائے اور اس نظام میں کسی کی فریاد بھی نہ سنے تو ایسی کالونی وطن بنتی ہے

● اگر سرائیکستان اور پوٹھوہار صوبے بنائے گئے تو اور صوبے بھی بنانے ہوں گے۔ اس سے تو قومی وحدت میں رخنے پڑیں گے

جواب:۔ موجودہ وقت میں ۶۰ فیصد آبادی کا **صوبہ پنجاب** ۲۵ فیصد آبادی کے تین صوبے اور ۵ فیصد آبادی کا علاقہ فاٹا ہے اس طرح تو باقی صوبوں کی آبادی پہلے ہی بہت کم ہے انکو اور کم کیوں کیا جائے صرف سرائیکیوں اور پوٹھوہاریوں کو پنجاب کی زبردستی کی غلامی سے نجات دلانا اب بہت ضروری ہو گیا ہے۔ اسی سے پاکستان مستحکم ہوگا لیکن غاصب طبقہ جس نے آج تک ملک کا سب کچھ اکیلے ہڑپ کیا ہے وہ تو کئی شوشے چھوڑے گا اور اسکے بالتواخبارات بھی خوب ننگے ہونگے۔ لیکن حقیقی خیر خواہوں کی یہ آزمائش کی گھڑی ہوگی۔ اب قومی وحدت کا [illegible] پاکستان میں اس وقت سے [illegible] جب سے [illegible] کے حقوق غصب کئے گئے ان کے علاقوں پر [illegible] کر دی گئی اور ان کے وجود کو مٹانے کا عمل کیا گیا [illegible] سرائیکیوں کو [illegible] زبان [illegible] پاکستان کی [illegible] زبان [illegible] اس لئے سرائیکی قوم پر مظالم سے سارا پاکستان خلفشار میں مبتلا ہو گیا ہے [illegible] قومی وحدت [illegible] جو ان سے زبردستی چھینے گئے ہیں۔

اصل مسئلہ

بڑی مدت سے سندھی، بلوچی، پٹھان اور سرائیکی عوام اہل پنجاب سے صرف یہی ایک متفقہ مطالبہ کرتے آئے ہیں کہ وہ شتر بے مہار کی طرح ہر ایک کے کھیت میں منہ مارنا چھوڑ دیں اپنے حصے کی اراضی نوکریوں، صنعت، تجارت اور فنڈوں پر اکتفا کریں لیکن یہ حریص لوگ اپنی جنونی ہوس کو پورا کرنے کی خاطر عادل اسلام کو اس طرح استعمال کرتے ہیں کہ گویا اسلام نے ان کے لیے مسلمانوں کی جان اور مال حلال کر دیا ہے۔ اسی اسلام کا بہانہ بنا کر یہ تمام پاکستانیوں کے حصے کے حقوق اراضی اور وسائل پر ڈاکہ ڈالنے سے باز نہیں آئے۔ فوج اور سول کلیدی عہدوں پر اکثریت کے زور پر انکی دست درازیوں سے سب محروم عوام سخت نالاں ہیں۔ اگر پنجاب اسی طرح کا عفریتی صوبہ بنا رہا تو بقیہ پاکستان بھی اپنی سالمیت برقرار نہ رکھ سکے گا (خدانخواستہ)

پڑھیے اور پڑھائیے۔ شکریہ

۲۵/۹/۹۲

فکر کار

مرید حسین خان راز جتوئی

خانسبپور کوٹ ادو

جاگ اُٹھا انسان

تلخ تجربات کا نتیجہ:- بڑے عرصہ تک پاکستانی عوام نے علماء کے بہکانے پر بیشمار قربانیاں دیں لیکن عوام کے اس ایثار کا فائدہ ہمیشہ یہی دھوکہ بازہی اُٹھاتے رہے۔ تمام مسالک کے لیڈر باہمی نقاطی قرارداد مقاصد پر دستخط کرنے کے باوجود حسب عادت یہ فروعی اختلافات کو ہوا دیکر مسلمانوں کو ایک دوسرے سے نفرت کرنا ہی سکھاتے رہے۔ نہ خود متحد ہوئے نہ ہی مسلم عوام کو انہوں نے اکٹھا ہونے دیا۔ ان کی خود غرضانہ سازشوں کو عوام غور سے دیکھتے اور کڑھتے رہے۔ چونکہ قائدِ اعظمؒ نے عوام کو آپس میں اخوت، مساوات اور رواداری رکھنے کی تاکید فرمائی تھی۔ تنگ نظری اور پاپائیت سے سختی سے منع فرمایا تھا۔ قائدِ اعظم رح جیسے حقیقی محسن کی خیر خواہانہ رہنمائی کے مطابق پاکستانی عوام بھی بلا تفریق مذہب و مسلک ایک دوسرے کی خوشیوں اور غموں میں شریک رہ کر آپس میں شیر و شکر رہنا چاہتے ہیں۔ جب بھی ان کو آزادی سے ووٹ دینے کے مواقع نصیب ہوئے تو انہوں نے عوام میں نفرت پیدا کرنیوالی جماعتوں کو بالکل مسترد کرتے ہوئے ان تنگ نظروں کو ملکی سیاست سے دُور رکھنا مناسب سمجھا۔ اس اکثریتی فیصلہ پر عوام ہمیشہ کاربند رہیں گے۔ اسلام کے بہانے عوام اب کسی قسم کا استحصال برداشت نہ کریں گے

مذہبی سودا باز:- حصول پاکستان کے دنوں اکثر مخالف مذہبی جماعتوں یا یونینسٹوں کا گڑھ بھی لاہور تھا۔ انہوں نے جناح صاحبؒ کو انگریزوں کا ایجنٹ، شوبولنے اور کافرِ اعظم تک کہا۔ لیکن ان لغویات کی پرواہ کیئے بغیر قائدِ اعظم رح نے اپنی فراست اور مسلم عوام کے بھرپور تعاون سے جب پاکستان حاصل کر لیا۔ تو پاکستانی مسلمانوں کے دلوں سے پاکستان مخالف مذہبی جماعتوں کی **معتبری** ختم ہوگئی۔ کیونکہ عوام نے اپنی تمام توجہ اور امیدیں اپنے محسن قائدِ اعظم رح سے وابستہ کرلیں۔ جسکا ان مخالفوں کو بڑا دُکھ ہوا۔ دراصل اسی معتبری کے حصول کیخاطر ان حاسدوں نے سادہ لوح مسلمانوں کے مذہبی جذبات کو بڑی عیاری سے بھڑکا کر انہیں اپنے دام فریب میں پھنسالیا۔ اور وقتاً فوقتاً حکومتوں کو بلیک میل کرنے کیخاطر سادہ لوح عوام کو اپنا آلۂ کار بناکر سڑکوں پر بھی لے آتے رہے۔ ایسی سازشی بلیک میلنگ سے یہ مذہبی اجارہ دار حکومتوں سے کروڑوں روپیہ سالانہ **خراج** وصول کرتے رہے۔ حالانکہ اسلام سے تو کوئی بھی مسلمان انکاری نہیں۔ لیکن ان مذہبی اجارہ داروں نے اسے متنازعہ بناکر محض اپنی معتبری اور خراج کیخاطر مسلمانوں میں پھوٹ اور کمزوری پیدا کرکے آمروں کو ملک پر زبردستی مسلط ہونے کے مواقع مہیا کیئے۔ اس ملک اور عوام دشمنی میں خود غرض سیاستکار بھی ان کے ہمراہ رہے۔ یہ مذہبی اجارہ دار اس ناجائز خراج کے اسقدر عادی ہوچکے ہیں کہ جب بھی اس حرام مال سے انکو بچانے کی کوشش کیجائیگی تو اس نیکی کو بھی

اسلام کے خلاف ایک کاروائی مشہور کرکے یہ لالچی شور مچائیں گے۔ لیکن تجربہ کار عوام ان کا ساتھ اب کبھی نہ دیں گے۔ اب تو انکی درسگاہوں میں دینی رہنماؤں کی بجائے بھکاری اور تکراری ملاں تیار ہوتے ہیں۔ جو اسلام کے انقلابی فلسفے کو جانتے ہی نہیں۔ یہ تو صرف اپنے مسلک کو غالب کرنے کیخاطر زیادہ سے زیادہ مساجد اور درسگاہوں پر قابض ہوکر صرف اپنے جغادریوں کا دبدبہ بڑھاتے ہیں۔ تاکہ ان فتوے بازوں سے عوام اور حاکم بھی ہمہ وقت خائف رہیں۔ ظلم تو یہ ہے کہ اسی زور پر عوام کے چندوں سے تعمیر شدہ مذہبی عمارات بھی ذاتی جائیداد کیطرح یہ علماء اپنی اپنی اولاد کو منتقل کرتے جارہے ہیں۔ ان کے اس دائمی قبضہ کو خیانت پاکر اکثر سمجھدار لوگ ان سے بدظن ہیں۔ تاہم یہ بڑے بُت اپنے اندھے پجاریوں (مقلدوں) کو اپنی عیارانہ گرفت میں رکھنے کیخاطر دوسری دینی کتب بھی پڑھنے سے بڑی سختی سے روکتے ہیں۔

اس روشن اور ترقی کے دور نے انکی یہ خودغرضانہ سازشیں خصوصاً نئی نسل پر توبالکل فاش کردی ہیں۔ سمجھدار لوگ ان کی چالوں میں اب نہیں آتے۔ باشعور عوام اب یہ بھی جانتے ہیں کہ یہ مذہبی اجارہ دار مساجد کے ممبر رسولؐ کو بھی اپنے گروہی مقاصد کیلئے استعمال کرتے ہیں۔ اور یہ تو نادار عوام کی زبردستی کی محرومیوں کو ان کا مقدّر باور کراکے ان کو صبر کی تلقین کرکے زیادہ چندہ دینے والے غاصب امیروں کا تحفظ بھی کرتے ہیں۔ جن سائنسی ایجادات (ریڈیو، ٹیلیویژن، ٹیپ ریکارڈر، فوٹو اور لاؤڈ سپیکر وغیرہ) کو یہ پہلے حرام کہتے تھے۔ اب ان مفید چیزوں سے سب سے زیادہ استفادہ یہ خود کرتے ہیں۔ اور اب تو غیر مسلموں کا دریافت کردہ "تسخیر کائنات"، کا فلسفۂ قرآنی بھی انکو تسلیم کرنا پڑا ہے۔ جو صدیوں تک قرآن خوانی کے باوجود انکو سمجھ نہ آیا تھا۔ دراصل رموزِ قرآن سے انکی اس ناآگاہی نے مسلمانوں کو فعالیّت اور نئی ترقیوں سے محروم رکھا۔ لیکن آج بھی یہ ان نئے تقاضوں کا ساتھ نہ دینے پر مُصر ہیں۔ جبکہ یہ ذہنی طور پر شکست کھا کر اپنی اولاد کو وہی تعلیم دِلا رہے ہیں جسکو یہ مدتوں حرام کہتے رہے ہیں

مسلم لیگ کا ماضی اور حال: واقعی مسلم لیگ ہی نے پاکستان حاصل کیا تھا۔ مگر اسکا پروگرام خالص اسلام نافذ کرنیکا ہرگز نہ تھا۔ اور نہ اب ہے۔ عوام کو اب بھی بیوقوف سمجھ کر اسلام کے مقدس نام پر صرف بہلایا جاتا ہے۔ تاکہ اس دھوکے کے ذریعے عوام سے ووٹ لیکر حکومت سنبھالی جائے۔ لیگ کے ارکان پر اگر آپ غور سے نظر ڈالیں تو آپ کو یہ اکثر سیکولر ہی ثابت ہوں گے۔ لیکن اسکا برملا اظہار اب بھی یہ نہیں کرتے۔ قائدِاعظم کی موجودگی ہی میں پاکستان کے آئین و قانون کا وزیر جوگندر ناتھ منڈل غیرمسلم (چوہڑے) کو بنایا گیا تھا۔ اکثر سیاسی پارٹیوں خصوصاً مسلم لیگ پر اکثریت کے اپنے نمائندوں کی بجائے ایسے جاگیرداروں کا غلبہ ہے جنہوں نے بددیانتی کرکے اپنے قدیم مزارعین کو اراضی سے محروم کیا۔ اور آج تک بھی یہ اپنے علاقوں کی صنعتی ترقی اور اعلیٰ تعلیم کے سخت مخالف ہیں۔ ان کے علاوہ بناوٹی مال

بنانیوالے لٹیرے صنعتکار، سمگلنگ، ملاوٹ، بلیک اور ذخیرہ اندوزی کرنیوالے تاجر جونکوں نے بھی اب لیگی نقاب اوڑھ لیا ہے۔ جو سب عیاشانہ (غیر اسلامی) زندگی بسر کرتے ہیں۔ تو کیا یہ اسلام کا مساواتی نظام نافذ کر کے اپنی عیاشیوں اور لوٹ کھسوٹ سے دستبردار ہو سکتے ہیں؟ یہ عیار تو لوٹ کی کمائی سے کچھ رقم مذہبی اجارہ داروں اور بلیک میلر اخبار والوں کے منہ میں ڈال کر انہیں ہموار کر لیا کرتے ہیں۔ جو ان کے مفادات کی پاسبانی کرتے رہتے ہیں۔ نئے بنیادی لیگیوں کے پاکستان دشمنوں سے گٹھ جوڑ سے واضح ہے کہ یہ پرانے پاپیوں سے ملکر حکومت ہتھیا کر صرف اپنے جیسے استحصالی طبقے کو بپھرے ہوئے عوام کے غضب سے بچانا چاہتے ہیں۔ اس امر کی یقین دہانی پر یہ خود غرض تو ملک کے آمروں کے چوبدار بھی بنے رہے ہیں۔ ملک کی سالمیت اور محروم اکثریت کے جان لیوا مسائل اور مصائب سے انہیں کوئی سروکار نہیں۔ بلکہ جو بھی محروم اکثریت کے جائز حقوق کیطرف توجہ دلاتا ہے۔ تو یہ ان کے پالتو اخبارات اور مذہبی اجارہ دار بڑی ڈھٹائی سے اُسے سوشلسٹ، کمیونسٹ، بے دین اور ملک دشمن بھی کہتے ہیں۔ اور یہ کورا جھوٹ لگاتار لکھا اور بولا جا رہا ہے تاکہ بھولے لوگ تو اس بہتان کو سچ مان لیں۔ اس ناپاک پراپیگنڈے کا اب باشعور عوام کو علم ہو چکا ہے۔ اب وہ ان کے اس جھوٹ سے متاثر نہیں ہوتے۔ چنانچہ ۱۹۸۸ء کے آزادانہ انتخاب میں خبردار عوام نے اکثر مصنوعی لیگیوں انکے ساتھیوں اور فرقہ باز جماعتوں کو تو بالکل مسترد کر دیا لیکن آخر میں نام نہاد اسلامی جمہوری اتحاد کے سرغنے بھی پنجابیت کے جنون کو بڑھانے سے باز نہ آئے۔ کیونکہ وہ اپنی کامیابی سے ناامید ہو چکے تھے۔ جب تک موجودہ پنجاب کی زبردستی کی عددی برتری قائم ہے تو یہ ہر وفاقی حکومت کو پریشان کرتا رہیگا۔ چھوٹے صوبوں اور سرائیکی علاقوں کے عوام کا استحصال بھی بدستور کرتا رہیگا۔ اسکی توسیع پسندی سے سب ہی نالاں اور مضطرب رہینگے۔ سابقہ مشرقی پاکستان کے مخلص لیڈر خواجہ ناظم الدین سہروردی اور آخری اکثریتی قیادت کو دراصل پنجاب ہی کے بیوروکریٹوں اور اُنکے اخبارات نے قبول نہ کر کے آدھا ملک کھویا ہے لیکن پھر بھی انکی ہوس پوری نہیں ہوئی۔ غالباً انکی آرزو کچھ اور ہے۔ **سیاستکاروں کا طریقۂ واردات** ہر سیاسی اجارہ دار اپنے علاقے کے لاکھوں افراد کیلئے اجتماعی مفید کام کرانیکی بجائے محض چند خود غرض پیروں، مولویوں، برادری کے وڈیروں، محلہ داروں، جرائم کاروں اور با اثر اہل قلم کو انفرادی مفاد دلوا کر انتخاب کے دنوں ان عوام دشمن دلالوں کے ذریعے سادہ لوح اور مجبور عوام کو شکار کرتے ہیں۔ اس گھناؤنی سازش سے بھی اب عوام باخبر ہو چکے ہیں۔ **حصولِ تعلیم میں تضاد** اسلام کے جھوٹے دعویداروں نے اب تک اپنے مخصوص علاقے میں امیروں کیلئے تو ہر قسم کے اعلیٰ تعلیمی و تربیتی اداروں میں بہترین عمارات، لائبریریاں، لیبارٹریاں وافر سامان و سٹاف مہیا کر رکھے ہیں۔ اور جس اکثریت کا خون چوس چوس کر یہ امیر بنے ہیں۔ اسکے سکولوں کی عمارات سامان اور عملہ بھی پورا میسر نہیں تاکہ ملک کے یہ اصل وارث انکے محکوم ہی رہیں۔ اور صرف امیر طبقہ یہ مہنگی تعلیم و تربیت پا کر حکمرانی کرتا رہے۔ اس ناانصافی کو بھی باشعور عوام اب شدت سے محسوس کرتے ہیں۔ **ون یونٹ کی ناکامی:** جمہوریت کے قاتلِ اوّل چودھری غلام محمد کیطرح چودھری محمد علی نے بھی سازش کر کے پاکستانیوں کے اتحاد کے بہانے مغربی پاکستان کو ون یونٹ بنوایا تھا۔ اس سے چھوٹے صوبوں

اور سرائیکی علاقوں میں وسطی پنجاب کے مقامی لوگوں کو منتقل کرکے وہاں کی اراضی صنعتی و تجارتی قرضے لائسنس اور کلیدی عہدے دیکر وہاں کے مہاجروں قدیم آبادکاروں اور مقامی بے زمین کسانوں کو محروم کرکے محکوم بنالیا گیا۔ جس سے پنجاب کے خلاف نفرت کی ابتدا ہوئی اور اس اضطراب پر ون یونٹ کو توڑنا پڑا۔ **چودھراہٹ کا جنون**: لیکن پھر چودھری ضیاء الحق نے اپنے طویل آمرانہ دور میں بڑی بیباکی سے اپنے لوگوں کو کافی مالدار بنا کر سارے ملک پر مسلط کرکے اپنی اور پنجاب کی **ناروا چودھراہٹ** کو مضبوط کیا۔ اس قاتل جمہوریت کے اس بیدریغ استحصال پر واویلا کرنے والوں کو بزور کچلنے اور ناجائز لوگوں کو تحفظ مہیا کرنے کی خاطر فریادیوں کے سروں پر فوج کو لا بٹھایا گیا۔ نہتے عوام پر کئی بار بمباری کی گئی اور ہزاروں بے قصوروں کو بے گور و کفن کرکے دریا برد کیا گیا۔ ان سفاکانہ مظالم اور کھلے استحصال کے پنجاب سے بیزاری میں اور بھی شدید اضافہ ہو چکا ہے لہٰذا اس پنجاب کو اب کوئی بھی برداشت نہیں کر سکتا۔ **اُلٹے بانس بریلی کو**: برِصغیر میں اسلام کی آمد سے تقریباً دو صدی بعد سندھ، اوچ شریف اور ملتان کی مرکزی دینی و روحانی تربیت گاہوں کے حضرات نے جا کر اسلام کی غریب نوازی اور اپنی انسان دوستی سے جن کے غیر مسلم اسلاف کو مسلمان کیا تھا آج وہی محسن کُش ان علاقوں کے فراخدل عوام کو مسلمان تو کیا انسان بھی نہیں سمجھتے۔ حالانکہ پاکستان کے معاشرے میں موجودہ تمام برائیاں انہی حریصوں کی رواج کردہ ہیں۔ "شرم انکو مگر نہیں آتی" **وسطی پنجاب کے کلیدی عہدیداروں اور اخبارات کی کارستانیاں**: ہر دفتر میں علاقہ و طبقہ نوازی (جو حکومتی کارندے اور قومی اخبار کے لیے بڑا گناہ اور جرم ہے) جہاں جانا وہاں کے عوام سے نفرت کرنا۔ رام رام جپنا پرایا مال اپنا۔ اپنے علاقے کے بیشتر کارخانوں میں اپنے افراد کے علاوہ اور کسی کو نہ کھپانا۔ دوسرے علاقوں کے دفتروں اور چند کارخانوں میں بھی صرف اپنے افراد کا غلبہ رکھنا۔ پنجاب کے حصہ دار سرائیکی علاقوں کے مہاجروں قدیم آبادکاروں اور مقامیوں کو اپنی صنعتی ترقی اور کلیدی عہدوں میں شریک نہ کرنا اور ان میں نفاق ڈالنا۔ پاکستان بھر میں اپنے لوگوں کو مسلح اور مشتعل رکھنا۔ سب پاکستانیوں پر اپنی زبان اور ثقافت کو درسگاہوں فلموں اور ذرائع ابلاغ کے ذریعے زبردستی مسلط کرنا۔ پاکستان کے نصف عوام جو اربوں روپیہ سالانہ ٹیکس مالیہ ادا کرتے ہیں۔ انکی قدیم زبان "سرائیکی" کو درسگاہوں فلموں اور ٹیلیویژن پر حقوق نہ دینا۔ سرائیکی علاقوں کے باصلاحیت افراد کو کلیدی عہدوں تک نہ پہنچنے دینا۔ سندھ اور سرائیکی علاقوں کے باغیرت محب وطن اور اسلام کے فدائی نوجوانوں کو دانستہ فوج میں نہ لینا۔ پسماندہ علاقوں کے ایسے خاندانوں کو سیاست میں کامیاب کرانا جو ان کے آلۂ کار ہیں۔ ترقی کے بنیادی ذرائع سڑکیں، ریلوے، بجلی، گیس، ذرائع آبرسانی، ٹیلیفون، ڈاک و تار، ٹیلیویژن اور نہری و دریائی پلوں کی دوسرے علاقوں میں دانستہ قلت رکھنا لیکن جب اپنے لوگوں کو وہاں جبراً بسا لینا تو پھر ان سہولتوں کا اجرا کرنا تاکہ کہا جا سکے کہ انہی نوواردوں نے محنت کرکے ان علاقوں کو آباد کیا ہے۔ ہر حاکم وقت کو بلیک میل کرکے اس سے مفادات سمیٹنا۔ اور غیر طاقتوں کی خفیہ ایجنسی کرنا۔

انکی ایسی ہی قدیم خودغرضانہ کارستانیوں پر شورش کاشمیری اور علامہ اقبالؒ جیسے حساس دانشور بھی فرما گئے ہیں:-

ہیں اہلِ نظر کشورِ پنجاب سے بیزار یہ سب عوام دشمنیاں پسماندہ علاقوں کے نام نہاد نمائندوں کے ساتھ ملکر کیجاتی رہیں۔ یہ خودغرض صرف ذاتی مراعات کے عوض بکتے ہیں۔ کافی زخم کھانے کے بعد پاکستانی عوام انکی مذموم کارستانیوں سے اب خوب باخبر ہیں۔ اسلیئے آئندہ انتخاب میں بھی تجربہ کار عوام غیروں کے آلۂ کاروں کو مسترد کرکے اپنی بیداری کا ثبوت ضرور دینگے۔ **خیراندیش**

اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش
میں زہرِ ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند
اقبالؒ

پڑھیئے اور پڑھائیے

مرید حسین راز جتوئی۔ خان پور کٹورہ

۵ فروری ۱۹۸۹ء

وڈیروں کی خود غرضیاں

ریاستوں کے والیان نے تو آزادی کا احترام کر کے اپنی اپنی ریاست کو پاکستان میں شامل کرتے ہوئے اپنی قدیم رعایا کو جمہوری حقوق دیکر اپنے نمائندے خود منتخب کرنیکی آزادی دیدی۔ لیکن مقامی وڈیروں نے اپنے قریب بسنے والوں کو اپنا غلام رکھنے کی سازشوں کے جال بچھا دیئے ۰ پاکستان بنتے ہی وڈیروں نے نوکر شاہی کا آلۂ کار بن کر اپنے ناجائز کام کرانے اور مراعات حاصل کرنا شروع کر دیئے۔ اس سے بیوروکریسی اُن پر سوار ہوتی گئی۔ اور عوام کمزور پڑتے گئے ۰ عوام کو ملکی سیاست سے دُور رکھنے کیخاطر جاگیرداروں اور نئے صنعتکاروں نے آپس میں گٹھ جوڑ کرلیا۔ انہوں نے طبقاتی نظام کو مسلط رکھنے کیخاطر دولت کے بل پر اسمبلیوں میں پہنچنے کا طریق انتخاب کا رواج دیدیا۔ جو تا حال جاری ہے ۰ زرعی اصلاحات میں ان جاگیرداروں نے سرکاری ریکارڈ میں جعلسازی سے اپنے قدیم مزارعین کے نام تک مٹوا کر انکو اراضی سے محروم کر دیا۔ اور کافی اراضی فرضی ناموں پر اپنے قبضے میں لے رکھی ہے جسے بیرونی لوگوں کو فروخت کر کے اُنہیں اپنے علاقوں میں گُھس آنیکا موقع خود مہیا کر رہے ہیں ۰ تھل روہی اور دُھندھی کی اراضی بیرونی افسروں نے اپنے لوگوں کو بُلا کر قرضوں اور سہولتوں سمیت دیدی۔ اصل حقداروں نے واویلا کیا تو اس احتجاج میں اکثر مفاد پرست وڈیرے شریک ہی نہ ہوئے۔

اپنے قریب بسنے والوں کو اُجڑا دیکھکر یہ خود غرض وڈیرے بہت نہال ہوتے ہیں۔ جبکہ بیرونی لوگوں سے یہ خم کھاتے ہیں ۰ بیرونی افسروں نے سرائیکی علاقوں کے شہروں کی تجارت، صنعت اور ملازمتوں پر اپنے لوگوں کو مسلط کر کے یہاں کے مہاجروں، قدیم آبادکاروں اور مقامیوں کو اپنے وسائل سے محروم کر کے غلام بنالیا ہے اس سازش پر بھی وڈیرے خاموش رہے ۰ یہ وڈیرے خود کو لاکھوں یا ہزاروں کا نمائندہ کہنے کے باوجود انتظامی کارندوں کے سامنے ہاتھ باندھے کھڑے رہتے ہیں۔ اس سے یہ اپنے جرائم چھپاتے اور عوام پر اپنی دھونس جماتے ہیں ۰ سرائیکی علاقوں کے نمائندوں کو اسمبلیوں میں اپنے ووٹروں کے حقوق کے بارے میں جھگڑتے یا بات کرتے کبھی نہیں سُنا گیا۔ معاشی محرومیوں کے باوجود کروڑوں سرائیکی اربوں روپیہ سالانہ ٹیکس لائسنس اور مالیہ ادا کرتے ہیں انکی زبان کو دوسری زبانوں جیسے حقوق ٹیلیویژن اور کالجوں میں نہیں دیئے گئے۔ تو اس پر کسی نمائندے نے اسمبلی میں احتجاج کیا!

۰ اکثر عاقبت نااندیش وڈیرے بیرونی لوگوں کی صیہونی سازش کا شکار ہو کر ان سے رشتے لیکر اپنی اولاد کو دوغلا بنا رہے ہیں اور انکو اپنے علاقوں میں جائیداد بنانے میں مدد بھی کر رہے ہیں ۰ تاریخی طور پر لاہور تک کے تمام علاقے قدیم ترین حکومتی مرکز ملتان (سرائیکی) کے ماتحت تھے۔ ان سب کی زبان اور ثقافت بھی سرائیکی ہی تھی۔ رنجیت سنگھ نے یلغار کر کے اکثر علاقوں کو بزور اپنے پنجاب میں شامل کرلیا۔ انگریزوں نے بھی سرائیکیوں کو کمزور کرنے کی خاطر ان کے علاقوں میں اپنے وفادار اور اعتمادی پنجابیوں کو نئے شہروں، اراضی اور نہری نظام سے نوازا۔ اور گذشتہ گیارہ سالہ آمرانہ دور میں تو باقی کسر پوری کرنے کے لیئے اپنے طبقے کو خوب مواقع دیکر سارے پاکستان کا چودھری بنالیا گیا۔ اس چودھراہٹ کی مزید توسیع اور پختگی کی خاطر انتقال آبادی کے علاوہ پنجابی زبان اور ثقافت کو سارے پاکستانیوں پر مسلط کرنے کیخاطر فلموں، ٹیلیویژن، ریڈیو اور پریس کو بڑی بے باکی سے استعمال کیا جا رہا ہے۔ یہ جغرافیائی اور ثقافتی استحصال ان وڈیروں کو کیوں نظر نہیں آتا؟ اتنی بے خبری، ایسی بے ہوشی!

۰ چھ کروڑ آبادی کا ایک صوبہ پنجاب جو اپنے حصہ دار سرائیکی علاقوں کے باسیوں کو اپنی ترقیوں اور کلیدی عہدوں میں شریک ہی نہیں کرتا اور بقیہ تینوں صوبے صرف چار کروڑ زیردست افراد کے۔ اس صوبائی عدم توازن پر چھوٹے صوبوں کے عوام بڑی مدت سے واویلا کر رہے ہیں۔ وسطی پنجاب کے بیالیس ۴۲ سالہ مسلسل استحصال پر جو آہ و فغاں ہو رہا ہے اس سے بھی یہ خود غرض وڈیرے لاتعلق سے نظر آتے ہیں۔ کیوں؟ کیا یہ عاقبت نااندیش وڈیرے اپنے عارضی مراعات کے صدقے عوام کے علاوہ اپنی آئندہ نسلوں کا مستقبل تاریک نہیں کر رہے؟

عجب شاید کہ اُتر جائے ترے دل میں مری بات ۰ خیر اندیش

رازجتوئی ۔ خان پور کٹورہ

۵۔ جون ۱۹۸۹

اپنے علاقہ کی سیاسی شخصیات کو پوسٹ فرما دیجئے: شکریہ!

جاگ سرائیکی جاگ

سرائیکی وڈیروں اور امیروں کے نام

میری قوم کے واجب الاحترام امیرو! خدا آپ کو اور زیادہ دے، آپ صاحبان اب تک صرف اپنے خاندان کے تحفظ کے جتن کرتے رہے ہیں آپ نے قومی سطح پر کوئی سوچ بچار نہیں کی نہ ایسے نیک کام کی سعادت اور رغبت آپکو نصیب ہو سکی صرف تن آسانی اور عیاشی میں آپ مگن رہے، آپ کا یہ بداثر پوری قوم پر پڑا، آپ نے خود کو بالادست بنانے کی خوب کوششیں کیں اور اپنے زیردست لوگوں کو آپ نے خوب رگڑا، جس کا نتیجہ یہ برآمد ہوا ہے کہ ہر باہر سے آنیوالے نے ہمیں روزی اور ہماری زبان سے محروم کرنے کی سازشیں شروع کر دیں آپ لوگوں کی بے حسی اور لاتعلقی کی وجہ سے ساری قوم استحصال کا شکار ہوئی، پھر بھی آپ بیخود رہے، آپ صاحبان نے جائیداد اور دولت کو خدا کی امانت کی بجائے صرف اپنے عیش کا سہارا بنا لیا ہے۔ "الدھا شا"

آج نوبت یہاں تک آپہنچی ہے کہ نہ عوام محفوظ ہیں نہ آپ عام آدمی کی زندگی اجیرن کر دی گئی ہے جسکی ذمہ داری آپ پر تھی، کیا اب بھی آپ لاتعلق رہیں گے؟ یا زمانہ کے نشیب و فراز سے آپ نے کچھ سیکھا ہے؟ خدارا، اب تو آنکھیں کھولیئے! اپنی آئندہ نسلوں کے لیئے کچھ تو فکر کیجیئے!! علمی ادبی کام میں معاونت فرمایئے اور جو نوجوان اپنے حقوق کی بازیابی کے لیئے میدان عمل میں جدوجہد کر رہے ہیں، انکی حوصلہ افزائی کیجیئے، پھر دیکھیئے وہ کیسے کامیاب نہیں ہوتے! ہمارا مقابلہ ایسے حریص اور خودغرض طبقہ سے ہے جس نے پاکستان کو عذاب میں مبتلا کر رکھا ہے باقی سب نے اپنا اپنا وجود تسلیم کرا لیا ہے اب ہم ہی اس کی زد میں ہیں۔ اگر اب بھی آپ بیدار نہ ہوئے تو عوام کے علاوہ آپ صاحبان کی آئندہ نسلیں بھی اس طبقے کی غلام ہونگی۔ کیا آپکی قومی غیرت یہ برداشت کر سکے گی؟ میری اس دردمندانہ التجا پر تو غور کیجیئے۔ ؎ (نہ صلے کی نہ ستائش کی تمنا ہم کو۔ حق میں لوگوں کے ہماری تو ہے عادت لکھنا)

فکر کار
مرید حسین خان راز جتوئی

عالیجناب صدر صاحب مملکتِ خداداد پاکستان۔ اسلام آباد

جنابِ والا!

بمطابق خبر نوائے وقت لاہور ۲۷ ستمبر ۸۱ء وزارت تعلیم پنجاب نے سرکلر جاری کیا ہے کہ سرائیکی کو پنجابی کا ایک لہجہ تصور کر کے درسی کتب اور نصاب میں شامل کیا جاوے۔ نیز واضح کیا گیا کہ اگر سرائیکی کو علیحدہ حیثیت اور نمائندگی دی گئی تو پھر پوٹھوہاری بھی یہی مطالبہ شروع کر دینگے۔ یہ ایک غیر مساویانہ اور استحصالی ہتھکنڈہ ہے۔ اس منحوس خبر کے آتے ہی دور ملک میں اضطراب پیدا ہو گیا ہے۔

عالیجاہ! اس گھناؤنی سازش پر روشنی ڈالنے سے پیشتر اس کے پس منظر کی وضاحت کو ضروری سمجھتے ہوئے عرض ہے کہ سرائیکی زبان کو ہضم کرنے کی ناپاک سازشیں ایک حریص، استحصالی اور جنونی طبقہ کی طرف سے مدت سے جاری ہیں۔ یہ لادین اور تخریبی لوگ ہر محکمہ اور خصوصاً قومی ذرائع ابلاغ اور پریس میں چھپے بیٹھے ہیں۔ یہی استحصالی طبقہ پہلے بھی ملک کے تمام وسائل پر اکیلے قابض ہو کر ون یونٹ کو ناکام اور قوم کو مشرقی بازو سے محروم کر چکا ہے۔ اب اس کا آخری وار ملک میں اندرونی انتشار برپا کر کے اپنے بیرونی آقاؤں کو در آنے کا موقع فراہم کرنا ہے۔ جبکہ ملک بیرونی خطرات میں گھرا ہوا ہے۔ ایسی مکروہ سازشوں سے قوم میں اضطراب اور خلفشار پیدا کرنا ہی مقصد ہے۔ سرائیکی جیسی اکثریتی قدیم اور چار دلہا صوبوں کو مربوط رکھنے والی زبان کو پنجابی میں ہضم کرنا بھی ایک سنگین حرکت اور اسی مکروہ سازش کی ایک کڑی ہے

- جس کا سدِباب کرنا ملک و ملت کی حقیقی خیر خواہ حکومت کا اولین فرض ہے۔

سرائیکی زبان کی اکثریت، وسعت، اور قدامت کا اندازہ فرمائیے۔ علاقہ راولپنڈی میں پوٹھوہاری، کیمبل پور میں ہندکو، سرگودھا میں جنگلی، ملتان اور مظفر گڑھ میں ملتانی، ڈیرہ جات میں ڈیروالی، بہاولپور میں بہاولپوری، سندھ اور بلوچستان میں سرائیکی کہلاتی تھی۔ لیکن جب اس کو ہضم کرنے کی سازشیں کھل کر سامنے آئیں تو اس کے تحفظ کی خاطر اسے سرائیکی کا متفقہ نام دیا گیا۔

جبکہ ریڈیو سٹیشنز صرف راولپنڈی اور لاہور تھے تو تقریباً تیس برس تک ایسی اکثریتی اور قدیم زبان کو ان سے سازشی طور پر دانستہ محروم رکھا گیا۔ جس پر ملتان، بہاولپور اور ڈیرہ اسمٰعیل خان کے ریڈیو سٹیشنز کا مطالبہ کرنا پڑا۔ چونکہ ملتان پر ایک جانبدار طبقہ بالادست ہے۔ جو ابھی تک دانستہ اس کو کما حقہٗ پھلنے پھولنے نہیں دے رہا۔ اور ایسی ہی سازشیں راولپنڈی اور لاہور ٹی وی سٹیشنوں پر بدستور جاری ہیں جس سے ملک کی نصف آبادی (سرائیکی) محروم، نالاں اور مضطرب ہے۔ غالباً یہی بے چینی اور انتشار پیدا کرنا اس قوم دشمن طبقہ کا اصل مقصد ہے۔ تبھی تو جشن پوٹھوہار منا کر اسے خود ہی ابھارا گیا ہے۔ پوٹھوہاری کو سرائیکی زبان سے جدا قرار دیکر ایک بیہودہ جواز تیار کیا گیا ہے۔ تاکہ اس بہانے سرائیکی زبان کو آسانی سے ہضم کیا جا سکے۔ جو کہ پاکستان کی انفرادیت اور ثقافتی ورثہ کی جان اور اصل پہچان ہے جسکو دشمنانِ پاکستان مٹانا چاہتے ہیں۔

حالات، وقت اور ملک و ملت کے اجتماعی مفاد کا تقاضہ ہے کہ سرائیکی زبان کی انفرادیت کو فوراً بحال کر دیا جائے اور ملتان یا بہاولپور میں ایک ٹی وی سٹیشن بھی قائم کر دیا جائے۔ تاکہ یہ عظیم اکثریت حکومت کی ہمنوا اور مربوط رہے۔

1-12-81

پاکستان پائندہ باد

پاکستانی عوام زندہ باد

دفتر وفاقی محتسب (اومبڈسمین)

اسلام آباد

نمبر شکایت:- رجسٹرار-۱/ ۱۱۵۹۴/ ۸۴

تاریخ ۱۸ نومبر ۱۹۸۴ء

موضوع:- سرائیکی میں پروگراموں کے نشر نہ کرنے کے خلاف شکایت

محترم

مجھے ہدایت کی گئی ہے کہ متذکرہ بالا موضوع پر آپکی شکایت کے حوالے سے آپکو مطلع کروں کہ اس پر وفاقی محتسب نے نہایت توجہ کے ساتھ غور کیا ہے۔ اس سلسلہ میں آپ کو یہ بتانا ضروری معلوم ہوتا ہے کہ صدارتی فرمان نمبر ۱ مجریہ ۱۹۸۳ء موسوم بہ " وفاقی محتسب کے عہدہ کے قیام کے فرمان ۱۹۸۳ء " کے تحت وفاقی محتسب صرف ان شکایات پر کارروائی کرنے کا اختیار رکھتے ہیں جن میں کسی وفاقی وزارت، محکمے، کمیشن کارپوریشن کی یا ایسے ادارے کی جو وفاقی حکومت نے قائم کئے یا وفاقی حکومت کے زیر انتظام میں ہو کسی بدعنوانی کی نشاندہی کی گئی ہو۔ ہمیں امید ہے کہ آپ پر یہ بات واضح ہوگئی ہوگی کہ آپکی شکایت کسی وفاقی محکمہ کی بدعنوانی کی تعریف میں نہیں آتی ہے۔

ہمیں افسوس ہے کہ اس قانونی مجبوری کی بناء پر وفاقی محتسب آپ کی شکایت پر کوئی کارروائی کرنے کے مجاز نہیں ہیں۔

وفاقی محتسب کی بے بسی ملاحظہ ہو

نیازمند

[signature]

(سید مشتاق علی)

رجسٹرار

جناب مرید حسین راز جتوئی

خانپور ضلع رحیم یار خان،

جتوئی سٹریٹ محلہ ٹھٹھاراں

عالیجناب وفاقی محتسب اعلیٰ صاحب — تاریخ ۸ مئی ۹۳ء

"درخواست برائے شکایت محکمہ نشریات"

جناب والا! جس ناانصافی پر آپ کی توجہ مبذول کرائی جا رہی ہے یہ کوئی صوبائی شکایت نہیں بلکہ یہ ایک کُل پاکستان کیس ہے ہم سرائیکی زبان بولنے والے قدیم سے پاکستان میں بستے ہیں اور اس مُلک کی تقریباً ۱/۲ آبادی ہیں ہمیں دانستہ طور پر معاشی سماجی اور ثقافتی طور پر موت کے گھاٹ اتارا جا رہا ہے۔ اس طرح ہم کو پاکستان ہی سے بیزار کیا جا رہا ہے۔ آپ سے انصاف کے طلبگار ہیں آپ متعلقہ وزیر سے کوائف طلب فرما کر مناسب کاروائی فرمائیں:- غور فرمائیے کہ سرگودھا سے رحیم یار خاں ضلع تک

۱- صوبہ پنجاب میں سرائیکی بولنے والے اب بھی ۷۵ فیصد ہیں۔ ۲- صوبہ سندھ میں تقریباً ایک کروڑ لوگوں کی گھریلو زبان سرائیکی ہے ۳- صوبہ سرحد میں ڈیرہ اسماعیل خاں ڈویژن کے علاوہ بھی سرائیکی زبان ہے۔ ۴- بلوچستان میں تقریباً ۵۰ لاکھ افراد سرائیکی ہی بولتے ہیں

عالیجاہ! ہر محکمہ اور خصوصاً محکمہ نشریات میں کلیدی عہدوں پر ایسے متعصب اور جانبدار طبقے کی اجارہ داری اور غلبہ چلا آرہا ہے جو اپنی زبان اور ثقافت کو ریڈیو ٹیلیویژن تھیٹروں فلموں اور ہزاروں کیسٹوں کے ذریعے سب پاکستانیوں پر ٹھونستا جا رہا ہے۔ اس سازش کو شدت سے محسوس کیا گیا اور احتجاج بھی ہوتا ہے جس کی شنوائی کوئی نہیں کرتا۔

ہم تقریباً پانچ کروڑ سرائیکی حکومت پاکستان کو سالانہ اربوں روپیہ کا مالیہ متعدد ٹیکسز ریڈیو ٹی وی کے لائسنس ادا کرتے ہیں اور پنجاب کی نقلی مصنوعات خرید کر اُسے بھی مالدار بناتے ہیں۔ لیکن ہمارے معاشی حقوق کی طرح ہماری شناخت (زبان) کو بزور مٹایا جا رہا ہے۔ ہم آپ سے یہی انصاف چاہتے ہیں کہ ہماری تعداد کے مطابق ریڈیو اور ٹی وی پر وقت بڑھا کر سرائیکی پروگرام کو سارے پاکستان میں سنایا اور دکھایا جائے۔ اس طرح مایوسی ختم ہو کر قومی یکجہتی پیدا ہو گی!

العارض

پانچ کروڑ سرائیکیوں کے حقوق کا

چوکیدار مرید حسین راز جتوئی۔ خانپور کٹورہ

عزیزم خلیفہ محمد اکرم صاحب سلمہٗ

(ایک یادگار خط)

دعوات۔
آپ کا خط 25-7-78 ملا۔ اس میں آپ نے مجھ سے شکوہ کیا ہے کہ میں آپ کی ملاقاتوں اور خطوط سے متاثر ہو کر ہی کراچی سے کوٹ مٹھن منتقل ہوا۔ اور آپ کے فلاحی خیالات لوگوں میں پھیلانے شروع کر دیئے۔

یہاں تو جاہل عوام کے علاوہ اچھے بھلے تعلیم یافتہ افراد بھی جاگیرداروں سے بڑے خائف اور مرعوب ہیں۔ میرے ہمنوا ہونے کی بجائے۔ میری باتیں وڈیروں کو جا سناتے ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ میرے خلاف ایک محاذ بن گیا ہے۔ اور میرے پاس کیس آنے بھی نہیں دیئے جاتے۔ اکثر وکلاء جاگیرداروں کے ٹاؤٹ بنے ہوئے ہیں وہ بھی مجھے کامیاب نہیں دیکھنا چاہتے۔ وغیرہ وغیرہ۔

عزیزم! آپ تو واقعی ایک کٹھن آزمائش میں ہیں۔ مجھے تو یہ تصور ہی نہ تھا کہ ڈیرہ غازی خان میں حالات اتنے گھمبیر ہیں۔ گھبرایئے مت۔ عوام کی خیرخواہی چاہنے والوں کو تو ایسے امتحانات سے گزرنا پڑتا ہے۔

آپ کو میرا مشورہ یہ ہے کہ اب آپ اپنی لائین تبدیل کر لیں۔ وکلاء برادری سے دوستی پیدا کرنے کے لئے انہیں اپنے ہاں کوٹ مٹھن شریف میں دعوت پر بلائیں۔ اور گپ شپ میں انہیں راجن پور کو ضلع بنانے کی مہم پر آمادہ کریں۔ انہیں کہیں کہ اس طرح وکلاء کی آمدنی بڑھے گی اور عوام کو بھی فائدہ ہوگا۔ کیونکہ ضلعی کام کاج کے لئے عوام کو ڈیرہ غازی خان کا سینکڑوں میل کا سفر کرنا پڑتا ہے۔ تھانوں اور عدالتوں کے چکر کاٹنے سے بچنے کی خاطر عوام مجبوراً اپنے قریبی وڈیرے کے پاس فریاد لے جاتے ہیں۔ اور ان سے اپنے فیصلے کراتے ہیں۔

اگر آپ یہ مہم چلائیں تو عوام کے علاوہ ملازم پیشہ افراد بھی آپ کا ساتھ دینگے۔ آپ مقبول ہونگے۔ اور جاگیرداروں سے براہِ راست ٹکراؤ بھی نہ رہے گا۔ جاگیرداروں کی مخالفت کے باوجود راجن پور کو ضلع بنا دیا جائیگا۔ اخباری پراپیگنڈہ کے لئے میں نے آج میاں عبدالغفور قریشی ایڈیٹر "ساحل" کو لکھ دیا ہے امید ہے کہ وہ بھی آپ کا بھرپور ساتھ دینگے۔ جب وہاں تعلیم عام ہوگی تو عوام کا شعور خود بڑھیگا۔ اس طرف بھی توجہ دیں۔ اپنے والد محترم کو میرے نیاز کہیئے

3-7-78 دعاگو مرید حسین خاں راز جتوئی

بخدمت جناب چیئرمین / صدر صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ کہ خدا نے آپ کو اپنی قوم کو اپنے اور ملک و عوام کی خدمت کا موقع عنایت فرمایا ہے ہماری دعا ہے کہ آپ مقامی مسائل، عوام اور علاقائی پسماندگی پر خصوصی توجہ دے کر اپنے کئے وعدوں اور فرائض کو بطریق احسن ادا کر کے خدا اور اپنے بزرگ عوام کے ہاں سرخرو ہوں،

آپ کو معلوم ہو کہ پوری قوم آپ کی کارکردگی اور خلوص کا بغور جائزہ لے رہی ہے۔ غالباً آپ جانتے ہی ہوں گے کہ ۱۔ صوبہ سرحد میں ڈیرہ اسمٰعیل خان ڈویژن ۲۔ صوبہ بلوچستان میں کوئٹہ ڈویژن ۳۔ صوبہ سندھ کی اکثریت کی گھریلو بول چال ۴۔ صوبہ پنجاب میں سرگودھا سے لیکر ضلع رحیم یار خان تک اسّی فیصد عوام یعنی ملک کی نصف آبادی کی قدیم ترین زبان **سرائیکی** ہے لیکن قومی ذرائع ابلاغ (ٹی وی۔ ریڈیو اور پریس) پر تاحال بعض طبقہ کی سرائیکی زبان کو ہضم کرنے کی مسلسل سازشیں قوم میں محرومی اور اضطراب پیدا کر رہی ہیں۔ سرائیکی جیسی رسیلی اور اکثریتی زبان کو دوسری علاقائی زبانوں جیسے حقوق نہ دے کر قومی یکجہتی کو دانستہ نقصان پہنچایا جا رہا ہے جس کا مداوا کرنا وقت کا اہم تقاضہ ہے۔

ہم سرائیکی بزرگ عوام آپ سے یہ جائز توقع رکھتے ہیں کہ آپ ہماری زندگی کا حق ادا کرتے ہوئے ہماری پیاری زبان سرائیکی کا تحفظ کرائیں گے۔ وزارت نشریات پاکستان (اسلام آباد) سے ملتان یا بہاولپور میں کامل ٹیلیویژن اسٹیشن کے قیام کا پُرزور مطالبہ بھی کریں گے۔ اور دوسری علاقائی زبانوں کی طرح سرائیکی میں خبریں نشر کرانے پر بھی زور دیں گے تاکہ یہ اکثریت آپ اور حکومت وقت سے مربوط رہے۔ خدانخواستہ اگر آپ نے سابقہ نمائندوں کی طرح اپنے علاقہ اور عوام کے حصہ رسدی حقوق حاصل کرنے کی بجائے اپنی ذاتی اغراض کو ترجیح دی تو ہم آپکو آئندہ مسترد کرنے پر حق بجانب ہونگے۔

المنتظر آپکے ووٹران

سائیں! ہماری بھی سُنیئے

بخدمت جناب ____

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ،

الحمد للہ! کہ خدا نے آپ اور آپ کی ٹیم کو اپنے دین، ملک اور عوام کی خدمت کا موقع عنایت فرمایا ہے۔ ضرورت ہے کہ آپ مقامی مسائل، عوام اور علاقائی پسماندگی پر خصوصی توجہ دے کر اپنے کئے ہوئے وعدوں اور فرائض کو بطور احسن ادا کر کے خدا اور اپنے برادر عوام کے سامنے سرخرو ہوں۔

آپ کو معلوم ہو کہ پوری قوم آپ کی کارکردگی اور خلوص کا بغور جائزہ لے رہی ہے۔ غالباً آپ جانتے بھی ہوں گے کہ (۱) صوبہ سرحد میں ڈیرہ اسمٰعیل خان ڈویژن (۲) صوبہ بلوچستان میں کوئٹہ ڈویژن (۳) صوبہ سندھ کی اکثریت کی گھریلو بول چال (۴) صوبہ پنجاب میں سرگودھا سے لے کر ضلع رحیم یار خان تک اسی فیصد عوام یعنی ملک کی نصف آبادی کی قدیم ترین زبان سرائیکی ہے لیکن قومی ذرائع ابلاغ (ٹی وی ریڈیو اور پریس) پر قابض طبقہ کی سرائیکی زبان کو ہضم کرنے کی مسلسل سازشیں قوم میں محرومی اور اضطراب پیدا کر رہی ہیں۔ سرائیکی جیسی رسیلی اور اکثریتی زبان کو دوسری طبقاتی زبانوں جیسے حقوق نہ دے کر قومی یکجہتی کو دانستہ نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔ جس کا مداوا کرنا وقت کا اہم تقاضہ ہے۔

(۱) سرائیکی زبان کو تعلیمی نصاب میں شامل کرایا جائے۔

(۲) سرائیکی علاقوں میں نئے اضلاع قائم کر کے سیالکوٹ، جہلم، گوجرانوالہ اور گجرات کی طرح فاصلے کم کرائے جائیں۔

(۳) نشتر گھاٹ کی تعمیر کو پنجسالہ منصوبہ میں شامل کرایا جائے۔ جس سے نہ صرف علاقے کے لوگوں کو فائدہ ہوگا۔ بلکہ بلوچستان شمالی پنجاب اور سندھ سے براہ راست مل جائے گا جو کہ دفاعی لحاظ سے بھی نہایت اہم امر ہے۔ اور روحانی پیشوا حضرت خواجہ غلام فریدؒ جن کی ہزاروں ایکڑ اراضی حکومت کے محکمہ اوقاف کے زیر تصرف ہے کی روح پاک بھی اس امر کی متقاضی ہے کہ ان کے مریدوں، عقیدتمندوں اور زائرین کیلئے نشتر گھاٹ تعمیر کر کے آمد و رفت کی سہولتیں پیدا کی جائیں۔

(۴) حکومت کا بہاولپور میں ہوائی اڈہ تعمیر کرنے کا منصوبہ تھا۔ نہ جانے کن وجوہ کی بنا پر اسے سرد خانے میں ڈال دیا گیا ہے۔

ہمارا مطالبہ ہے کہ بہاولپور میں ہوائی اڈہ تعمیر کر کے علاقے کے لوگوں اور سیاحوں کے لئے آمد و رفت کی سہولتیں پیدا کی جائیں اور یہاں کے پسماندہ علاقوں کو ترقی دے کر دوسرے علاقوں کے برابر لایا جائے اور بھاری صنعتیں قائم کر کے غربت اور بیروزگاری کا خاتمہ کیا جائے۔

(۶) کلیدی عہدوں کے لئے سرائیکی لوگوں کو کوٹہ کا حق دلایا جائے، اور سرائیکی علاقوں میں وہاں کے آفیسران مقرر کئے جائیں۔ جو ان کے مسائل اور مزاج کو سمجھتے ہوں۔

ہم آپ کے برادر عوام آپ سے بجا طور پر توقع رکھتے ہیں کہ آپ ہماری نمائندگی کا حق ادا کرتے ہوئے ہماری پیاری زبان سرائیکی کا تحفظ کرائیں گے۔ وزارت نشریات پاکستان (اسلام آباد) سے ملتان یا بہاولپور میں ایک نئے ٹیلی ویژن اسٹیشن کے قیام کا پرزور مطالبہ بھی کریں گے اور دوسری طبقاتی زبانوں کی طرح سرائیکی میں خبریں نشر کرانے پر زور دیں گے تاکہ اکثریت آپ اور حکومت وقت سے مربوط رہے۔ خدانخواستہ اگر آپ نے سابقہ نمائندوں کی طرح اپنے علاقہ اور عوام کے حقوق حاصل کرنے کی بجائے اپنے ذاتی اغراض کو ترجیح دی تو ہم آپ کو آئندہ مسترد کر دیں گے۔

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو خیال جس کو آپ اپنی حالت کے بدلنے کا۔

المنتظر

آپ کے ووٹران

از خانپور
14-12-73

مکرم و معظم صحافی حضرات!

سلام و نیاز ۔ عرض ہے کہ آپ صاحبان مملکت خداداد پاکستان کی عموماً اور اپنے اپنے علاقے کی خصوصی آنکھ اور زبان ہیں جو اپنے ہمسفروں کی تکالیف اور طلب حقوق کی جائز خواہش کی ترجمانی کرنے کی ایک آخری کرن ہیں۔ یہ مقدس فریضہ آپ ہی کو ادا کرنا ہے ۔ میں ایک تعلیمی دوست کے استفسار کا "جواب" جو کچھ مجھ سے بن پڑا ہے آپ کی پیش کر رہا ہوں ۔ آپ کی رائے کا شدت سے منتظر ہونگا ۔ کہ بندہ کس حد تک اپنے ایک دوست کو مطمئن کر سکا ہے۔ آپ حضرات کی تنقید یا تنقیص کا خندہ پیشانی سے استقبال کیا جائے گا ۔ لہذا آپ بے دھڑک لکھیئے ۔ شکریہ!

سوال ۔ آپ استحصال سے کیا مراد لیتے ہیں؟

جواب :۔ کسی کے جائز حقوق پر ڈاکہ ڈالنا ہی سمجھتا ہوں ۔ غالباً یہی مطلب عموماً لیا جاتا ہے ۔ چنانچہ طبقہ واریت کسی بھی ملک کی سب سے بڑی لعنت ہے ۔ شومئی قسمت کہ ہمارے ملک میں یہ خباثت شروع ہی سے وجود پا چکی ہے ۔ روز اول ہی سے یہاں ایک طبقہ ایسا ابھرا جو اپنے ہم جنسوں اور ہم زبان کے ایک گروہ کے لیے ملک کے تمام وسائل حکومتی کلیدی عہدے، تجارت، صنعت اراضی، علم و ہنر کے فیوض کو مخصوص کرتا چلا گیا ۔ اور اکثریت کو روندتا ہوا بالادست ہو گیا ۔ اپنی کرتوت سے اس نے اس قدر مالی مفاد اور غلبہ حاصل کیا کہ ہر حکومت پر اثر انداز رہا اپنی حکمت عملی سے اقتدار اعلیٰ کی موریتوں سے اس نے اپنی من مانی کروائی ۔ خواہ گورمانی، جکھڑ ۔ نواب زادے، قریشی، مخدوم، اعوان، لغاری، مزاری جتوئی کھر وغیرہ وغیرہ بظاہر کیوں نہ رہے ۔ کیونکہ ان خود غرضوں کو اپنے علاقوں اور عوام کے حصہ کے حقوق سے اپنی کرسی زیادہ عزیز رہی، وہ اس سازشی طبقہ کا آلہ کار بنتا رہا ۔ پچیس برس ہو گئے اس استحصال کو ۔ یہ ناانصافیاں اسلام اور قومی ایکتا کے نام پر کی جا رہی ہیں ۔ ترقی یافتہ طبقے کو پسماندوں پر مسلط کر کے ان محروموں کو اور دبایا جا رہا ہے ۔ ان کو ترقی کے نئے مواقع سے یکسر محروم کیا گیا ۔ اس ناانصافی کو اس اکثریت اور درد مندوں نے بڑی شدت سے محسوس کیا ۔ اسی لئے ون یونٹ کے خلاف عوام نے بھرپور احتجاج کر کے ناکام کیا ۔ لیکن اس ناکامی کے باوجود دشمنانِ ملک و قوم بغیر اعلان کئے اپنی آبادی کو سارے پاکستان میں پھیلانے آج بھی مصروف ہیں ۔ اس استحصال کو اسلامی حق کہا جا رہا ہے ۔ اہل قلم خاموش ہیں ۔ اس لئے میں ان تمام ناانصافیوں کا ذمہ دار اہل دانش و قلم کو ٹھہراتا ہوں ۔ کیونکہ یہ مصلحت کیشی اور عافیت پسندی کا شکار ہیں ۔ یہ منافقت ہی تو ہے ۔ کہ اکثریت تباہ ہوتی رہی اور قلم کو زنگ لگ گیا ۔ ماضی گواہ ہے کہ اہل قلم کی خاموشی نے ملک کو نیم جان کرایا ہے کہ ظالم اور حریص کی نشاندہی کرنے میں کوتاہی کی گئی ۔ محرومی اور مایوسی پیدا کرنے والوں کو ظاہر نہ کیا گیا ۔ حالانکہ اہل علم و دانش کا یہ اصل فریضہ ہے ۔ کہ وہ مقہور اور مظلوم کی جائز طرفداری سے دریغ نہ کریں ۔ گریز کیا گیا ۔ یہی اصل خیر خواہی ہے ۔ جو اس سے غفلت کرتا ہے وہ بھی مجرم ہے ۔ کہ وہ ایسے ہلاکت خیز منصوبوں کو ظاہر کریں ۔ تم بھی ملک اور قوم کے چارہ گرو! آگے بڑھو اب بھی مداوا کیا جا سکتا ہے ۔ ورنہ یاد رکھو کہ تم بھی فلسطین کے قدیم باسیوں کی طرح دریا برد علاقوں کی طرف دھکیل دیئے جاؤ گے ۔ آپ کی اکثریت کو مالی طور پر کنگال کیا جا رہا ہے تاکہ وہ اپنی اراضی کو بیچنے پر مجبور ہو جائے ۔ آپ حضرات ان گھناؤنی سازشوں کو کیوں محسوس نہیں کرتے؟ خدارا! فرمائیے اس کار خیر میں میرا اور آپ کا کیا کردار ہے؟ کچھ تو لکھیئے! فقط قوم کو کونسا کہاں کا انصاف ہے؟

یہ گستاخی مراسلہ "صلائے عام ہے یارانِ نکتہ داں کیلئے"۔

14-12-73

ایڈیٹرز :۔ "ساحل" راجن پور ۔ "ضرب" ڈیرہ غازیخان ۔ اختر اور بلال ڈیرہ غازیخان "بشارت" مظفر گڑھ نوائے ملتان ۔ مکاشفات اور دستور بہاولپور کو بھیجا گیا۔

جواب کا منتظر
راز جتوئی خانپور
ضلع رحیمیار خاں

(القرآن)

خدا نے آج تک اس قوم کی حالت نہیں بدلی
نہ ہو خیال جس کو آپ اپنی حالت بدلنے کا

قابل غور!

ہم اور ہمارا علاقہ ابھی تک پسماندہ کیوں ہیں؟

اس لئے کہ ماضی میں ہم نے ایسے لوگوں کو اپنے قیمتی ووٹ دیئے جو اکثر بہت ہی خود غرض اور بکاؤ مال ثابت ہوئے ہمارا گذشتہ تلخ تجربہ یہ ہے کہ انہوں نے ہمیشہ قانون شکن یا جرائم پیشہ افراد کی پشت پناہی کی۔ عوام کو آپس میں ٹکرا کر اپنا سرنگوں کرتے رہے۔ عوام اور علاقے کے حصہ رسدی حقوق ترقی حاصل کرنے کی بجائے صرف خود لائسنس یا پرمٹ سستے داموں اراضی یا دکانیں وغیرہ حاصل کر کے اپنی جائیداد بناتے رہے۔ اور اپنے قریبی رشتہ داروں کو ہی ملازمت دلاتے رہے۔ حریص اور لالچی ہونے کی وجہ سے ہر چڑھتے سورج کے پجاری ہونے کے علاوہ ہاتھی کی طرح ان کے کھانے کے دانت اور، اور دکھانے کے کچھ اور ہی رہے۔

کیونکہ اب آپ ماشاء اللہ کافی تجربہ کار ہو چکے ہیں اس لئے اب آپ ان کو پہچان چکے ہوں گے۔

خبردار! اب پھر وہی آزمائے ہوئے مخصوص خاندان ہماری نمائندگی کیلئے میدان عمل میں ہیں۔

کیا آپ اب پھر انہی مخصوص خود غرض خاندانوں کو خود پر مسلط کرنا پسند فرمائیں گے؟ جو عوام اور علاقے کی ترقی میں سنگ راہ بنے رہے ہیں۔ اگر آپ نے اس دفعہ بھی قوم کے امانتی ووٹ ایسے ہی اقتدار و اختیارات کے ٹھیکیداروں کو دیئے تو آپ نہ صرف خدا، رسول۔ ملک و ملت بلکہ اپنی اولاد کے بھی مجرم ہوں گے۔ جس کیلئے بعد میں پچھتانا بے سود ہوگا۔

"خدارا آزمائے ہوئے مخصوص خود غرض خاندانوں کو دوبارہ نہ آزمایئے"

بلکہ ان کی بجائے کسی جرأت مند۔ خدا خوف۔ دیانت دار۔ ایثار پیشہ اور مخلص شخص کو ہی خدمت کا موقع دیجئے۔

آپ جرأت فرمایئے اور خود کو کسی کا محتاج نہ سمجھئے۔ وقتی خوشامد میں نہ آیئے۔
آپ کی ہمت ہی سے سب کا بھلا ہوگا۔ انشاءاللہ 10-3-74

[راز جتوئی۔ خان پور]

نقصانی ٹولہ

پچھے یا کڑچھے

عوام کا قریبی یہ گروہ چند بکاؤ علماء، پیروں، مقرروں، اہل قلم اور جرائم پیشہ افراد پر مشتمل ہے جو ہر مالدار سیاست کار کی دلالی کرتا ہے۔ یہ عوام دشمن ذاتی لالچ کے عوض بھولے عوام کو خود غرض سیاست کاروں کو ووٹ دینے پر ورغلا لیا کرتے ہیں۔ اسی خطرناک ٹولے کی سازش ہی سے آج تک انگریزوں کی وفادار اقلیت ملکی سیاست پر قابض چلی آتی ہے۔ یہ حریص اور خود پرست طبقہ عوام کے مسائل میں کبھی مخلص نہیں رہا۔ خصوصاً دیہی عوام کو یہ شعور دیا جائے کہ وہ اس نقصانی ٹولے کا شکار نہ ہوا کریں۔

راز جتوئی

تاریخ وار

نوازش نامے میرے نام

(۱) ۳۰ ستمبر ۸۸ء کو عاصی شیروی صاحب نے لکھا کہ یہاں شیرو جدید ضلع ڈیرہ غازیخان میں مجھے آپ کے پمفلٹ اکثر ملتے رہے اور میں لوگوں کو پڑھواتا رہا ہوں آپکی بیدار کن دردمندانہ تحریروں سے خاص کر نوجوان خوب متاثر ہوئے ہیں۔ جزاک اللہ۔

(۲) علامہ منظور احمد رحمتی صاحب ایڈیٹر "المدینہ" بہاولپور نے مجھ سے شکوہ کیا ہے کہ تحریک کے دوران آپ تو بحالی صوبہ بہاولپور میں ہمارے ساتھی تھے آپ بھی پاپڑ والوں کی گود میں جا بیٹھے اور سرائیکستان کی راہ ہموار کر رہے ہیں بہرحال آپکا جذبہ صادق اور آپکی جدوجہد لائق تحسین ہے

(۳) ڈاکٹر عبدالرؤف خان صاحب لودھی نے بھی ایڈیٹر "المدینہ" کی طرح اپنا جمہوری حق اختلاف استعمال کیا۔ بڑی خوشی ہوئی کہ انہوں نے منافقت اختیار نہیں کی۔ "شکریہ"

(۴) سید ندیم شاہ صاحب کشمیری نے میری نظم قاری نورالحق صاحب ایڈوکیٹ ملتان سے حاصل کر کے مجھے لکھا کہ اگرچہ آپ سے شناسائی نہیں آپکی نظم "اساں باغی ہوں" سے کافی متاثر ہوا ہوں میرا خاندان کشمیری ہے لیکن یہاں رہتے ہوئے میں سرائیکی کہلانے پر فخر کرتا ہوں میں بھی ایک باغی ہوں

(آپ احباب کی قدردانی کے بھار نے ہماری گردنوں کو جھکا دیا ہے)

(راز جتوئی)

تاثرات

سرائیکی بولنے والوں کا دعویٰ ہے کہ اُن کی زبان پاکستان کی سب سے بڑی زبان ہے جس کو چار کروڑ سے زیادہ افراد بولتے ہیں اور جو پاکستان کے چاروں صوبوں میں پھیلی ہوئی ہے۔ اس لحاظ سے وہ سرائیکی کو پاکستان کی فطری رابطہ زبان بھی قرار دیتے ہیں لیکن سرائیکی زبان ہے کیا؟ اس سوال کا کوئی واضح جواب تلاش کرنا فی الحال دشوار ہے۔ لسانی حوالے سے دیکھا جائے تو جنوبی پنجاب میں بہت سی بولیاں بولی جاتی ہیں جن کو بہاولپوری، ریاستی، تھلی، لہندی، اُچی، ملتانی، مظفر گڑھی، ڈیرہ وال، ہندکو اور کئی دوسرے نام دیئے جاتے رہے ہیں بلکہ یوں کہئے کہ اب بھی دیئے جاتے ہیں۔ سرائیکی زبان کیا ان بولیوں کا مجموعہ ہے؟ اس قسم کے کسی مجموعہ کا تصور ہی فضول سا ہے۔ زبان بولیوں کا مجموعہ نہیں ہوتی، ہوتا یہ ہے کہ کسی خطے کی کوئی ایک بولی سیاسی، معاشی یا ثقافتی اعتبار سے جب کسی مرکزی علاقے میں استعمال ہونے لگتی ہے تو فطری طور پر وہ دوسری منسلکہ بولیوں سے زیادہ ترقی کر جاتی ہے۔ یوں اسے معیاری زبان کا درجہ مل جاتا ہے۔ آج کل جسے سرائیکی زبان کے طور پر پیش کیا جاتا ہے وہ اصل میں ملتان اور گرد ونواح کی بولی ہے جو اس خطے کی دوسری بولیوں سے قدرے آگے نکل گئی ہے اور یوں اُس نے دوسری بولیوں کو دبا کر خود کو مسلط کر دیا ہے اور اب اس کا مقابلہ اپر پنجاب کی مختلف بولیوں میں سے قدرے ترقی یافتہ معیاری یا لاہوری پنجابی کے ساتھ ہے۔

یہ مقابلہ فی الحال ثقافتی سطح پر جاری ہے البتہ وقت کے ساتھ ساتھ وہ سیاسی اور معاشی انداز بھی اختیار کر سکتا ہے۔ پنجابی کے حامی تو خیر سرائیکی کو اپنی زبان کے مختلف لہجوں میں سے ایک لہجہ قرار دے کر مطمئن ہو جایا کرتے ہیں لیکن سرائیکی کا کیس لڑنے والے صرف یہ نہیں کہتے کہ ان کی زبان پنجابی سے مختلف ہے وہ آگے قدم اٹھا کر یہ دعویٰ بھی کرتے ہیں کہ ان کی زبان پنجابی سے کہیں زیادہ قدیم ہے۔ مثال کے طور پر سرائیکی گریجویٹس ایسوسی ایشن کا نقطہ نظر یہ ہے کہ سرائیکی برصغیر ہند کی قدیم ترین زبان ہے جس کی کوکھ سے دوسری زبانوں کے علاوہ پنجابی اور اردو نے بھی جنم لیا ہے۔

سرائیکی کاز کی سب سے مدلل اور پرزور وکالت میرے دوست پروفیسر عزیز الدین احمد نے کی ہے۔ اب معاملہ یہ ہے کہ سرائیکی گروہوں کی طرف سے جتنا لٹریچر شائع ہو رہا ہے اُس پر ان پروفیسر کی چھاپ بہت گہری ہے اور واضح بھی۔ (شاید اس کا سبب سرائیکی ذہن کا بانجھ پن یا کاہلی نہیں بلکہ غیر سنجیدہ رویے ہیں) بہرطور سرائیکی زبان کے بارے میں پروفیسر عزیز الدین احمد کا کہنا ہے کہ سرائیکی زبان پاکستان میں بولی جانے والی دیگر زبانوں سے علیحدہ زبان ہے "اس کے ذخیرۂ الفاظ کا ایک حصہ وسطی پنجاب میں استعمال نہیں ہوتا۔ اس زبان کی بعض آوازیں پنجابی میں موجود نہیں مصادر سے افعل بنانے کا طریقہ بھی پنجابی سے مختلف ہے۔ پنجابی زبان کے مقبول شاعر سرائیکی علاقے میں نہیں پہچانے جاتے۔ اسی طرح سے سرائیکی کے عظیم شاعروں سے پنجابی عوام ناآشنا ہیں۔"

آپ محسوس کر سکتے ہیں کہ اس بیان میں تھوڑی بہت مبالغہ آرائی موجود ہے تاہم پنجابی سے مغربی علاقے کی بولیوں کے مختلف ہونے کا اشارہ انیسویں صدی کے لسانی ماہرین اور انگریز حکام نے بھی دیا تھا۔ اس ضمن میں سب سے بڑا نام تو جارج گریرسن کا ہے۔ لسانی علوم کے اس ممتاز ماہر نے سرائیکی کی اصطلاح اگرچہ استعمال نہیں کی (اور اُس زمانے میں یہ نام موجود ہی نہ تھا) تاہم پنجاب کے مشرقی اور مغربی حصوں میں بولی جانے والی پنجابی میں فرق ضرور کیا تھا اس نے مغربی پنجاب کی زبان کیلئے "لہندا" کی اصطلاح استعمال کی تھی موجودہ حوالے سے زیادہ اہم بات یہ ہے کہ گریرسن نے یہ رائے ظاہر کی تھی کہ پنجابی زبان کے ساتھ لہندا کا تعلق بہت معمولی ہے اور وہ ایک مختلف بولی ہے۔ ایسا ہی ایک اور اشارہ 1862ء میں مظفر گڑھ کے ڈپٹی کمشنر نے اپنے ایک سرکاری مراسلے میں دیا تھا۔ اس نے لکھا تھا کہ ضلع مظفر گڑھ کی زبان پنجابی کی ایک بولی ہے جسے عام طور پر تھلی کہا جاتا ہے اور وہ لاہوری پنجابی سے کافی مختلف ہے۔

بعض دوسرے غیر ملکی سکالرز نے بھی سرائیکی کے پنجابی سے مختلف ہونے کا چرچا کیا ہے ان میں لندن یونیورسٹی کے مشرقی مطالعات کے سکول کے استاد ڈاکٹر کرسٹوفر شیکل سب سے اہم ہیں جنہوں نے سرائیکی زبان پر بہت سا تحقیقی کام کیا ہے اور سرائیکی تحریک کو بھی موضوعِ بحث بنایا ہے۔ ان کے علاوہ ماسکو کے غیر ملکی زبانوں کے ادارے سے تعلق رکھنے والے یو اے سمرنوف بھی قابل ذکر ہیں۔ "لہندی زبان" کے

عنوان سے ان کی ایک اہم کتاب شائع ہو چکی ہے۔ ان صاحبان کا کام بنیادی طور پر تحقیقی اور سائنسی نوعیت کا ہے۔ اُن کے کام نے سرائیکی تحریک کے دانش وروں کو تخلیقی تحریک مہیا کی ہے جس کے حوالے سے ان دانشوروں نے زبان کی بنیاد پر اپنے جداگانہ قومیتی تشخص کی صورت گری کی ہے۔ بنیادی طور پر ان کا دعویٰ یہ ہے کہ پنجاب کی موجودہ سرحدیں لسانی ثقافتی اور تاریخی حقائق پر مبنی نہیں ہیں اس صوبے میں دو بڑی قومیتیں آباد ہیں،

..ین سے ایک پنجابی ہے اور دوسری سرائیکی۔ سرائیکی تحریک سے تعلق رکھنے والے سب تو نہیں، البتہ اکثر دانشور صوبے کی سرحدوں کو "لسانی، ثقافتی اور تاریخی حقائق سے ہم آہنگ کرنے" کی اساس پر سرائیکی صوبے کے قیام کا مطالبہ کرتے ہیں۔ موجودہ وحدت کو وہ پنجاب کی بالادستی سے تعبیر کرتے ہیں اور اپنے آپ کو تختِ لہور کے قیدی ٹھہراتے ہیں۔

ان قیدیوں نے چونکہ اپنے مطالبے کی اساس زیادہ تر لسانی تشخص پر رکھی ہے اس لئے ضروری ہو جاتا ہے کہ سرائیکی زبان کے بارے میں خود اُن کے اپنے نقطۂ نظر کو بھی پیش نظر رکھا جائے۔ بہت سے سرائیکی دانشوروں نے اپنی زبان کے بارے میں لکھا ہے یا مختلف مواقع پر اپنے نقطۂ نظر کی وضاحت کی ہے ان میں ڈاکٹر مہر عبدالحق، پروفیسر دلشاد کلانچوی، جانباز جتوئی، ظفر لاشاری، اسلم رسول پوری، جاوید ملک، جمشید بخاری، خان رضوانی، سعید خاور، سلمیٰ قریشی، شاد گیلانی، شیما سیال، عطاء محمد پنہوار، م۔ ی۔ قیصرانی، واحد بخش واحد، سجاد رحمانی اور حاجی علی اکبر شاہانی نمایاں ہیں لیکن میں نے ان کے نقطۂ نظر کی وضاحت کیلئے سجاد حیدر پرویز کو چنا ہے جو کئی کتابوں کے مصنف اور مجلس سرائیکی مصنفین پاکستان کے سیکرٹری جنرل ہیں۔

پرویز کا کہنا ہے کہ پنجاب کے لوگ سرائیکی کو علیحدہ زبان تسلیم نہیں کرتے بلکہ اسے پنجابی کا ایک لہجہ قرار دیتے ہیں جبکہ درحقیقت یہ پاکستان کی سب سے بڑی زبان ہے۔ اردو کو قومی زبان کا درجہ حاصل ہے لیکن اُس کے بولنے والوں کی تعداد بہت کم ہے۔ سرائیکی بولنے والے سرحد، بلوچستان، سندھ اور پنجاب چاروں صوبوں میں آباد ہیں اور یہ زبان ان چاروں صوبوں میں پھیلی ہوئی ہے لہٰذا اس زبان کو ترقی دینے سے خود ملک کو استحکام حاصل ہو گا۔ سرائیکی ادب کسی دوسری زبان کے ادب سے کم نہیں۔ یہ زبان ملکی اتحاد کا مؤثر ذریعہ ہے۔ ہم ساری زبانوں کو سرائیکی کا معاون اور امدادی خیال کرتے ہیں۔

سرائیکی زبان بچل سرمست، بابا فرید گنج شکرؒ اور خواجہ غلام فریدؒ کی زبان ہے۔ اسے کوئی نہیں مٹا سکتا۔

سرائیکی ادبی تاریخ کا جائزہ لیتے ہوئے سجاد حیدر پرویز لکھتے ہیں کہ قیام پاکستان سے پہلے صرف ملتان میں سرائیکی ڈرامے سٹیج کرنے والے تیرہ کلب تھے ان کلبوں میں مشہور ڈرامے گُندا دوست، سخی بادشاہ، پورن بھگت، سسّی پنوں، سوہنی مہینوال، ہیر رانجھا اور مرزا صاحباں وغیرہ سٹیج کئے جاتے تھے لیکن اب حال یہ ہے کہ لوگ اپنی مادری زبان کے بارے میں احساس کمتری کا شکار نظر آتے ہیں۔ اسی طرح بعض لوگ سرائیکی کو صوبائی تعصب کا نام دیتے ہیں لیکن وہ غلطی پر ہیں کیونکہ یہ واحد زبان ہے جو کسی ایک صوبے تک محدود نہیں بلکہ ملک کے چاروں صوبوں میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔

سرائیکی زبان کا مرکزی مقام ملتان ہے جو ہندو پاکستان کا قدیم شہر ہے اس علاقے کے اولین باشندوں اور ان کی زبان کا یقینی اور حتمی پتہ لگانا مشکل ہے۔ البتہ ارتقائے انسانی کے اصولوں اور ضابطوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے یہ ماننا پڑتا ہے کہ اس علاقے کی قدیم اقوام میں سے نتھال، گونڈ، بھیلی اور دراوڑ خاصی قوت کے مالک تھے ان کے دورِ اقتدار میں آسودیوں کا ذکر بھی ملتا ہے۔ قدیم ہندی زبان میں "اسور" عقل کو کہتے ہیں۔ یہ سارے لوگ ایک ہی طرح سورج دیوتا کی پرستش کرتے تھے جس کا ملتان میں ایک بہت بڑا مندر تھا دور دور تک اس مندر کی دھوم تھی اور لوگ یاترا کیلئے وہاں آیا کرتے تھے۔ آج سے تین ہزار سال پہلے اسور قوم اس علاقے پر حکومت کرتی تھی۔ تاریخ کے مختلف ادوار میں اس علاقے کی زبان مختلف ناموں سے موسوم ہوتی رہی کبھی وہ "اسوری" کہلوائی اور کبھی "سراوا کی"۔ بعض محققین کا خیال ہے کہ اسوریوں کا مرکزی مقام "سراواہی" تھا جو اب ضلع رحیم یار خان میں واقع ہے۔ مولانا عزیز الرحمان کی تحقیق یہ ہے کہ سراوا کی یا سرائیکی زبان اس لفظ کی نسبت سے موسوم ہوئی۔

سجاد حیدر پرویز مزید لکھتے ہیں کہ حضرت امیر خسرو پانچ برس تک ملتان میں مقیم رہے۔ انہوں نے اس علاقے کی زبان میں عربی اور فارسی کے ملاپ سے اردو زبان کو جنم دیا۔ حضرت خواجہ ابراہیم جودھنی بھی اس زبان میں اشلوک لکھتے تھے، جن کو سکھوں نے اپنی مقدس کتاب گرنتھ صاحب میں شامل کر لیا۔

اکبر اعظم کے زمانے میں ملتان کی حیثیت ایک الگ صوبے کی تھی اور اس صوبے میں بولی جانے والی زبان کو ملتانی کہا جاتا تھا۔ ملتان سے سندھ تک کا علاقہ سرائیکی کہلاتا تھا، چنانچہ "اشراالامرم" کے مصنف نے کلھوڑوں کا ذکر کرتے ہوئے لکھا تھا کہ سکھر سے ملتان تک کا علاقہ سرائیکی علاقہ کے نام سے مشہور ہے۔ کلھوڑے اسی علاقے کے رہنے والے تھے۔ سندھ میں وہ سرائیکی کے نام سے مشہور ہوئے اور ان کی زبان کا نام سرائیکی پڑ گیا۔

مجھے احساس ہے کہ اس بیان میں کئی باتیں تاریخی واقعیت کے معیار پر پوری نہیں اترتیں۔ تاہم سجاد حیدر پرویز کے اس بیان کو یہاں درج کرنے کا مقصد تاریخی تنقید نہیں بلکہ اپنی زبان کے بارے میں سرائیکی دانشوروں کے نقطۂ نظر کی وضاحت کرنا ہے۔ ان کا بنیادی نکتہ یہ ہے کہ ان کی زبان پنجابی (یا لاہوری) زبان سے مختلف ہے۔

سرائیکی صوبہ اور پس ماندگی کی منطق

اعداد و شمار میں مبالغہ آرائی کا عنصر کم و بیش ہمیشہ ہی شامل رہتا ہے۔ خاص طور پر پاکستان میں اعداد و شمار کبھی بھی قابلِ اعتماد حد تک درست نہیں ہوتے۔ وجہ یہ ہے کہ ہمارے، جیسے پسماندہ ملکوں میں اعداد و شمار کی فراہمی میں فنی اور نفسیاتی دونوں قسم کی رکاوٹیں کچھ زیادہ ہی حائل ہوتی ہیں۔ بہرطور بعض حقائق بالکل واضح ہوتے ہیں۔ انہیں آسانی سے محسوس کیا جا سکتا ہے، جب کہ انہیں نظرانداز کرنا یا جھٹلانا بہت دشوار ہوتا ہے۔ پنجاب کے دوسرے حصوں کے مقابلے میں سرائیکی علاقے کی پسماندگی سے متعلق ایسی ہی ایک حقیقت یہ ہے کہ اس علاقے میں شہر کاری (URBANIZATION) کا عمل نسبتاً زیادہ سست رہا ہے۔ یہ بجا ہے کہ شہروں کے پھیلاؤ میں اضافہ حقیقی ترقی کی نشاندھی نہیں کرتا۔ آبادی کے بے پناہ دباؤ اور ماحولیاتی مسائل کے حوالے سے دیکھا جائے تو روز افزوں پھیلتے ہوئے شہروں کو ترقی کے بجائے پسماندگی اور افلاس کی علامت تسلیم کرنا پڑے گا۔ تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ ترقی کے جو معیار اس وقت رائج ہیں اُن کے حوالے سے دیکھا جائے تو شہری آبادی میں اضافہ ترقی کی نشاندھی کرنے والا ایک اہم فیکٹر ہے۔

اب اگر اس پس منظر میں سرائیکی علاقے پر نگاہ ڈالی جائے تو لگتا یوں ہے کہ جیسے وہ بہت پیچھے رہ گیا ہو۔ اس امر کی وضاحت کے لئے آیئے ہم اپر پنجاب اور سرائیکی علاقے کے چند شہروں کی آبادی میں اضافے کا جائزہ لیں۔ رواں صدی کے آغاز یعنی 1901ء میں ہونے والی مردم شماری کے مطابق اس زمانے میں فیصل آباد کی آبادی ساڑھے تیرہ ہزار تھی جو 1981ء کی مردم شماری کے وقت بڑھ کر گیارہ لاکھ ہو گئی۔ اس کے مقابلے میں 1908ء میں ملتان کی آبادی 88 ہزار تھی جو 1981ء میں سات لاکھ تک پہنچ سکی۔ گوجرانوالہ کی آبادی 1901ء میں دس ہزار سے کم تھی جو 1981ء میں چھ لاکھ سے بڑھ گئی۔ اس کے مقابلے میں 1901ء میں بہاولپور کی آبادی چالیس ہزار تھی جو 1981ء میں ایک لاکھ اسی ہزار تک پہنچ سکی۔ 1901ء میں شیخوپورہ کی آبادی دو ہزار اور ساہیوال کی آبادی ساڑھے چھ ہزار تھی جو 1981ء میں بالترتیب ڈیڑھ لاکھ اور ایک لاکھ ؟ کا دن ہزار ہو گئی۔ اس کے مقابلے میں 1901ء میں ڈیرہ غازی خان کی آبادی بیس ہزار سے زیادہ تھی جو 1981ء میں ڈیڑھ لاکھ کے ہدف تک بھی نہ پہنچ سکی۔

شہری آبادی میں اضافے کی یہ کم شرح، ترقی کے رائج الوقت معیاروں کی رُو سے یہ ثابت کرنے کے لئے کافی ہے کہ سرائیکی علاقہ تعلیم، صحت، روزگار، صنعت کاری اور تجارت کے معاملے میں پنجاب کے دوسرے حصوں سے پیچھے رہ گیا ہے۔ بہت سی بنیادی ضرورتوں کے معاملے میں بھی اس علاقے کے عوام کو بہت سی شکایتیں ہیں اور وہ درست بھی ہیں۔ پینے کے لئے صاف پانی کی فراہمی کو ہی لیجئے۔ یوں تو تمام پسماندہ ملکوں کی طرح یہ مسئلہ پورے پاکستان کو درپیش ہے لیکن سرائیکی علاقے میں اس کی شدت بلاشبہ ملک کے اکثر حصوں کے مقابلے میں زیادہ ہے۔ سرائیکی تنظیموں اور دانشوروں نے پینے کے لئے صاف پانی کی عدم دستیابی کا چرچا بھی بہت کیا ہے۔ چنانچہ

سرائیکی کاز کے ایک ہمدرد کا کہنا ہے کہ صاف پانی کی فراہمی سرائیکی علاقے کے عوام کے بنیادی مسائل میں سے ایک ہے۔ وہ ہمیں بتاتا ہے کہ ڈیرہ غازی خان کے پہاڑی علاقے میں اور تونسہ کے گردونواح میں لوگ روزمرہ کے استعمال کا پانی ان جوہڑوں سے حاصل کرتے ہیں، جہاں اونٹ اور کتے بھی پانی پیتے ہیں۔ اس کے نتیجے میں "ناروا" (GUINEA WORM) کا مرض پیدا ہوتا ہے۔ گندے پانی کے استعمال کے نتیجے میں ٹانگ کے پٹھے میں ایک کیڑا پیدا ہو جاتا ہے۔ جو آدمی کو چلنے پھرنے سے معذور بنا دیتا ہے۔ موسم گرما میں ایک گاؤں سے دوسرے گاؤں جاتے ہوئے مسافر پانی کی قلت اور گرمی کی شدت سے مر بھی جاتے ہیں۔ راجن پور ضلع میں بعض جگہوں پر 20 کلومیٹر کے فاصلے سے پینے کا پانی لانا پڑتا ہے۔ صورت حال یہ ہے کہ لاہور، راولپنڈی اور اسلام آباد کے اضلاع میں علی الترتیب 65 فیصد، 45 فیصد لور 30 فیصد آبادی کو نلکے کے پانی کی سہولت حاصل ہے۔ جب کہ ڈیرہ غازی خان میں صرف چھ فیصد، ملتان لور رحیم یار خان میں 9 فیصد، میانوالی میں دس فیصد، بہاولپور میں گیارہ فیصد اور بہاولنگر میں پندرہ فیصد آبادی کو نلکے کا پانی میسر ہے۔ سرائیکی علاقے میں پانی کو بہتر طریقے سے صاف کر کے عوام کو مہیا کرنا ممکن ہے۔ لیکن یہ کام سرمایہ طلب ہے لور انفرادی طور پر ممکن نہیں۔ حکومت یہ کام کر سکتی ہے مگر وہ اس معاملے پر مناسب توجہ دینے اور وسائل مہیا کرنے پر تیار نہیں۔

معاشی، ثقافتی اور سماجی طور پر پسماندہ رہ جانے والے سرائیکی علاقے کے عوام کی اکثر شکایتیں بالکل جائز ہیں اور وہ ہمارے ہاں کسی مناسب منصوبہ بندی کے بغیر ہونے والی ترقی کا کڑوا پھل ہیں (اور اب جب کہ ہم برائے نام منصوبہ بندی کی بساط بھی لپیٹ کر معاشی اور سماجی شعبوں میں حکومت کے کردار کو کم سے کم کرنے اور نجکاری اور نجی شعبے کی حوصلہ افزائی کی راہ پر گامزن ہوئے ہیں تو آنے والے برسوں میں ملک کے دوسرے غیر ترقی یافتہ علاقوں کی طرح سرائیکی وسیب کی پسماندگی میں بھی ہولناک اضافہ لامحالہ ہو جائے گا۔)

سوال یہ ہے کہ آیا ان مسائل کا حل پنجاب کی ایک بار پھر تقسیم ہے؟ یہ سوال مشکل ہی نہیں، جذباتی اہمیت کا حامل بھی ہے۔ وحدت اور تقسیم دونوں کے پُرجوش حامی موجود ہیں اور ان کے پاس معقول اور غیر معقول دونوں قسم کے دلائل کی وافر تعداد موجود ہے۔ ان کے درمیان جو گولہ باری ہو رہی ہے میں اس سے دامن بچا کر گزرنا چاہتا ہوں۔ اس لئے اس سوال کا کوئی جواب پیش کرنے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ تاہم یہ بات بالکل واضح ہے کہ محرومی کا احساس ہر قسم کی وحدتوں کو برباد کر دیا کرتا ہے۔ ہم سب کو اس کا تجربہ ہو چکا ہے۔ صرف 1971ء میں ہی نہیں جب مشرقی پاکستان بالآخر الگ ہو گیا تھا بلکہ اس سے پہلے 1947ء میں بھی جب جنوبی ایشیائی مسلمان محرومی کے احساس کی بنا پر متحدہ ہندوستان کی وحدت کو توڑنے میں کامیاب ہوئے تھے۔

بہرطور اس حقیقت کو نظر انداز کئے رکھنا درست طرز عمل نہیں ہو گا کہ جنوبی پنجاب میں محرومی کا احساس اب سیاست دانوں، دانش وروں، ادیبوں، استادوں اور متوسط طبقے سے نکل کر عام لوگوں تک پہنچنے لگا ہے۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ پنجاب کی تقسیم کا مطالبہ رفتہ رفتہ زور پکڑ رہا ہے۔ تاج محمد لنگاہ جو اب پاکستان سرائیکی پارٹی کے سربراہ ہیں، زور دے کر یہ بات کہتے ہیں کہ سرائیکی صوبے کے قیام تک اس علاقے کے عوام کی جدوجہد جاری رہے گی۔ ان کے نزدیک اس علاقے کے بہت سے سماجی لور معاشی مسائل کا حل علیحدہ صوبے کے قیام میں مضمر ہے۔ جب کہ سرائیکی قومی موومنٹ کے علامہ اعظم سعیدی کے نزدیک اس صوبے کا قیام وقت کا اہم ترین تقاضا ہے۔ وہ یہ دلیل بھی دیتے ہیں کہ پنجاب کی غیر فطری لور غیر ضروری حجم، چھوٹے صوبوں کے لئے تشویش کا باعث ہے۔ قومی اسمبلی میں پنجاب کو بالادستی حاصل ہے۔ یوں دوسرے

صوبوں میں یہ تاثر پایا جاتا ہے کہ وفاق میں حکومت صرف پنجاب کی رضامندی سے بن سکتی ہے اور پنجاب کو مرکز پر اجارہ داری حاصل ہے۔ لہٰذا علامہ صاحب کے بقول پنجاب کی تقسیم سے قومی یکجہتی اور سلامتی کو تقویت پہنچے گی اور جمہوری نظام کو استحکام عطا کرنے کا موقع ملے گا۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ جی ایم سید ہی نہیں، پیر پگاڑا بھی وقتاً فوقتاً سرائیکی صوبے کی حمایت کر چکے ہیں، جب کہ سندھی دانشوروں اور سیاسی کارکنوں کی اکثریت بھی اس صوبے کے قیام کو ضروری خیال کرتی ہے۔

سرائیکی قومی موومنٹ کے نزدیک صرف اہر پنجاب کے لوگ ہی نئے صوبے کے قیام کے مخالف ہیں اور وجہ اس کی یہ ہے کہ "اگر پنجابی قومیت سے سرائیکی قومیت کا وزن نکل دیا جائے تو پنجابی قومیت کا سارا وزن، قد کاٹھ ختم ہو جاتا ہے۔ اس وزن اور قد کاٹھ کی بنیاد پر پنجابیوں نے صوبائی اور قومی وسائل پر اجارہ داری قائم کر رکھی ہے۔ پنجاب کو یہ خوف بھی کھائے جا رہا ہے کہ ملازمتوں کا کوٹہ جو قومیتی آبادی کے تناسب کی وجہ سے سب سے زیادہ پنجابی لے جاتا ہے۔ سرائیکی قومیت کے نکل جانے سے یہ ملازمتوں کا کوٹہ اور دیگر سارے وسائل دوسری قومیتوں کے برابر ہو جائیں گے۔ یوں پنجابی قومیت کا سماجی، سیاسی اور معاشرتی معیار دیگر قومیتوں کے برابر ہو جائے گا۔

سرائیکی مسئلہ / ردعمل

قاضی جاوید

2 اگست کے روزنامہ "پاکستان" میں "جواب آں غزل" کے عنوان سے میں نے اپنے کالم میں لیہ کی خیابان اکادمی کے چیف آرگنائزر چودھری سعید احمد گجو کا رہ دیوان سنگھ گجرات کے افتخار وڑائچ کا روی، ٹوبہ ٹیک سنگھ کے جناب وحید الرحمان نور پوری اور خانیوال کے جناب محبوب الٰہی کے خطوط شائع کئے تھے۔ ان صاحبان نے سرائیکی کاز کے حامیوں پر نکتہ چینی کی تھی۔ سرائیکی علاقے کی پسماندگی کے لئے وہاں کے سیاسی رہنماؤں کو ذمہ دار ٹھہرایا تھا اور سرائیکی زبان کی جداگانہ حیثیت کے دعوے کو چیلنج کیا تھا۔ بہت سے سرائیکی دوستوں نے ان خطوط کے خلاف اپنے موقف کی وضاحت کی ہے۔ ان میں سے چند منتخب صاحبان کی آرا پیش خدمت ہیں۔ ان صاحبان نے اپنے خطوط میں راقم الحروف کے بارے میں نیک جذبوں کا اظہار بھی کیا ہے۔ میں ان کا ممنون ہوں، لیکن ان جذبوں کے چرچے کا زیر بحث موضوع سے چونکہ کوئی تعلق نہیں، لہٰذا انہیں حذف کیا جا رہا ہے۔

سرائیکی قومی موومنٹ ضلع خیرپور میرس کے جنرل سیکرٹری غلام شبیر برڑا لکھتے ہیں کہ "روزنامہ پاکستان" کی حقیقت پسندی قابلِ تحسین ہے۔ قومی یکجہتی کے فروغ اور نفرتوں کے ازالہ کے لئے یہ اخبار شاندار خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چند ماہ کے اندر اس نے اپنا مقام بنا لیا ہے۔ جسے صحافت کہا جاتا ہے، اس کا حقیقی نام روزنامہ "پاکستان" ہے۔ میں لیہ کے آباد کار جناب چودھری سعید احمد گجر، کالی دیوان سنگھ کے افتخار وڑائچ صاحب کے خطوط کا مختصر جواب دے رہا ہوں۔ امید ہے کہ وہ اور ان جیسے دوسرے بھائی حقیقت کے آئینے میں غور سے دیکھیں گے تو ضرور انہیں اصلیت کی تصویر نظر آ جائے گی۔ بصورت دیگر اگر نفرتوں اور تعصب کی ذہنیت سے کام لیا گیا تو پھر یہ سلسلہ کبھی ختم نہ ہو گا۔

"محترم! بات لسانی نفرتوں کی نہیں، بات میراث کی ہے۔ سرائیکی زبان ہزاروں سال پرانی ہے۔ یہ ایک مکمل زبان ہے، اس کی اپنی پہچان اور شناخت ہے۔ یہ کسی نوخیز مرکب زبان کا لہجہ نہیں۔ دراصل یہ تکنیک پنجاب والوں نے نکالی ہے تاکہ پنجابی زبان کو مزید وسعت دینے کا پروگرام مکمل ہو سکے اور سرائیکی علاقے کی فالتو زمینیں پہلے کی طرح پنجابیوں کے نام منتقل ہوتی رہیں۔ اس وقت صورتحال یہ ہے کہ سرائیکی علاقے کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنر، کمشنر، ڈی آئی جی، ایس پی، ڈی ایس پی حتیٰ کہ ایس ایچ او بھی پنجابی ہیں۔ نہری نظام، واپڈا کا ادارہ، چولستان کا ترقیاتی ادارہ اور دوسرے اداروں کے اعلیٰ حکام، تحصیل دار، گرداور، جج، زرعی ترقیاتی بینک کے آفیسر اور نشرواشاعت کے اداروں کے حکام سب کے سب پنجابی ہیں۔ ان میں سرائیکی ہیں تو بھی آٹے میں نمک کے برابر۔ کیا یہ بات سرائیکیوں کے اعلیٰ تعلیم یافتہ طبقے کا استحصال نہیں ہے؟۔ کیا ان کے حق پر ڈاکہ نہیں ہے؟ پھر بھی آپ کہتے ہیں کہ پنجابیوں کو ظالم کہنا زیادتی ہے۔ جن کا حق مارا جاتا ہے، جن کے وسائل پر قبضہ ہوتا ہے۔ وہ ان کو کس نام سے پکاریں گے۔

"پنجابی اگر سرائیکی زبان سے نفرت نہیں کرتے تو پھر چار کروڑ افراد کی اس زبان کو ٹیلی ویژن پر صرف 25 منٹ کیوں دیئے جاتے ہیں اور وہ بھی ہفتے میں صرف ایک دن۔ یہ برابری کا سلوک ہے؟ تو کیا اس پر ہم یہ کہیں کہ ہمارے پنجابی بھائی بہت ہی انصاف پسند ہیں، ظالم نہیں ہیں۔ یاد رکھو میرے بھائی کہ جب تک انصاف اور عدل کی فضا قائم نہیں ہو گی جب تک ایک دوسرے کی حیثیت کو تسلیم نہ کیا جائے گا۔ جب تک ایک دوسرے کی زبان اور ثقافت کا احترام نہ کیا جائے گا اور لوگوں کو اپنی تعداد کے حساب سے حقوق نہ ملیں گے، تب تک نفرتوں کی آگ کا دائرہ پھیلتا رہے گا۔

"حکومت ہمارے سرائیکی ادب کے لئے کچھ نہیں کرتی، اس کے لئے کوئی گرانٹ نہیں دی جاتی، کیا یہ متعصبانہ رویہ نہیں؟ ہمارا سرائیکی اخبار "جھوک" خانپور سے شائع ہوتا ہے۔ حکومت نے کبھی اس کی حوصلہ افزائی کے لئے کچھ نہیں کیا یہ بھی ہمدردی ہے! اس طرح تو مل جل کر رہنے کا ماحول پیدا نہیں ہو سکتا"۔

چیئرمین جانباز سرائیکی پاکستان راشد عزیز بھٹہ لکھتے ہیں،
"میں 2 اگست کے کالم "جواب آں غزل" پڑھ کر آپ کو خط لکھنے پر مجبور ہو گیا ہوں۔ مجھے پنجابی رہنماؤں کے خط پڑھ کر دلی دکھ ہوا کہ پنجابی عوام کے ذہن میں اتنی نفرت پیدا ہو گئی ہے اور وہ حد سے زیادہ دولت ملنے پر اندھے ہو گئے ہیں۔ اب تو اپر پنجاب کے لکھاریوں نے پنجابی زبان کے 22 لہجے لکھنے شروع کر دیئے ہیں تاکہ سرائیکی کو اس کا ایک لہجہ قرار دیا جا سکے۔

"قاضی صاحب! مجھے تعجب ہے پنجابی لوگوں پر کہ پاکستان میں رہتے ہوئے وہ ہر قومیت کا استحصال کر رہے ہیں اور جس صوبے میں جاتے ہیں اس کی مٹی پلید کرتے ہیں۔ انہوں نے ملک کے سارے وسائل پر قبضہ کیا ہوا ہے، ان لوگوں نے ہر قوم کو دوسری قوم کے ساتھ لڑایا اور ہر صوبے میں ان کی پالیسی الگ ہے۔ اب ان کی سازش ہے کہ کسی طریقے سے اپر پنجاب کے مہاجروں کو ساتھ ملا کر سرائیکی عوام کو سندھیوں سے لڑایا جائے۔

صاحب مضمون

"بھائی صاحب! پنجابی قوم پرست رہنماؤں نے لکھا ہے کہ سرائیکی عوام سندھ سے حصہ کیوں نہیں مانگتے کہ سندھ میں بھی کافی لوگ سرائیکی ہیں۔ سندھ میں موجود سرائیکی بولنے والے سندھی عوام کا ساتھ دے رہے ہیں، اور دکھ سکھ میں اکٹھے رہ رہے ہیں۔ انہیں لڑانے کی پنجابی قوم پرستوں کی سازش کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی"۔ سندھیوں اور سرائیکیوں کے درمیان تاریخی، تہذیبی ناطے ہیں اور انہیں ایک دوسرے کے قومی جذبوں کا احساس بھی ہے۔

"قاضی صاحب، سرائیکیوں کے مسئلے کا ایک ہی حل ہے، اور وہ یہ کہ پاکستان کے اندر ان کے لئے علیحدہ صوبہ بنایا جائے۔ پنجاب کی تقسیم سے وفاق پاکستان کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا، بلکہ وہ زیادہ مضبوط ہوگا۔

"قاضی صاحب، ہم لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ پنجابی سکھوں کے ساتھ مل کر گریٹر پنجاب قائم کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ لیکن سرائیکی عوام ان کے اس منصوبے کو کامیاب نہ ہونے دیں گے"

بہاول پور سے محمد انور نے لکھا ہے کہ:

"پنجاب کے بڑے بڑے پنجاب پرست دانش ور سید سبط حسن ضیغم، نجم حسین سید، آصف خان، شفقت تنویر مرزا، تنویر ظہور اور افضل احسن رندھاوا کو کبھی یہ خیال نہیں آیا کہ جس پنجاب کی عظمت کے وہ گیت گاتے ہیں اس پنجاب نے کروڑوں سرائیکی عوام کے حقوق غصب کر رکھے ہیں۔ ہم مظلوموں کے حق میں تو اشفاق احمد صاحب نے بھی کبھی آواز نہیں اٹھائی۔ میں مختصر بات کروں گا اور بس یہ کہوں گا کہ ہم ان سب دانش وروں کی عزت کرتے ہیں۔ ان کی باتوں میں اثر ہوتا ہے قاضی صاحب اُن سے کہئے کہ کبھی ہماری طرف بھی نگاہ کریں۔ آپ کے تو یہ سب دوست ہوں گے، آپ کی بات ضرور مانیں گے۔ انہیں ہمارے حالات سے آگاہ کیجئے اور انہیں بتائیے کہ سرائیکی زبان پنجابی کا ایک لہجہ نہیں، بلکہ پنجابی سے زیادہ پرانی اور زیادہ بڑی زبان ہے۔ ہمارے حقوق کا اقرار کرکے ان دانش وروں کی عظمت میں اضافہ ہوگا۔

لی نہ ہولی"

خانپور سے وقاص جاوید لکھتے ہیں:

"...... روزنامہ پاکستان نے کروڑوں سرائیکی عوام پر بہت احسان کیا ہے کہ اس نے پہلی بار ان کے مسائل کو وضاحت کے ساتھ قوم کے سامنے پیش کیا ہے۔ سرائیکی علاقے میں اب سب پڑھے لکھے لوگ اس اخبار کا بے حد احترام کرتے ہیں اور یہاں اس کی مقبولیت میں دن دگنا اور رات چوگنا اضافہ ہو رہا ہے۔ ...... گزشتہ دنوں آپ کے کالم میں جناب وحید الرحمان نور پوری کا مکتوب پڑھ کر انتہائی دکھ ہوا۔ انہوں نے حقائق کو سمجھے بغیر سرائیکی کو پنجابی زبان کو ایک لہجہ قرار دے دیا ہے جو سراسر زیادتی ہے۔ برادرم وحید الرحمان سے میں کہوں گا کہ ہمارا پیارا پاکستان آج جن مسائل سے دو چار ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے حقیقت کو تسلیم نہیں کیا۔ قوموں کو اُن کے جائز حقوق نہیں دیئے۔ ان کی آواز کو طاقت کے زور پر دبایا ہے اگر کوئی اپنے حقوق کی بات کرتا ہے تو ہم اُسے ملک دشمن کہتے ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا حقوق مانگنا جرم ہے۔ کیا ظلم کے خلاف آواز اٹھانا جرم ہے۔

کیا یہ حقیقت نہیں کہ پنجاب کی بیورو کریسی سرائیکی علاقے کو لوٹ رہی ہے۔ کسی شعبے میں سرائیکیوں کو آگے نہیں آنے دیا جارہا۔ سازش کے تحت ان کو اقلیت میں تبدیل کیا جارہا ہے۔ ایسی ہی ایک سازش یہ بھی ہے کہ مردم شماری میں اس بار سرائیکی قومیت اور زبان کا خانہ تک نہیں رکھا گیا۔ سرائیکی علاقے میں چپڑاسی تک لاہور اور فیصل آباد سے آتے ہیں۔ فوج میں کوئی سرائیکی رجمنٹ نہیں۔ سنٹرل پنجاب میں دیکھیے عوام کی آسائش کے لئے کروڑوں اربوں روپے خرچ کئے جارہے ہیں، جب کہ سرائیکی لوگوں کو پانی تک مہیا کرنے پر کوئی توجہ نہیں دے رہا۔ یہاں بے روزگاری انتہا پر ہے۔ تعلیم اور صحت کی سہولتیں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ میں پوچھتا ہوں کہ کیا اس علاقے میں وسائل کی کمی ہے؟ ہرگز نہیں پاکستان کے زرِ مبادلہ کا بڑا حصہ ہم کماتے ہیں۔ اس سال پاکستان نے 60 ارب روپے کی کپاس برآمد کی۔ اس کا 80 فیصد حصہ ہم نے پیدا کیا لیکن ہمیں محرومی کے سوا کچھ نہیں ملا۔

"...... آٹھ سال بعد ہم 21ویں صدی میں داخل ہونے والے ہیں اور اگر ہم نے مسائل حل نہ کئے تو دوسروں سے بہت پیچھے رہ جائیں گے۔ اور اپنے داخلی مسائل ہی میں گھرے رہیں گے۔ ساری دنیا میں تبدیلیاں آرہی ہیں ہمیں بھی تبدیل ہونا چاہئے۔ حقائق کو قبول کرنا چاہئے اور لوگوں کو ان کے جائز حقوق دینے چاہئیں"

(فقط نیاز مند۔ وقاص جاوید)

پاکستان بھر کے چار کروڑ سرائیکی بھی وہی حقوق طلب کر رہے ہیں جو پنجابیوں، سندھیوں، بلوچوں اور پٹھانوں کو حاصل ہیں۔ اپنا وجود صوبہ اور پہچان یعنی جینے کا مساوی حق۔ پنجاب کے سوا باقی تینوں صوبے اس واجبی حق کی بھرپور حمایت کرتے ہیں کیونکہ وہ بھی اپنی عافیت اور پاکستان کی بقا اسی میں پاتے ہیں۔

چونکا دینے والی سازش :۔

پنجابیوں کو سارے پاکستان میں پھیلانے کے علاوہ ان کی زبان اور ننگے فیشن کو ہزاروں فلموں تھیٹروں کیسٹوں ٹیلیویژن اور ریڈیو کے ذریعے تمام پاکستان پر زبردستی مسلط کرکے سارے پاکستان کو پنجابستان بنایا جارہا ہے۔ اس پر پاکستان کے وفاداروں کا احتجاج کوئی اخبار شائع نہیں کرتا!

معزز قارئین! آپ ہی سوچیئے کہ کیا ہو رہا ہے؟ رانا جتوئی

وڈیرے اور سرائیکی مسئلہ

(قاضی جاوید)

سرائیکی دانشوروں نے اس حقیقت کا اعتراف کم ہی کیا ہے کہ ان کے علاقوں کی معاشی اور سماجی پسماندگی کی ذمہ داری بڑی حد تک ان کے جاگیرداروں پر عائد ہوتی ہے۔ جنہوں نے سندھی وڈیروں کی طرح ہر تبدیلی کی مزاحمت کی ہے۔ وہ حالات اور سسٹم کو جوں کا توں رکھنے میں عافیت محسوس کرتے ہیں اور ترقی کی قوتوں سے خوفزدہ ہیں۔ ان کالموں میں شائع ہونے والے بعض خطوط میں اس امر کی طرف بعض خطوط نگاروں نے اشارہ کیا ہے لیکن اس موضوع پر کھل کر کسی نے بات نہیں کی۔ بہرطور سرائیکی مسئلہ پر گفتگو کو آگے بڑھانے کی خاطر آج ہم جن صاحبان کے موقف کو شائع کر رہے ہیں، ان میں سے بعض نے اس امر کا حوالہ دیا ہے۔

پہلا خط مرید حسین راز جتوئی کا ہے جو سرائیکی کاز کے سرگرم دانشور ہیں۔ اس موضوع پر انہوں نے کئی پمفلٹ لکھے ہیں۔ یہ ان کی مہربانی ہے کہ انہوں نے مجھے اپنے پمفلٹ اور خطوط بھیجے ہیں۔ یہ بات تو ہم بھی جانتے ہیں کہ پمفلٹ نگار دانشور عموماً جذبات کی رو میں بہہ جایا کرتے ہیں۔ راز جتوئی صاحب کا معاملہ یہ ہے کہ وہ منطق اور جذبہ دونوں کو ساتھ لے کر چلتے ہیں۔ راہ میں کبھی منطق اور کبھی جذبہ حاوی ہو جاتا ہے لیکن وہ اپنے علاقے کی پسماندگی کی ذمہ داری صرف دوسروں پر نہیں ڈالتے۔ اپنے وڈیروں کا احتساب بھی کرتے ہیں۔ خانپور سے وہ لکھتے ہیں۔

" سرائیکی قومی موومنٹ کے مرکزی صدر حمید اصغر شاہین کے طرز فکر سے مجھے اختلاف ہے۔ ہم مہاجرین اور قدیم آباد کاروں سے محاذ آرائی کر کے کبھی کامیاب نہ ہوں گے۔ شاہین کو اس ضرورت کا احساس نہیں ہے، تب ہی وہ اس غیر ذمہ دارانہ روش پر مصر ہیں۔ تحریک سے وفاداری کا تقاضا ہے کہ اپنے مخالفین کی تعداد کم سے کم کی جائے۔ وڈیرے جو کہ خود غرضی کی وجہ سے خاموش ہیں، ان کو بھی ہم مصلحت کے سبب برداشت کرنے پر مجبور ہیں۔ کامیابی کے بعد ان کے خلاف طبقاتی مہم چلانا ہو گی۔ موجودہ انتخابی ڈھانچے میں تو وہی ہم پر مسلط ہیں...... قاضی صاحب۔ ہم خوش ہیں کہ وڈیروں پر لعنتوں کی بارش ہو رہی ہے اور وہ بھی اس طبقے کی طرف سے جس کا ہر کام وڈیرے خوشی سے کراتے ہیں...... "

ایک اور خط میں راز جتوئی لکھتے ہیں کہ " قاضی صاحب، شکریہ کہ آپ نے اور روزنامہ " پاکستان " نے سرائیکی مسئلہ پر بحث کو جاری رکھا ہوا ہے۔ آپ کا کالم " جواب آں غزل " میرے سامنے ہے۔ میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ سرائیکیوں پر پاکستان دشمنی کا الزام لگانا سخت بد دیانتی ہے البتہ ہم پنجاب کی مسلسل توسیع اور پورے پاکستان پر قبضہ جمانے کی کوششوں میں مزاحم ضرور ہیں اور رہیں گے۔ سرائیکی علاقوں میں مہاجرین اور قدیم آباد کار اگرچہ ہیرا پھیری کرنے والے ہیں لیکن ہمیں قبول ہیں۔ البتہ وسطی پنجاب کے مقامی ہمیں قبول نہیں۔ وہ ہمیں خار کی طرح کھٹکتے ہیں کیونکہ انہیں حاکموں کی سرپرستی حاصل ہوتی ہے۔ وہ اور حاکم مل کر مہاجروں اور مقامیوں میں منافرت پیدا کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں پاؤں جمانے کی خاطر انہوں نے ہمارے وڈیروں سے رشتے ناطے بھی جوڑ رکھے ہیں۔ افسر شاہی نے ہمارے وڈیروں کو ایک جال میں پھنسا رکھا ہے۔ زرعی اصلاحات کے دوران محکمہ مال نے وڈیروں سے کروڑوں روپیہ کما کر اصل مزارعوں کے نام سرکاری ریکارڈ سے مٹا دیئے۔ معمولی سی زمین حاصل کرنے کے بعد کافی اراضی فرضی ناموں پر وڈیروں کے پاس ہی رہی جسے اب وہ آہستہ آہستہ بیرونی لوگوں کے پاس فروخت کرتے جا رہے ہیں۔

" اگر تحصیلدار وڈیرے کا ناجائز کام نہ کرے تو وڈیرے کی سرداری، دھونس اور عوام پر اس کا دبدبہ ختم ہو جاتا ہے لیکن افسر شاہی جان بوجھ کر اور وڈیرے کو اپنا آلہ کار بنانے کی خاطر اس کے ناجائز کام کرتی ہے اور اس کی سفارش پر چھوٹی موٹی ملازمتیں بھی دیتی رہتی ہے تاکہ وڈیروں کو عوام اپنا سرپرست سمجھتے رہیں۔ کوئی شخص سر اٹھاتا ہے تو وڈیرے اس کی چوری کرا دیتے ہیں۔ جھوٹے مقدموں میں الجھا دیتے ہیں اور یہاں تک کہ بھرے بازار میں کسی بدمعاش سے اس کی بے عزتی بھی کروا دیتے ہیں۔ کیا انتظامیہ کو ان حقائق کا علم نہیں ہوتا؟ بالکل ہوتا ہے۔ جان بوجھ کر سرکاری حکام آنکھیں بند رکھتے ہیں۔ وڈیروں کے ساتھ اس برتاؤ کے عوض انتظامیہ بھاری رشوت لیتی ہے اور اپنے لوگوں کو سرائیکی علاقوں میں آباد کر رہی ہے۔ اس پر وڈیرے خاموش ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ کبھی ان وڈیروں نے اسمبلی میں اپنے علاقے کے حقوق کی بات نہیں کی۔ "

راز جتوئی صاحب نے سرائیکی مسائل کی فہرست بھی درج کی ہے لیکن ان کالموں میں اس موضوع پر پہلے ہی بہت کچھ شائع ہو چکا ہے لہٰذا معذرت کے ساتھ اسے حذف کرتے ہوئے اب

جلد 3 | ہفتہ 2 جمادی الثانی 1413ھ 28 نومبر 1992ء 13 مگھر 2049 ب صفحات 14 قیمت 4 روپے | شمارہ 129

مجاہد جتوئی کے دو مراسلے

قاضی جاوید

سرائیکی تحریک اور خاص طور پر اس کے ثقافتی پہلو کے حوالے سے خان پور کے جتوئی خاندان نے بہت سا کام کیا ہے۔ برسوں پہلے جب اس تحریک کا چرچا نہ تھا تو راز جتوئی صاحب نے نظموں اور مراسلوں کے وسیلے سے لوگوں کو سرائیکی مسائل اور تشخص کی طرف مائل کرنا شروع کیا تھا۔ بزرگ راز جتوئی آج بھی اپنا مشن جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اُن کے حوالے سے خان پور کا قصبہ سرائیکی تحریک کا سب سے بڑا مرکز بن چکا ہے۔ اُن کے صاحب زادے مجاہد جتوئی نے اپنے والد کے کام کو آگے بڑھایا اور وہ اب خود سرائیکی تحریک کے جواں سال رہنما کے طور پر نمایاں ہیں۔

مجاہد جتوئی کی پہلی پہچان شاعری اور افسانہ نگاری کے حوالے سے ہے۔ دھرتی سے پیار کا جذبہ انہیں ورثے میں ملا ہے۔ مزاحمتی شاعری، سیاسی عمل اور صحافت کے ذریعے انہوں نے سرائیکی تحریک کو ولولہ عطا کیا ہے اور اپنے آدرش کو نوجوانوں تک پہنچایا ہے۔ اُن کے ساتھیوں میں ہفت روزہ "روہی" کے ایڈیٹر رحیم طلب، عزیز شاہد اور جہانگیر مخلص جیسے شاعر اور ادیب شامل ہیں۔

مجاہد جتوئی ان دنوں روزگار کے سلسلے میں سعودی عرب میں رہتے ہیں۔ مجھے یہ بات عجیب سی لگتی ہے کہ سرائیکی کاز سے پُرخلوص کومٹ منٹ رکھنے والا یہ دانش ور اپنی دھرتی سے دور سعودی عرب جیسے ملک میں محض روزگار کیلئے مقیم ہو۔ کہیں ایسا تو نہیں کہ وہ مایوسی کا شکار ہو گیا ہو؟

اس سوال کا جواب مجھے معلوم نہیں لیکن دو باتیں مجھے معلوم ہیں اول یہ کہ سرائیکی مسئلہ پر درجنوں کی تعداد میں مجھے موصول ہونے والے خطوط میں سے نوجوانوں کے خطوط میں مجاہد جتوئی کا ذکر بہت ہی اچھے الفاظ میں موجود ہوتا ہے۔ دوسرے یہ کہ جدہ میں رہتے ہوئے بھی مجاہد جتوئی نے سرائیکی کاز سے تعلق نہیں توڑا۔ کسی نہ کسی حوالے سے وہ اس تعلق کو نبھاتے چلے آ رہے ہیں۔ مجھے جدہ سے اُن کے دو خطوط موصول ہوئے ہیں جو قارئین کی نذر کئے جا رہے ہیں کہ اصل میں وہ لکھے ہی "پاکستان" کے معزز قارئین کیلئے گئے تھے۔

واجب الاحترام جناب قاضی جاوید صاحب

سلام مسنون!

5 رجون 1992ء سے روزنامہ "پاکستان" میں سرائیکی تحریک کا تجزیہ مسلسل کئی روز تک چھپتا رہا جس کے مطالعے سے آپ کے علمی تبحر اور تاریخی واقفیت کا اندازہ ہوا۔ سرائیکی تحریک کا تجزیہ کرتے ہوئے آپ نے جس "احتیاط" کا مظاہرہ کیا ہے وہ اپنی جگہ پر قابلِ تحسین ہونے کے باوجود تجزیہ کے حسن کو داغدار کر گئی۔ بہت سی باتیں ایسی تھیں جو آپ نے اپنے "ذہنی تحفظات" یا فسادِ خلق کی وجہ سے ادھوری چھوڑ دیں۔ ابھی بہت سے حروف پر نقطے ڈالنا باقی تھا آپ کے نام اس خط کا مقصد نہ تو آپ کے تجزیہ کا تجزیہ ہے اور نہ ہی محاکمہ لیکن بعض امور کی وضاحت البتہ ہم پر تاریخی فرض ہے۔ 8 رجون کے کالم بعنوان "سرائیکی صوبہ اور پسماندگی کی منطق" کے اختتام سے پہلے ایک جگہ لکھا ہے کہ "کیا ان مسائل کا حل پنجاب کی ایک مرتبہ پھر تقسیم ہے" جبکہ اصل الجھاؤ یہی ہے کہ ہم پنجاب کو تقسیم کرنے کی نہ تو بات کرتے ہیں اور نہ ہی حمایت۔ پنجاب خود پنجابیوں اور انگریزوں یا ہندوؤں کے ہاتھ تقسیم ہو چکا ہے۔ ہم تو پنجاب کو اس کے اصلی اور فطری حجم کی طرف پلٹنے یا پلٹانے کی بات کرتے ہیں۔ آپ نے خود بھی اور جناب خادم خاور صاحب نے بھی 6 رجون کے کالم میں سرائیکی علاقے کی پنجاب سے الگ حیثیت کے کماحقہٗ تاریخی حوالے درج کئے ہیں۔ اب اگر اس روشن ترین تاریخ کے باوجود ہمیں 1818ء میں کئے گئے رنجیت سنگھ کے فیصلے سے اختلاف کا حق نہ ملے تو ہمارے نزدیک یہ ظلم عظیم ہے۔ آج جبکہ بار بار پنجاب کی تقسیم کو ظلم عظیم کہا جا رہا ہے، انگریزوں ہندوؤں اور خود اپنے فیصلے سے اختلاف کا اظہار کیا جا رہا ہے "عظیم تر پنجاب" کیلئے "عظیم ثقافتی پنجابی تحریک" کا آغاز کر دیا گیا ہے تو ایسے میں ہمیں ہمارے حق سے کیسے محروم کیا جا سکتا ہے؟ (بلاشبہ پنجابیوں کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ انگریزوں کے فیصلوں سے اختلاف کریں لیکن بالکل یہی حق ہمارا بھی ہے) اگر پنجاب کی مشرقی حدود مقدس نہیں ہیں تو جنوبی یا غربی حدود کے حق میں کونسی قرآنی آیات اتری ہیں؟ ہم سرائیکی صوبہ کا مطالبہ لسانی بنیادوں پر نہیں بلکہ تاریخی اور جغرافیائی حوالوں سے کرتے ہیں۔ اسی لئے سرائیکی قومی موومنٹ کے منشور میں "سرائیکی" کی تعریف سرائیکی بولنے والا نہیں بلکہ "سرائیکی جغرافیہ" پر یقین رکھنے والا ہے۔

6 رجون کے کالم میں آپ نے فرمایا کہ یحییٰ خان کے اقدام سے نہ صرف پنجاب بحال ہو گیا بلکہ اُس کی حدود میں اضافہ ہو گیا۔ اس سے آپ کی مراد بہاولپور کا پنجاب میں جبری انضمام ہے جسے آپ نے "ریاست" لکھا ہے۔ پہلی بات تو یہ کہ اس جبری انضمام سے بہت پہلے ون یونٹ کے وقت بہاولپور ریاست نہیں ایک صوبہ تھا جس کا وزیر اعلیٰ حسن محمود تھا۔ 1956ء تک کے تمام وفاقی بجٹ اٹھا کر دیکھے جا سکتے ہیں جن میں بہاولپور ایک الگ وفاقی اکائی کی حیثیت میں نظر آئے گا۔ دوسری بات یہ کہ اس جبری انضمام کے بعد آخر ہم کس منہ سے آج کشمیر میں حقِ رائے دہی کا مطالبہ کرتے ہیں؟ 1971ء کے انتخابات میں بحالی صوبہ کے تمام تر امیدواروں کی کامیابی کا کیا مطلب نکالا جا سکتا ہے؟ تیسری بات یہ کہ اس جبری انضمام اور پنجاب کی سرحدوں کو پھیلانے کا وفاقِ پاکستان اور دیگر صوبوں پر کیا اثر ہوا؟ متحدہ ہندوستان میں مسلمان ہندو اکثریت سے خوفزدہ تھا۔ تقسیم کے بعد ہم نے مشرقی پاکستان کی اکثریت سے خوف کھا کر "پیرٹی" جیسی غیر منطقی بے اصولی اور غیر جمہوری حرکتیں کیں۔ اب بڑے فخر سے سینہ ٹھونک کر 62 فیصد ہونے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے (یاد رہے کہ اس گنتی کے وقت پنجاب میں سرائیکیوں کو بھی شامل کیا جاتا ہے لیکن بجٹ کی تقسیم کے وقت صرف چار ڈویژن ہی پنجاب قرار پاتے ہیں اور یہ بات فطری بھی ہے) اس دعویٰ کے بعد دیگر تین صوبوں سے اطاعت گزاری بلکہ باجگزاری کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔ ایک معاصر اخبار میں سندھ کے مسئلے پر جاری بحث میں صوبوں کے درمیان توازن کے فقدان کا بار بار ذکر کیا گیا ہے لیکن اس کے فطری حل کی طرف کوئی نہیں آتا۔ وفاقِ پاکستان کو بچانے کا صرف ایک ہی حل باقی رہ گیا ہے کہ پنجاب کو اُس کے اصل حجم کی طرف جانے پر آمادہ کیا جائے (بہ رضا یا بہ اکراہ) جناب حنیف رامے جیسے دیگر دانشوروں نے یہ ثابت کیا ہے کہ پنجاب دراصل مظلوم ہے جبکہ ہماری پسِ افتادگی اس بات کی عملی تردید ہے۔ آپ نے اس ساری بحث میں بار بار سرائیکی علاقہ اور سرائیکیوں کو پسماندہ کہا ہے۔ میری درخواست ہے کہ اس حالت کیلئے صحیح لفظ "پس اُفتادہ" ہے ہم پیچھے رہ نہیں گئے بلکہ ہمیں پیچھے پھینکا گیا ہے۔ المیہ یہ ہے کہ اس کیلئے ایک طویل ترین منصوبہ بندی کی گئی۔ سازشوں کے جال بنے گئے۔ ملاحظہ فرمائیں ون یونٹ کے ٹوٹنے کے بعد بہاولپور کا انضمام اسی ون یونٹ کے ذریعے سندھ کے تین بیراجوں کے علاقے میں 8 آنے ایکڑ کے حساب سے 28 لاکھ ایکڑ [illegible] امداد، شاہد قومی اسمبلی کے فورم پر بتائے گئے ہیں) اور اسی ون یونٹ سے رنجیت سنگھ کی حسرتیں پوری کیں (کیونکہ بہاولپور پر تین حملوں کے باوجود رنجیت سنگھ ریاست کے دروازے پنجابیوں کیلئے نہیں کھول سکا تھا) حیرت اس وقت ہوتی ہے کہ جب یہ "ڈاکہ زنی" کرنے والے امام نظریہ پاکستان اور بھائی چارے کی بات کرتے ہیں۔ اس کے بعد پنجاب اسمبلی کے اندر باہر جاگ پنجابی جاگ کے نعرے بھی لگتے ہیں۔

ناطقہ سر بہ گریباں ہے اسے کیا کہئے

7 رجون کے کالم بعنوان "سرائیکی تحریک کے معاشی عوامل" میں ایک جگہ آپ نے فرمایا ہے کہ "کئی سرائیکی تنظیمیں جدا صوبے کی حمایت نہیں کرتیں" میری نظر میں ایسی بات نہیں ہے تمام سرائیکی تنظیمیں اس بات پر بالکل متفق ہیں، ہاں البتہ

یا ثقافتی تنظیموں کا دائرہ کار مختلف ہے۔ جہاں تک طبقاتی مسئلے کا حل ہے تو یہ مسئلہ ملکی سطح کے مسائل سے جڑا ہوا ہے۔ جب تک الیکشن میں حصہ لینے کے عمل کو ایک غریب یا متوسط

صاحب مضمون

طبقے کے آدمی کیلئے ممکن نہیں بنایا جاتا اُس وقت تک طبقاتی جنگ کسی نتیجے پر نہیں پہنچ سکتی۔ اس موقع پر یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ بڑے عرصہ سے پنجابی دانشوروں کی لابی سرائیکی علاقے میں طبقاتی جنگ شروع کرنے کے اشارے دے رہی ہے بلکہ وہ یہ بھی بڑے فخر سے کہتے ہیں کہ سرائیکی علاقوں میں نئے آباد کاروں نے یہ جنگ شروع کر رکھی ہے۔ ایسا سندھ میں بھی کیا گیا تھا، مگر جلد ہی احساس ہو گیا کہ طبقاتی جنگ سے فارغ ہو کر آنے والوں کو پیچھے کچھ بھی نہ ملے گا کیونکہ توسیع پسندی کا عفریت سب کچھ ہڑپ کر چکا ہو گا۔ اس کے علاوہ یہ بھی ہوتا ہے کہ بیرونی مداخلت سے مقامی استحصالی فوراً قومیت کی پناہ لے لیتا ہے اور اس طرح طبقاتی محاذ پر لڑنے والوں کو پسپا ہونا پڑتا ہے۔ اس کا حل وہی ہے، جو ایک مرتبہ اسلامی جنگ کے موقع پر پیش کیا گیا تھا کہ "ہر جنگ لڑنے والے کافر قیدی کو اُس کے قبیلے کا مسلمان خود اپنے ہاتھ سے قتل کر دے" تاکہ کوئی کسی قومیت کا شہید نہ بننے پائے۔ اسی بات کو جدید اصطلاح میں یوں کہا جا سکتا ہے کہ "اگر بھٹو کسی سندھی جرنیل یا سندھی ججز" کے ہاتھوں پھانسی پاتا تو آج طاقِ نسیان پر دھرا ہوتا...... میرے خیال میں طبقاتی قومیتیں اور علاقائی مسائل میں تقدیم و تاخیر ہمیں اپنے معروضی حالات کے مطابق کرنے کا حق حاصل رہنا چاہئے۔ سرائیکی صوبہ کا بننا ہماری جنگ کا صرف پہلا مرحلہ ہو سکتا ہے اگلا مرحلہ "ایک بہتر سماج" ہے جو کہ توسیع پسندی کے تابڑ توڑ حملوں کے دوران ممکن نہیں ہے۔ 8 جون 92ء کے کالم میں، جو کہ بعنوان "سرائیکی صوبہ اور پسماندگی" تھا فرمایا کہ ایسے اعداد و شمار میں مبالغہ آرائی بھی ہوا کرتی ہے لیکن ہم پورے وثوق سے کہتے ہیں کہ سرائیکی قومی موومنٹ کے پیش کردہ تمام اعداد و شمار مصدقہ ہیں جنہیں سرکاری ریکارڈ سے ثابت کیا جا سکتا ہے۔ ہاں اگر سرکاری ریکارڈ ہی ناقابلِ اعتبار ہو تو الگ بات ہے اس خط کے ساتھ 1989ء کے صوبائی بجٹ کی تفصیل ارسال کی جا رہی ہے۔ اس کی صداقت پر اُس وقت کے صوبائی وزیر خزانہ کو بھی اعتراض کرنے کی جرأت نہ ہوئی اور ہمارا یہ چیلنج آج بھی قائم ہے کہ صورتحال آج بھی مختلف نہیں ہے۔ آج بھی پنجاب کے صوبائی بجٹ سے سرائیکی علاقہ کو کسی لیبر کالونی جتنی مراعات تو کجا ضرورت نہیں ملتیں۔ بات یہاں پر ختم نہیں ہوتی بلکہ زخموں پر نمک پاشی کی جاتی ہے، ملاحظہ فرمائیں مورخہ 16 جون 1992ء کا روزنامہ جنگ صفحہ نمبر 2 جس میں ڈیرہ غازی خان میں زرعی زمینیں دینے کیلئے حاضر سروس اور ریٹائرڈ ملازمین جو کہ ایک حساس ادارے سے تعلق رکھتے ہیں درخواستیں طلب کی گئی ہیں۔ ڈیرہ غازی خان وہ علاقہ ہے جس کے بارے میں ایک معروف کالم نگار نے لکھا تھا کہ "یوں لگتا ہے کہ جیسے پاکستان کی برکتیں یہاں نہیں پہنچیں۔ آخر بھوک بے روزگاری پس افتادگی زمین اور آسمانی آفات کے مارے ہوئے مقامی آدمی کو یہ زمین کیوں نہیں مل سکتی؟ کیا حاضر سروس اور ریٹائرڈ ملازمین مقامی آدمی سے زیادہ مستحق ہے؟ زیادہ زرعی پس منظر رکھتا ہے؟ کیا اُس نے اس دھرتی پر رہ کر زیادہ عذاب جھیلے ہیں؟ کیا مقامی آدمی کی پاکستانیت مشکوک ہے؟ کیا ہے آخر کچھ تو جواب ہونا چاہئے چولستانیوں کیلئے چولستان کی زمینوں کی تقسیم پر گزشتہ پندرہ سال سے پابندی لگی ہوئی ہے لیکن ایک معزز رکن قومی اسمبلی جناب لیاقت بلوچ کے مطابق وزیر اعظم صاحب چولستان کی 33 ہزار ایکڑ اراضی پر ناجائز قابض ہیں تا حال اس الزام کی تردید نہیں کی گئی اور نہ ہی ہمارے بار بار کے مطالبات کے باوجود چولستان میں زمینیں حاصل کرنے والوں کے نام اخبارات میں شائع کئے جاتے ہیں بلکہ چولستان ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا ریکارڈ بھی بہاولپور سے لاہور منتقل کر دیا گیا ہے۔

براہ کرم آپ اور دیگر محب وطن پاکستانی ان اسباب و علل پر غور کریں۔ کیا کبھی کوئی نتیجہ اسباب کے مختلف بھی نکلا ہے؟ اگر دو جمع دو کا حاصل مشرقی پاکستان میں چار نکلا تھا تو سندھ بلوچستان اور سرحد کے علاوہ سرائیکستان میں بھی چار ہی نکلے گا۔

مسئلہ اس وقت صرف سرائیکیوں کا ہی نہیں ہے بلکہ پورے پاکستان کا ہے، آج شاید ہمارے پاس پاکستان کو بچانے کا وقت ہے مگر کل کو کچھ نہیں بچے گا۔ پنجاب کی اس مصنوعی اور جبری اکثریت پر نظر ثانی کی جائے بصورتِ دیگر یہ یاد رکھا جائے کہ ظلم بغاوت کو جنم دیتا ہے، جسے کچلنے کیلئے مزید ظلم کی ضرورت ہوا کرتی ہے اور ظلم بالآخر مٹ جایا کرتا ہے۔

"تو بھی پاکستان ہے میں بھی پاکستان ہوں"۔ کا نعرہ صرف ٹھٹھے کیلئے نہ لگایا جائے بلکہ عملی طور پر بھی یہ ثابت کیا جائے۔ سرائیکیوں کا مقصد ایک ایسا پاکستان ہے جہاں اُن کا تشخص محفوظ ہو اور وفاقی اکائیوں کو 1940ء کی قرار داد کے مطابق داخلی خود مختاری اور کلی اقتدار حاصل رہے کیونکہ یہی پاکستان کی بنیادی دستاویز ہے اور یہی قائد اعظم کا مدعا اور منشا تھا بلکہ اب تو یہی بقا کا تقاضا ہے۔

خیر اندیش، مجاہد جتوئی

جدہ (سعودی عرب)

(جاری ہے)

مجاہد جتوئی کے دو مراسلے 2

قاضی جاوید

جناب قاضی جاوید صاحب السلام علیکم!

آپ کی طرف سے سرائیکی موضوع پر جاری مکالمہ اچانک رک سا گیا ہے۔ ہزاروں لوگ اس مسئلے میں دلچسپی لے رہے تھے۔ قومی سطح کے مسائل میں سب سے اہم مسئلے کے تمام پہلو سامنے آ رہے تھے۔ سب سے اہم مسئلہ کہہ کر میں نے کسی تعلی سے کام نہیں لیا، صورتحال یہ ہے کہ اب پاکستان اور صوبہ پنجاب کا یہ جبری حجم ایک ساتھ نہیں چل سکتا ہے۔ ماضی گواہ ہے کہ مشرقی پاکستان سے بعض لوگوں کو یہی دھڑکا لگا رہتا تھا کہ 56 فیصد کی اکثریت والا یہ صوبہ اگر ادھر سے بھی چند ارکان ملا لے تو مستحکم ترین حکومت چلا سکتا ہے، یعنی صرف 6 فیصد کی اکثریت بھی ناقابل قبول تھی لہٰذا پیرٹی جیسا غیر منطقی قانون بنایا گیا، ریشہ دوانیاں کی گئیں ملک گنوا دیا گیا مگر اکثریت کو تسلیم نہ کیا گیا۔ آج کس منہ سے 62 فیصد کے حوالے سے استحقاق جتلایا جا رہا ہے؟ اگر حالت یہ ہو کہ تین صوبے مل کر بھی کوئی حکومت قائم نہ کر سکتے ہوں اور ان کی حیثیت تابع مہمل کی ہو تو آخر یہ صورتحال کب تک برداشت کی جا سکتی ہے؟ اس لئے پنجاب کا اس کے اصل حجم کی طرف واپس جانا صرف سرائیکیوں ہی کی ضرورت نہیں ہے بلکہ یہ قومی اور ملکی مسئلہ ہے اور اس مسئلہ کو جتنا عرصہ نظر انداز کیا جائے گا احساسِ محرومی سے پیدا شدہ مسائل بڑھتے ہی رہیں گے۔ سرائیکی مسئلے پر آپ کی طرف سے جاری مکالمہ میں کچھ یکسانیت سی آتی دکھائی دے رہی تھی اس لئے آپ نے بعض خطوط درج کرتے ہوئے ان کے بعض حصے چھوڑ بھی دیئے۔ فریقِ ثانی کے اکثر اعتراضات کا جواب کسی نہ کسی حد تک دیا جا چکا ہے (کسی کا مطمئن ہونا یا نہ ہونا شرط نہیں) پھر بھی اس میں کافی گنجائش موجود ہے۔ ایک بات آپ نے بھی فرمائی اور بعض معترضین نے بھی اُسے دہرایا کہ "جنہیں تو بلایا گیا" "اب ہم نے گل و گلزار کر دیا تو انہیں صوبہ یاد آ گیا" اس سلسلے میں میں آپ کی اور دیگر حضرات کی خدمت میں مؤدبانہ عرض کروں گا کہ براہ کرم اس مسئلے کو نہ چھیڑا جائے کیونکہ اس طرح تو پنڈورہ باکس کھل جائے گا اگر ہم نے بھی اسی موقف کو اپنا لیا تو بہت سے لوگ گھاٹے میں رہیں گے۔ ذرا توجہ فرمایئے کہ اگر استحقاق کی بنیاد بلانا ہے تو یہ استحقاق صرف ان لوگوں کو حاصل ہے جنہیں ایک محدود وقت میں بلایا گیا۔ اس وقت کی تحریر بھی آپ نے فرما دی اس کے علاوہ جو لوگ ہیں وہ اپنے استحقاق کی کیا بنیاد بتائیں گے؟ کیا ہم سے یہ کہلوانے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ "جو لوگ فلاں فلاں زمانے میں آئے اُن کے علاوہ لوگ اپنا بستر گول کریں۔" نہیں ہم یہ قطعی نہیں کہیں گے۔ ہم کہتے ہیں، جو ہو چکا سو چکا ہماری غفلت سے ہوا۔ کسی کی

ںکاری سے ہوا اب اس کی کوئی حد مقرر ہونی چاہیے۔ اگر بلائے جانے والوں یالائے جانے والوں کا کوئی استحقاق ہے تو جو لوگ معلوم تاریخ سے اس دھرتی کا حصہ ہیں تو کن کا بھی کوئی استحقاق ہو گا۔ اگر بماریوں کو یہاں لانے سے پہلے ان کی خاطر ماڈل کالونیاں سڑکیں سیوریج جیسی سولیات سے مزین بستیاں بنائی جا سکتی ہیں بلکہ ان کیلئے روزگار کے مواقع بھی ترجیحی بنیادوں پر مہیا کئے جا سکتے ہیں تو مقامی بے زمین لوگوں کیلئے یہ ضروریات کیوں مہیا نہیں کی جا سکتیں؟ ایک طرف غلیظ جوہڑوں کا پانی اور دوسری طرف میوزیکل رنگین فوارے اس تضاد سے کن جذبوں کو ہوا ملتی ہے؟

اس وقت بوسیدہ پیراہن پر وفاقی طرز حکومت مسلط رہے یا ری کنفیڈریشن سسٹم کو موقع دیا جائے یہ یاد رکھنے کی بات ہے۔

۔ کنواں پاک کرنے سے پہلے اس چیز کا نکالنا ضروری ہے جس کی وجہ سے کنواں ناپاک ہوا پوری دنیا اس وقت "ری سینلمنٹ" کے دور سے گزر رہی ہے یہ عمل کہیں بہ رضا اور کہیں بہ اکراہ جاری ہے۔ عقل مند وہ قوم ہے جس نے "کھو کھلی سپر طاقت" بنے رہنے پر تلخ ترین حقیقت کو قبول کیا دنیا دیکھے گی کہ جلد یا بدیر

آملیں گے سینہ چاکان چمن سے سینہ چاک

ہماری بھی یہی خواہش ہے کہ پاکستان میں کوئی کسی کو ظالم ہونے کا طعنہ نہ دے۔ مسائل گھمبیر سہی لیکن ایک مرتبہ بیٹھ کر برابری کی سطح پر انکا حل سوچا جائے۔ قوم کو بتایا جائے کہ "پاکستان کا وفاق بہ رضا قائم ہے بہ اکراہ نہیں"

اپنے حق کے طلب گاروں کو غدار ملک دشمن توسیع پرست وغیرہ کے مکروہ القابات دینے کا سلسلہ بند کیا جائے۔ ان تجربوں کو بار بار نہ دہرایا جائے جن کے زہریلے ذائقے ابھی تک زبان پر ہیں اگر دو جمع دو کا نتیجہ چار تھا تو آج بھی اس کے تین یا پانچ ہونے کی کوئی توقع نہیں ہے۔ اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ سرائیکی صوبے کا قیام (اس کے نام پر ہم کسی تعصب کے شکار نہیں ہیں) یا یوں کہا جا سکتا ہے کہ ایک مزید صوبے کا قیام ملک کیلئے "شاک ابزرور" کا کام دے گا۔ آپ کا شکریہ ادا کرنا ایک روایتی سی بات ہوگی جبکہ حقیقت یہ ہے کہ آپ غیر روایتی شکریہ کے مستحق ہیں۔

خیر اندیش مجیبہ جتوئی

حقائق نہ لکاؤ

صوبہ سرائیکستان بݨاؤ

پاکستان دے استحکام دی خاطر بہوں ضروری اے

ڈاکٹر اسرار احمد

یک نظر ادھر بھی!

بشکریہ "پاکستان اخبار" لاہور

سرائیکی صوبہ اور پنجاب

روزنامہ "پاکستان" کے 8 جون 1992ء میں جناب قاضی جاوید کا مضمون بعنوان "سرائیکی صوبہ اور پسماندگی کی منطق" پڑھا، جس کی حمایت و مخالفت میں کئی دوستوں نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار کیا، جنہیں قاضی جاوید نے اپنے کالم میں من و عن پیش کیا، جو کہ روزنامہ "پاکستان" میں شائع ہو چکے ہیں سرائیکی کاز پر موافق و مخالف آراء سے جذباتی انداز فکر کو الگ کرنے کے بعد جو چیز بچتی ہے، وہ خالص سرائیکی مسائل ہیں، جن میں تعلیم، صحت، مواصلات، بے روزگاری، غربت اور پینے کا صاف پانی سرفہرست ہیں۔ سرائیکی عوام اپنے ان مسائل کا بہرصورت حل چاہتے ہیں۔ البتہ وہ اپنے تشخص، خودداری اور وقار کو داؤ پر لگانا نہیں چاہتے، جبکہ دوسری طرف سرائیکی کاز کے مخالف حضرات اسے روایتاً پاکستان دشمنی اور پنجاب دشمنی گردانتے ہیں، جبکہ مسائل کو حقیقی نظر سے دیکھنے، سمجھنے اور انہیں حل کرنے کی راہیں تلاش کرنے کی ضرورت ہے، لیکن کسی کو وطن دشمن یا پنجاب دشمن کہنے سے نہ تو مسائل حل ہوتے ہیں اور نہ ہی یہ ملک و قوم کی کوئی خدمت ہے۔

یہی وہ طرز فکر ہے، جسے ہم نے مشرقی پاکستان میں اپنایا تھا، جب بڑے فخر سے کہا جاتا کہ مشرقی پاکستان میں مسائل ہیں، وسائل نہیں، ان کے ہر مطالبے کو حقارت سے ٹھکرایا جاتا تھا۔ زبان، آبادی، آئین، صوبائی خودمختاری، طرز حکومت، غرض ہر مسئلے پر ان کے مؤقف کو نظرانداز کرنے کی روایت ڈالی گئی تھی اور پھر ایک دن کچھ بھی نہ بچا۔ یہی طرز عمل اس وقت ہم نے پاکستان میں اپنایا ہوا ہے اور خالص پنجاب کی بالادستی برقرار رکھنے کے لئے ہم ہر جائز و ناجائز کر رہے ہیں، لیکن اس کا انجام کیا ہو گا، یہ سوچنے کی ہم نے کبھی زحمت نہیں کی۔ اب مزید قومیتوں کو جذباتی نعروں اور جھوٹی تسلیوں سے نہیں بہلایا جا سکتا۔ آج مضبوط اور مساوی اقتصادیات ہی قوموں کو متحد رکھ سکتی ہے، وگرنہ تجربہ تو ہم کر چکے ہیں، بنگلہ دیش والے ہر طرح سے مسلمان تھے۔ جذباتیت کی بنیاد پر سرائیکی زبان کے الگ تشخص تک سے انکار کیا جا رہا ہے اور نادان دوست پنجابی کے 22 لہجوں میں سے سرائیکی کے ایک ہونے کا راگ الاپ رہے ہیں اور تاریخی حقائق سے سراسر چشم پوشی کی جا رہی ہے۔

آج سرائیکی عوام کی اکثریت کو پینے کا صاف پانی مہیا نہیں، صحت اور تعلیم کا کوئی تسلی بخش انتظام نہیں، بے روزگاری ہے، اوپر سے صحت کو پرائیویٹ کرنے کی نوید دی جا رہی ہے، مواصلات کا کوئی مؤثر انتظام نہیں، جبکہ سرائیکی علاقہ پیداوار میں بقایا پنجاب سے کسی طرح کم نہیں، نہ ہی سرائیکی عوام محنت سے جی چراتے ہیں، خلیجی ریاستوں میں سرائیکی عوام کی اچھی خاصی اکثریت محنت مزدوری کر کے اپنے ملک کے زرمبادلہ میں خاطر خواہ اضافہ کا موجب ہے۔

پنجاب کو اپنا انداز فکر بدلنا چاہئے، انہیں اپنے آگے پیچھے دائیں بائیں دیکھنا چاہئے۔ آج سندھ میں جو کچھ ہو رہا ہے، یہ سب کچھ وہاں کی ناہموار اقتصادی پالیسیوں ہی کا نتیجہ ہے، یا کم از کم ایک مؤثر عنصر ضرور ہے، اس وقت پنجاب کی 63 فیصد آبادی بقایا تینوں صوبوں کی مجموعی آبادی سے بھی زیادہ ہے اور پنجاب کا بالادست طبقہ، فوج اور بیوروکریسی چاہتی ہے کہ ہر صورت میں پنجاب کی بالادستی کو قائم رکھا جائے اور اسے ایک "جن" یا "دیو" بنائے رکھا جائے۔

